پھول بن

سلسلۂ یوسفیہ

شمارہ (۳)

پھول بن

سنہ ۱۰۷۶ھ

از

ابن نشاطی

مرتبہ

عبدالقادر سروری ایم اے ال ال بی

لیکچرار اردو جامعہ عثمانیہ

سنہ ۱۳۵۵ھ

ہر دو ٹائٹل مطبوعہ تاج پریس

قیمت — معہ/

مجلس اشاعتِ دکنی مخطوطات

سرپرست

عالیجناب نواب سالار جنگ بہادر

۱۔ مولوی سید محمد اعظم صاحب ام، اے۔ بی ایس۔ سی۔ (کینٹب) پرنسپل سٹی کالج — صدر

۲۔ ڈاکٹر سید محی الدین قادری صاحب ام، اے۔ پی، ایچ، ڈی (ریڈر اردو جامعہ عثمانیہ) — نائب صدر

۳۔ مولوی مرزا حسین علی خاں صاحب بی، اے (آنرز) پروفیسر انگریزی پروویسٹ جامعہ عثمانیہ — رکن

۴۔ مولوی عبد المجید صاحب صدیقی ام، اے۔ ال ال بی۔ (لکچرار تاریخ جامعہ عثمانیہ) — ''

۵۔ مولوی عبد القادر سروری صاحب ام، اے۔ ال ال بی۔ (لکچرار اردو جامعہ عثمانیہ) — ''

۶۔ مولوی سید محمد صاحب ام، اے۔ (لکچرار اردو سٹی کالج) — معتمد

۷۔ مولوی میر سعادت علی صاحب ام، اے۔ — شریک معتمد

اُردو یا ہندستانی کی ابتدائی تاریخ اور اس کے قدیم شعرا و مصنفین کے حالات و مقالات ایک عرصۂ دراز تک بالکل تاریکی میں رہے اور عام طور پر یہی سمجھا جاتا تھا کہ وؔلی اورنگ آبادی جو گیارھویں صدی ہجری کے رُبع آخر میں گزرے ہیں، اس زبان کے سب سے پہلے شاعر تھے بلکہ بعض متاخر تذکرہ نویسوں نے ان کے کلام کو بھی جس میں قدیم زبان کی بہت زیادہ جھلک پائی جاتی تھی ٹکسال باہر قرار دے کر دلّی کے ان شعرا کو، جنھوں نے وؔلی کی تقلید میں فارسی کی بجائے اُردو میں شعر کہنا شروع کیا تھا، اُردو کے اولین شعرا قرار دیا ہے۔ لیکن حالیہ تحقیقات نے اس حقیقت کو روزِ روشن کی طرح ثابت کر دیا ہے کہ وؔلی اورنگ آبادی سے کئی سو برس پہلے اُردو زبان کی بُنیاد پڑ چکی تھی، اور دکن کی قدیم اسلامی سلطنت بہمنیہ کے

آخری زمانے میں اور اس کے بعد اس کی جانشین ریاستوں یعنے قطب شاہی اور عادل شاہی، کے عہد میں اس زبان نے اس قدر ترقی کر لی تھی کہ نہ صرف عام بول چال اور تبادلۂ خیال کے لیے استعمال کی جاتی تھی بلکہ اس میں نظم و نثر کی متعدد اعلیٰ درجے کی کتابیں بھی لکھی گئیں بخصوصاً قطب شاہی اور عادل شاہی خاندانوں کے علم دوست اور سخن گستر بادشاہوں کی خاص سرپرستی نے اس کی ترویج و ترقی کی رفتار بہت ہی تیز کر دی، اور ان کی شخصی دلچسپی سے جن میں بعض مثلاً محمد قلی قطبشاہ بانی شہر حیدر آباد خود اعلیٰ درجے کے شاعر تھے، اس زمانے میں بہت سے بلند پایہ شعرا و مصنفین پیدا ہوئے۔ ان ریاستوں کی تباہی کے بعد اُردو زبان کی تیز رفتار ترقی ایک عرصے کے لیے کچھ رُک سی گئی، اور پھر سرکار دربار میں کچھ مدت کے لیے فارسی کا دور دورہ قائم ہو گیا، لیکن باوجود شاہی سرپرستی سے محروم ہونے کے اردو زبان اپنی فطری موزونیت کے سبب برابر بڑھتی اور ترقی کرتی رہی اور رفتار زمانہ کے ساتھ ساتھ اس میں بہت سی تبدیلیاں ہوتی رہیں۔

اگرچہ محققین کی تحقیقاتی مساعی کی بدولت اُردو زبان و ادب کی قدامت مُسلم ہوگئی ہے لیکن ان قدیم شاعروں اور نثر نویسوں کے گراں پایہ ادبی کارنامے جن پر اس زبان کی تمام تر ترقیوں کی بُنیاد قایم ہے اور جن کے مطالعے سے ہم نہ صرف اپنے قدما کے افکار و خیالات اور اسالیب بیان سے لُطف اندوز ہو سکتے ہیں بلکہ

اپنی گزشتہ عظمت سے بھی آگاہی حاصل کرسکتے ہیں، اب تک گوشۂ گمنامی میں پڑے ہوئے تھے، پیوستہ سال سٹی کالج میں دو صد سالہ جشنِ یادگار ولی کے موقع پر "دکن کے مخطوطات" کی جو نمایش منعقد کی گئی تھی، اس سے معلوم ہوا کہ کتنے ہی انمول جواہر پارے ایسے ہیں جن کی اشاعت سے نہ صرف اردو ادب کے ذخیرے میں ایک بیش قیمت اضافہ ہوگا، بلکہ ان سے اردو ادب کی ابتدائی ترقیوں، اس زبان کی عہد بہ عہد تبدیلیوں اور عہد گزشتہ کی تہذیب و تمدن کے متعلق نہایت کار آمد معلومات حاصل ہونگی۔ نیز اس عہد کی کتابوں کے مطالعے سے یہ حقیقت بھی آشکار ہوتی ہے کہ ابتدائی اردو میں عربی اور فارسی کے الفاظ کے ساتھ ہندی کے الفاظ بھی برابر کے شریک تھے جو بعد کو رفتہ رفتہ زبان سے خارج ہوگئے۔ موجودہ زمانے میں بیرونی زبانوں کے غیر ضروری الفاظ اردو سے خارج کرکے اس کو خالص ہندستانی بنانے کی جو کوشش کی جارہی ہے اس کے مدنظر بھی ان کتابوں کی اشاعت بہت ہی کارآمد ثابت ہوگی۔ ان کے مطالعے سے اہل ذوق یہ معلوم کرسکینگے کہ کس طرح ہندی اور سنسکرت کے الفاظ بھی اردو کی خراد پر چڑھ کر اردو یا ہندستانی زبان کا جز بن سکتے ہیں۔

حسنِ اتفاق سے حیدرآباد کے مشہور علم دوست امیر عالیجناب نواب سالار جنگ بہادر مدفیوضہ، نے بھی جو جشن یادگار ولی کے صدر نشین تھے اس اہم ضرورت کو محسوس فرمایا

اور اپنے خطبۂ صدارت میں بدیں الفاظ توجہ دلائی :۔

"اس اہم اور دلچسپ کام کو اس تقریب کے ساتھ ختم نہ ہونا چاہیے۔ بلکہ مناسب یہ ہے کہ اس دو صد سالہ جشن ولیؔ کی یادگار میں کوئی مستقل کام آغاز کیا جائے۔ میرے خیال میں اس سے بڑھ کر کوئی اچھا کام نہیں ہو سکتا کہ ولیؔ کے معاصرین اور ان سے پہلے کے شاعروں اور صاحبانِ تصانیف کی اُردو کتابیں مرتب اور شایع کی جائیں۔ ولیؔ سے پہلے بھی ہمارے ملک میں بڑے بڑے شاعر اور انشا پرداز پیدا ہو چکے ہیں۔ خود طبقۂ فرماں روایان میں محمد قلی قطب شاہ اور علی عادل شاہ بلند پایہ شاعر تھے۔ پھر ان کے دربار کے ملک الشعرا وجہیؔ، غواصیؔ، نصرتیؔ، رستمیؔ، وغیرہ ولیؔ سے کم نہ تھے۔ اور چونکہ ولیؔ سے بہت پہلے گزرے ہیں اس لیے ان کے کلام اور بھی زیادہ قابل قدر ہیں۔ بہر حال اس اہم کام کی تکمیل کے لیے ایک جماعت منتخب کر لینی چاہیے۔"

نواب صاحب ممدوح نے قدر شناسی سے یہ بھی فرمایا کہ :۔

"مسرت کا مقام ہے کہ خود ہمارے ملک میں اب ایسے اصحاب موجود ہیں کہ ان قدیم کتابوں کے کلام اور زبان کو سمجھ کر ان کو جدید طریقوں پر مرتب کر کے

شایع کرسکتے ہیں۔ میں بھی اس مبارک اور اہم کام میں اس جماعت کا ہاتھ بٹانے تیار ہوں"

چنانچہ نواب صاحب معز کی اس علمی سرپرستی اور اعانت سے حسب ارشاد گرامی راقم کی صدارت میں حسب ذیل اصحاب کی ایک کمیٹی "مجلس اشاعت مخطوطات" کے نام سے قائم کی گئی اور قدیم ادبی جواہر پاروں کا ایک تفصیلی جائزہ لے کر ان کی اشاعت کے ابتدائی مراحل طے کیے گئے۔

(۱) ڈاکٹر سید محی الدین قادری صاحب زور ام۔ اے۔ پی ایچ ڈی (ریڈر اردو جامعہ عثمانیہ) نائب صدر

(۲) مولوی مرزا حسین علی خاں صاحب بی اے (آنرز) (صدر شعبۂ انگریزی جامعہ عثمانیہ) رکن

(۳) مولوی عبدالمجید صاحب صدیقی ام، اے۔ ال ال بی۔ (لکچرار تاریخ جامعہ عثمانیہ) "

(۴) مولوی عبدالقادر سروری صاحب ام، اے ال ال بی۔ (لکچرار اردو جامعہ عثمانیہ) "

(۵) مولوی سید محمد صاحب ام، اے۔ (لکچرار اردو سٹی کالج)..... معتمد

(۶) مولوی میر سعادت علی صاحب رضوی ام، اے۔ .... شریک معتمد

علمی نقطۂ نظر سے قدیم کتابوں کی اشاعت آسان اور ہر شخص کے بس کا کام نہیں۔ جن لوگوں کو اس سے سابقہ پڑا ہے وہ اچھی طرح اس حقیقت سے واقف ہیں کہ اس کام میں کس قدر دشواریاں پیش آتی ہیں۔ مختلف نسخوں کے باہمی مقابلے اور تصحیح کے علاوہ

بعض دفعہ ایک ایک لفظ کے لیے کئی کئی روز چھان بین کرنی پڑتی ہے، اور بظاہر یہ مثل صادق آتی ہے کہ "کوہ کندن وکاہ برآوردن"۔ نسخے اکثر بدخط اور بعض غلط در غلط بھی ہوتے ہیں۔ ان تمام مراحل کو صبر وسکون اور محنت وہمت سے طے کرنے کے بعد کتاب قابل اشاعت بن سکتی ہے۔ مجلس ہذا کے مستعد اور علم دوست ارکان نے جس محنت اور توجہ سے اس ہفت خوان ادب کو طے کیا ہے وہ ان کی مساعی کے نتائج سے ظاہر ہے اور توقع ہے کہ وہ ارباب ذوق کی پسندیدگی حاصل کرینگے۔

ڈاکٹر سید محی الدین قادری صاحب نے سلطان محمد قلی قطبشاہ کے نہایت ضخیم کلیات کی ترتیب کے صبر آزما کام کو اپنے ذمے لینے کے علاوہ مجلس کا مختلف طریقوں سے جو ہاتھ بٹایا ہے اس کا اعتراف نہایت ضروری ہے۔

یہ پیش لفظ نامکمل رہ جائیگا اگر میں عالیجناب نواب سالار جنگ بہادر کی فیاضی سے کہیں زیادہ اس ذاتی دلچسپی اور توجہ کا شکریہ ادا نہ کروں جو نواب صاحب ممدوح نے شروع ہی سے مجلس کے کاروبار میں فرمائی ہے فی الحقیقت نواب صاحب کے اس انہماک اور سرپرستی کے بغیر یہ مشکل کام انجام نہیں پا سکتا تھا۔

سید محمد اعظم

فہرست مشتملات

مقدمہ

KUTUB KHANA
JALALI BOOKS
JALALI

KUTUB KHANA
JALALI BOOKS
JALALI

(۱)

دکن میں اُردو مثنوی کا ارتقاء

اردو مثنوی اور اصناف کی طرح اپنی ایک تاریخ رکھتی ہے۔ اس کی مقبولیت، اس کی خصوصیات اور اس کے لوازم مختلف زمانوں میں کچھ نہ کچھ بدلتے رہے ہیں۔ اس کا پورا سرمایہ کم و بیش چار سو سال کی پیداوار پر حاوی ہے۔

مثنوی کو دوسری اصناف کے مقابلہ میں علیحدہ جانچنے کی بعض وقت ضرورت اور خواہش اس وجہ سے داعی ہوتی ہے کہ یہ صنف چند معین خیالات کے اظہار کا آلہ رہی ہے۔ چنانچہ اس کی اصطلاحی آسانیوں کی وجہ سے ابتدا میں صوفیائے کرام نے اس کو ذریعہ بنایا تھا۔ بعد میں جب یہ زیادہ ادبی بن گئی تو قصے کے ساتھ اس کا پیوند لگا۔ اس کے بعد ایک زمانہ اس پر ایسا بھی آیا کہ یہ کسی قدر کم طویل قصوں یا مرقع کی نظموں کی صورت میں فروغ پاتی رہی۔ موجودہ زمانے میں یہ صنف، ظاہری شکل اور معنوی خصوصیات ہر اعتبار سے بہت کچھ

بدل گئی ہے۔

اس طرح اردو مثنوی کی پوری ارتقائی رفتار کو ہم چند ادوار میں تقسیم کر سکتے ہیں۔ مثلاً (۱) ابتدائی عہد کے مثنوی پارے، جو زیادہ تر صوفیائے کرام کے رشحات پر مشتمل ہیں۔ یہ موجودہ رسم الخط میں لکھی ہوئی ایسی بھاشا کے نمونے ہیں جن میں عربی اور فارسی کے الفاظ بھی موجود ہیں۔ ان کی بحریں عموماً برج کی ہیں۔ اور یہ منتشر پارے ساتویں صدی ہجری کے نصف آخر سے لے کر دسویں صدی ہجری کے زمانہ پر حاوی ہیں۔ دوسرا دَور ابتدائی مکمل اور طویل مثنویوں کا ہے۔ اس میں پنجاب گجرات اور بیجاپور کے ابتدائی دَور کے چند کارنامے شامل ہیں۔ اور یہ تقریباً سب کے سب ارشاد و ہدایت اور تصوف و عرفان کے حامل ہیں ان میں قابلِ ذکر گجرات کے حضرت خوب محمد چشتی کی مثنوی "خوب ترنگ" اور بیجاپور کے ایک نہایت مقدس بزرگ حضرت شاہ میراں جی شمس العشاق اور ان کے خاندان کے ملفوظات ہیں، جو نظم اور نثر دونوں پر مشتمل ہیں۔ اسی دور میں اردو مثنوی کا حقیقی ڈول ڈالا گیا۔ اور اس کے آخری زمانے کا تعلق دکن اور خاص طور پر بیجاپور سے ہے۔

دکن میں مثنوی کا ارتقاء ڈھائی سو سال سے زیادہ مدت پر حاوی ہے۔

حضرت شاہ میراں جی کی وفات ۹۰۲ھ میں ہوئی - آپ کے زمانے سے لے کر
۱۱۶۰ھ، یعنے حضرت شاہ سراج الدین سراج اورنگ آبادی کی مثنوی
"بوستانِ خیال" کی تحریر تک، مثنوی کو مسلسل اور خاطر خواہ ترقی ہوتی رہی۔
اس ڈھائی سو سال کے طویل عرصہ کی پیداوار کو ہم کم سے کم تین عنوانات
میں تقسیم کر سکتے ہیں - پہلا عنوان - عہدِ زرین کی مثنویاں - دوسرا عنوان
عہدِ مغلیہ کی مثنویاں اور تیسرا عنوان آصفجاہی عہد کی دکنی مثنویاں ہو سکتا ہے۔
اس طرح پہلا عنوان، اردو مثنوی کے ارتقا کا گویا تیسرا باب ہوگا - اور دوسرا
اور تیسرا عنوان بہ ترتیب، چوتھا اور پانچواں باب -

حضرت شاہ میراں جی شمس العشاق، کی ولادت مکہ معظمہ میں ہوئی تھی
آپ اوائل عمر میں ہندوستان تشریف لائے اور بیجاپور کو اپنا مستقر بنایا۔
آپ کے علم و فضل، تقدس اور سیرت کے اثرات نے، ارادت مندوں کا
ایک بڑا گروہ آپ کے اطراف جمع کر دیا تھا - چونکہ ان میں سے اکثر
عربی زبان سے ناواقف اور فارسی سے بھی کچھ زیادہ مانوس نہیں تھے
اس لیے، آپ نے خود ان کی زبان سیکھی اور اس میں ارشاد و ہدایت فرمائی۔
یہ ملفوظات آپ کے مریدین اور معتقدین نے عوام کے فائدہ کی خاطر لکھ لیے۔

اس وقت اسی طرح کے کئی مخطوطے دستیاب ہوتے ہیں، جو اسی یا قریبی زمانہ کے لکھے ہوئے ہیں، اور نظم و نثر دونوں پر مشتمل ہیں۔

نظموں میں آپ کی مثنویوں "خوش نامہ" اور "خوش نغز" کے علاوہ کئی اور چھوٹی چھوٹی مثنویاں شامل ہیں۔ ان کے اقتباسات، موجودہ زمانہ کی اکثر ایسی کتابوں میں شایع ہو چکے ہیں، جو اس دور سے متعلق ہیں۔

حضرت شاہ میراں جی کے فرزند، حضرت شاہ برہان الدین جانم بھی بڑے پایہ کے بزرگ تھے۔ آپ کے ملفوظات میں، "سکھ سہیلا" "منفعت ایمان" اور "ارشاد نامہ" وغیرہ اب منظرِ عام پر آچکے ہیں۔ اسی طرح حضرت شاہ برہان الدین جانم کے فرزند حضرت شاہ امین الدین اعلیٰ کے ملفوظات میں بھی کئی نظمیں اور کسی قدر طویل مثنویاں شامل ہیں۔ ان میں "رموز السالکین" "نظم وجودیہ" "نظم قربیہ" "محب نامہ" قابلِ ذکر ہیں۔ اس خاندان کے ارشادات تمام تر مذہبی اور متصوفانہ خیالات پر مشتمل ہیں۔

اسی طرح کے اور بھی نظم و نثر کے رسالے موجود ہیں، جو صوفیائے کرام کے ملفوظات پر مشتمل ہیں۔ یہ رسالے زیادہ تر بیجاپور کے ابتدائی چار حکمرانوں کے عہد سے متعلق ہیں۔

دکن کی ادبی تاریخ میں بیجاپور کے ابراہیم عادل شاہ ثانی (۹۸۸ تا ۱۰۳۷ھ) اور گولکنڈہ کے محمد قلی قطب شاہ (۹۸۸ تا ۱۰۲۰ھ) کے عہد کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ ان دونوں سلاطین کی سرپرستی میں، ادبی ذوق کی ترقی شروع ہوئی اور بلند پایہ شعرار نشوونما پانے لگے۔ ان میں محمد قلی کے درباری شاعر وجہی کو غیر معمولی شہرت حاصل ہے، جس کی مثنوی "قطب مشتری" (۱۰۱۷ھ) عمدہ شعری کارنامہ ہے۔ وجہی کے بعد اس فن کو سب سے زیادہ ترقی عبداللہ قطب شاہ (۱۰۳۵ تا ۱۰۸۳ھ) کے عہد کے مشہور شاعر غواصی نے دی۔ غواصی کی دو مثنویاں "سیف الملوک و بدیع الجمال" (۱۰۳۵ھ) اور "طوطی نامہ" (۱۰۵۹ھ) قدیم اردو کے ترقی یافتہ اور بسیط شعری کارنامے ہیں۔ اس نے اردو مثنوی کو جس معیار تک پہنچا دیا تھا، وہ بعد کے شعرار کے لیے نمونہ بن گیا۔

مقیمی جو اسی عہد کا شاعر ہے اور بیجاپور کے ابتدائی ادبی مثنوی نگاروں میں سے ہے، اپنے آپ کو غواصی کا خوشہ چیں بتلاتا ہے۔ اس کی مثنوی "چندر بدن اور مہیار" جو ۱۰۵۰ھ سے قبل لکھی گئی ہے، ادبی اعتبار سے زیادہ اہمیت تو نہیں رکھتی، لیکن اس کا قصہ عرب کے لیلے مجنوں کے

قصے کی طرح بے حد مشہور ہے۔

مقیمی کے زمانے سے مثنوی لکھنے کا طریقہ بیجاپور میں عام ہو گیا۔ اب مذہبی مثنویوں کے بجائے ادبی مثنویاں لکھی جانے لگیں۔ چنانچہ امین نے جو مقیمی ہی کا معاصر اور ہم وطن تھا، اس کے اثر سے فارسی کے ایک قصے کا ترجمہ "بہرام وحُسن بانو" کے نام سے کیا۔ لیکن اس کی تکمیل وہ نہ کرسکا۔ اور بعد کے ایک بیجاپوری شاعر دولت نے ۱۰۵۰ھ میں اس کی تکمیل کی۔

مقیمی تک زیادہ تر اردو مثنویوں کا مواد یا تو طبعزاد ہوتا تھا یا برج بھاشا سے ماخوذ۔ صرف محمد قلی کے زمانے کے ایک شاعر، احمد نے فارسی سے استفادہ کرکے "لیلی مجنوں" لکھی تھی۔ لیکن "بہرام اور حسن بانو" کے بعد سے جو مثنویاں اردو میں لکھی جانے لگیں ان میں زیادہ تر فارسی مثنویوں سے استفادہ کیا گیا۔ چنانچہ اس زمانے میں محمد عادل شاہ کے دربار کے ایک شاعر صنعتی نے ۱۰۵۵ھ میں حضرت تمیم انصاری صحابی رسولؐ کی مہمات کے ایک قصے "قصۂ بے نظیر" کا ترجمہ کیا۔ اور اس کے دوسرے سال اسی کے ہم وطن شاعر، ملک خوشنود نے "ہشت بہشت" کو اردو نظم کا جامہ پہنایا۔ ۱۰۵۹ھ میں

ابن نشاطی

بیجا پور ہی کے ایک اور شاعر، کمال خاں رستمی نے ابن حسام کے مشہور فارسی رزمیہ "خاور نامہ" کو نظم کیا۔ یہ اردو کی پہلی قابلِ ذکر رزمیہ مثنوی ہے۔ نہ صرف اس لحاظ سے بلکہ بیان اور زورِ قلم کے اعتبار سے بھی یہ کارنامہ قابلِ قدر ہے۔

"خاور نامہ" کے بعد جو مثنوی لکھی گئی وہ گولکنڈہ کے شاعر، جنیدی کی "ماہ پیکر" (۱۰۶۴ء) ہے۔ لیکن اس کا مخطوطہ اب نایاب ہے۔ اس کا ذکر مختلف حوالوں کی کتابوں میں ملتا ہے۔ اس کے بارہ سال بعد گولکنڈے کا ایک اور شہ کار لکھا گیا یہ ابن نشاطی کی مثنوی "پھولبن" ہے۔ جو اس میں شک نہیں کہ ایک فارسی مثنوی کا ترجمہ ہے۔ لیکن آزاد۔ چنانچہ اس میں جگہ جگہ، ماحول اور عہد کے اثرات نمایاں ہیں۔ غواصی کے بعد یہ دوسرا بڑا، اور اسی کی ٹکر کا شاعر تھا۔ جس نے مثنوی کے معیار کو اسلوب اور تکمیل کی حد تک بلند کیا بعد کے شاعروں نے، غواصی کی طرح، اس کے کارنامے کو نمونہ بنایا۔ چنانچہ ہنر فرزند عشرتی، کی مثنوی "نیہ درپن" (۱۰۷۶ء) میں اس کے ثبوت ملتے ہیں۔

بیجاپور میں علی عادل شاہ ثانی کے عہد تک اُردو شاعری کا ذوق خاطر خواہ ترقی کر چکا تھا۔ چنانچہ خود اس کے دربار نے ملک الشعراء

نصرتی جیسے زبردست سخن پردازوں کی پرورش کی۔ نصرتی بیجاپور کے لازوال شعراء میں شمار ہوتا ہے۔ اس کی مثنویوں میں سے ایک "گلشن عشق" جو ۱۰۶۸ھ میں لکھی گئی، ہندوستان کے مشہور قصے "منوہر مدمالتی" کی عشقیہ داستان ہے اس کی دوسری مثنوی "علی نامہ" رزمیہ اور تاریخی مثنوی ہے۔ اس میں علی عادل شاہ اور مرہٹوں وغیرہ کی جنگوں کے حالات نہایت تفصیل سے پیش کیے گئے ہیں۔ لفظیات کے اعتبار سے "علی نامہ" کی وسعت کو اُردو کے بہت کم کارنامے پہنچ سکتے ہیں۔ نصرتی کے اسلوب میں ادبیت اور لطف بھی موجود ہے۔ وہ جنگوں کے نقشے نہایت عمدگی سے اور حقیقی پیش کرسکتا تھا۔ "علی نامہ" کی تکمیل ۱۰۷۶ھ میں ہوئی۔ اس عہد کی آخری مثنویوں کے ذکر سے پہلے، گولکنڈہ کی ایک اور مثنوی "بہرام وگل اندام" کا تذکرہ ضروری ہے جو ۱۰۸۱ھ میں لکھی گئی۔ یہ بہت زیادہ اہم کارنامہ نہیں ہے۔ تاہم غواصی اور ابن نشاطی کے دبستان کی تمام خوبیوں اور خصوصیات کا حامل ہے۔

دوسری مثنوی "ظفر نامہ نظام شاہ" ایک رزمیہ ہے جو تاریخی اہمیت رکھتا ہے۔ اس میں رام راجہ سے دکن کی دوسری سلطنتوں کی جو جنگ ہوئی تھی، اس کا شاعرانہ حال درج ہے۔ اس کا مصنف حسن شوقی، بلند پایہ شاعر تھا۔

جس کو پہلے، نظام شاہی دربار (احمد نگر) سے توسل رہا۔ پھر وہ بیجاپور آیا۔ آخر میں محمد قطب شاہ کے زمانہ میں گولکنڈہ آگیا تھا۔ اس کی ایک اور مثنوی "میزبانی نامہ" بھی ہے۔

نصرتی کے بعد، سوائے ہاشمی کے بیجاپور میں ایسے بلند پایہ شاعر کم پیدا ہوئے، جن کے کارنامے دیرپا دلچسپی کے حامل ہوں۔ صرف شاہ ملک کا ذکر اس کی ضخیم مثنوی "تربیت نامہ" کی وجہ سے کیا جاتا ہے۔ یہ مثنوی [illegible]ھ میں لکھی گئی تھی۔ ہاشمی وسیع دلچسپیوں کا انسان تھا۔ عادل شاہی سلطنت کے زوال کی وجہ سے زمانہ بھی بدل چکا تھا، اس لیے اس نے اپنی شاعری میں عام راستہ سے تجاوز کیا اور ریختی اور غزل پر توجہ صرف کی۔ اس دور میں دکن کی آخری مثنویاں زیادہ تر گولکنڈہ میں لکھی گئیں۔ چنانچہ امین، غلام علی، فائز، اور لطیف، جن کی تصنیفات سنہ ۱۰۹۰ھ سے لے کر سنہ ۱۱۰۰ھ کے زمانہ پر حاوی ہیں، سب گولکنڈہ ہی سے تعلق رکھتی ہیں۔

امین، حضرت عمر کے فرزند ابوشحمہ کے متعلق ایک فرضی قصے کا مصنف ہے، جو ۱۰۹۰ھ میں لکھا گیا ہے۔ اس کے ایک سال بعد غلام علی نے "پدماوت" کے قصہ کو منظوم کیا۔ اس کا ماخذ فارسی سے زیادہ ہندی قصہ

نفا - فائز، "رضوان شاہ روح افزا" (۱۰۹۴ھ) کا مصنف ہے۔ لطیف نے ایک رزمیہ مثنوی لکھی ہے جو "ظفر نامہ" کے نام سے موسوم ہے۔ اس میں "خاور نامہ" کا زور بیان اور "علی نامہ" کا لطف موجود نہیں ہے۔

۱۱۰۰ھ کے قریب دو ڈھائی سال کے اندر اندر بیجاپور اور گولکنڈے کے ادبی اور علمی مرکزوں کا خاتمہ ہو گیا۔ وہ علما اور خاص طور پر اردو زبان کے شاعر، جو عادل شاہی اور قطب شاہی سلاطین کی سرپرستی میں اپنے ذوق کی تکمیل میں منہمک تھے، منتشر ہونے لگے۔ کیونکہ ان سلاطین کے جانشین یعنی مغلیہ امراء کو اردو شاعری کا چسکا ابھی نہیں لگا تھا۔ شہنشاہی احساس کے ساتھ فطرتاً وہ شہنشاہی دربار کی ادبی روایات اپنے ساتھ لائے تھے۔ تاہم اردو شاعروں کے قدم اکھڑے تو اس سرزمین میں فارسی شعراء کے قدم بھی نہ جم سکے۔ اردو شعراء ہی نے دکن کے اگلے ادبی روایات کا تسلسل قائم رکھا۔ لیکن یہ خود منتشر ہو گئے تھے ان کی شعری پیداوار کی یکسانیت منتشر ہو گئی اور یہ خصوصیت ان کے کارناموں سے ظاہر ہے۔ چنانچہ دکن میں مغلوں کے تسلط کے بعد جو کارنامے ہمارے سامنے آتے ہیں، وہ بڑی حد تک ان کے پیدا کرنے والوں کی ذہنی حالت کا عکس پیش کرتے ہیں۔ اس زمانے کی شعری پیداوار کو ہم چار شعبوں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔

(۱) مرثیے (۲) مذہبی نظمیں (۳) متصوفانہ نظمیں (۴) نیم مذہبی نظمیں۔

دکن کے شعرا نے مرثیہ کے لیے متنوع شعری صنفوں کا استعمال کیا ہے لیکن اس طرز کا زیادہ کلام قافیہ کی ترتیب میں قصیدے کی شکل رکھتا ہے۔ اس لیے یہ ہمارے دائرہ سے باہر ہے۔ دوسری قسم کی نظموں میں، ولی ویلوری کی "روضۃ الشہدا" (سنہ ۱۱۳۰ھ) ضعیفی کی "ہدایت ہندی" ذوقی کی "وصال العاشقین" جیسی طویل مذہبی نظمیں شامل ہیں۔ اس دور میں تیسری قسم کی نظمیں بہت زیادہ مقبول ہوئیں۔ ان میں سب سے پہلے قاضی محمد محمود بحری کی "من لگن" کا ذکر ضروری ہے۔ بحری اصل میں بیجاپور کے رہنے والے تھے بیجاپور کی شکست کے بعد یہ حالِ تباہ گولکنڈہ پہنچے۔ دو سال بعد، گولکنڈہ کی سلطنت کا سایہ بھی سر سے جاتا رہا۔ "من لگن" تصوف کی قدیم نظموں میں خاص اہمیت رکھتی ہے یہ اور۔ حدی کی "پنچھی باچھا" جو "منطق الطیر" کا ترجمہ ہے، بہت پڑھی جاتی تھیں۔ ان کے علاوہ عشرتی کی متصوفانہ نظمیں "چیت لگن" اور "دیپک پتنگ" بھی کافی مقبول تھیں۔

نیم مذہبی نظموں میں محمد علی عاجز کے قصے قابلِ ذکر ہیں۔ ان میں فقہ، عقائد وغیرہ کے مسائل کو قصے کے پیرایہ میں بیان کیا جاتا تھا۔ اِن قصوں

کو بھی اپنے زمانہ میں کافی مقبولیت حاصل رہی۔

دکن میں مثنوی کی ترقی کا آخری زمانہ' آصفجاہی سلطنت کے قیام کا ابتدائی دور ہے۔ یہ ایک عبوری زمانہ ہے' جس میں قدیم خیالات اور قدیم روایات کی کچھ تو شکست وریخت ہوئی اور کچھ نئی تعمیر شروع ہوئی۔ زبان اور خیال کے سانچوں کے لحاظ سے' اس دور سے بڑا انقلاب رونما ہونے لگا۔

اس دور کا سب سے بڑا شاعر' ولی ہے۔ جس نے اپنی شاعری میں نئے ماحول اور بدلے ہوئے مذاق کو سب سے زیادہ جگہ دی۔ اس کے بعد، شعراء کو اس کے نقشِ قدم پر چلنا آسان ہوگیا۔ مثنوی کی حد تک ولی کا کوئی بڑا کارنامہ نہیں۔ اس نے صرف دو تین چھوٹی چھوٹی مثنویاں لکھیں۔ ان میں سے دو بزرگوں کی تعریف میں ہیں۔ مگر ایک مثنوی جو تیس پینتیس شعر کی ہے' نہایت اہم ہے۔ اس مثنوی کا عنوان "مثنوی در تعریف سورت" ہے۔ یہ اگلی تمام مثنویوں کے مقابلہ میں جداگانہ نوعیت رکھتی ہے اس وقت تک اردو میں مثنوی مرقع نگاری کے لیے استعمال نہیں ہوئی تھی۔ ابتدائی چھوٹی چھوٹی مثنویاں متصوفانہ تھیں۔ بعد میں وجہی کے زمانہ سے اس میں قصے

لکھے گئے - کچھ رزمیہ مثنویاں بھی لکھی گئیں - عربی شعراء اس نوع کے خیالات کے لیے، قصیدہ کا استعمال کرتے تھے - فارسی شعراء نے بھی انہیں کی پیروی کی - ولی کے اثر سے، جب دہلی میں اردو شاعری کو فروغ ہوا تو ابتدائی زمانہ کے شعرائ جیسے شاہ حاتم اور آبرو نے ولی کی اسی مثنوی کی پیروی کی - میر تقی میر کے سامنے یہ نمونے تھے - اس لیے ان کی وہ مثنویاں جو فارسی کی تقلید میں نہیں لکھی گئی ہیں، اسی طرز کی ہیں - فارسی کی قصہ دار مثنویوں کے نمونے پر میر نے جو مثنویاں لکھیں وہ، ابتدائی نوعیت کی ہیں -

ولی کے بعد دکن میں دونوں طرح کی مثنویاں رائج ہوگئیں - خود ان کے جانشین، حضرت شاہ سراج الدین سراج اورنگ آبادی نے، ایک طویل مثنوی "بوستانِ خیال" کے علاوہ کئی چھوٹی چھوٹی مثنویاں بھی لکھیں، جو متصوفانہ خیالات سے مملو ہیں - سراج کی طویل اور قصہ دار مثنوی "بوستانِ خیال" اس دبستان کی دکنی مثنویوں کا سب سے بہتر کارنامہ ہے، اور اُردو کی تمام مثنویوں میں اس کا درجہ "سحر البیان" کے بعد ہے - انداز بیان، صداقت جذبات، تکمیل اور شعری خوبیوں کی بدولت "بوستان خیال" ہر زمانہ میں قدر کی نظر سے دیکھی جائیگی -

بوستانِ خیال" کے بعد، دکن میں مثنوی نگاری کے ذوق پر تنزل طاری ہونے لگا۔ تاہم اس آخری دور میں بھی دو تین مثنویاں ایسی لکھی گئیں، جن کی ادبی اہمیت کبھی کم نہیں ہو سکتی۔ ان میں سب سے پہلے قابلِ ذکر لالہ لچھمی نارائن شفیق اورنگ آبادی کی "تصویر جاناں" ہے۔ جو قصے کی ندرت اصلیت اور ادبی معیار کی بلندی کے باعث اردو کی بہترین مثنویوں میں شمار کی جا سکتی ہے۔ دوسری مثنوی "لعل و گوہر" ہے۔ جس کے مصنف عارف الدین خاں عاجز اورنگ آباد کے شعراء میں خاص اہمیت رکھتے ہیں۔ یہ مثنوی قدیم طرز کے فوق فطری قصوں سے کچھ زیادہ امتیاز نہیں رکھتی، لیکن عاجز کا انداز بیان صاف ستھرا اور موجودہ روز مرہ سے بہت قریب ہے۔ چونکہ اس زمانے میں، اورنگ آباد کو سیاسی مرکزیت حاصل تھی، اس لیے یہاں اچھے اچھے شاعر جمع ہو گئے تھے۔ اور دکن کا پایہ تخت حیدر آباد میں منتقل ہونے تک، اورنگ آباد کو ادبی مرکزیت حاصل رہی۔ چنانچہ کئی سخن پرداز اکنافِ ہند سے آکر یہیں فروکش ہو گئے تھے۔ ان میں شاہ غلام قادر سامی خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں، جو برہان پور سے آکر اورنگ آباد میں رہ گئے تھے۔ وہ اچھے شاعر تھے اور ان کے اطراف شاگردوں کا ایک خاصہ

مجمع تھا۔ وہ شفیق کے ہم عصر اور دوست تھے۔ شفیق نے اپنے "تذکرے" "چمنستان شعراء" میں ان کی ایک مثنوی "شمشاد و صنوبر" کے اقتباسات دیے ہیں۔ یہ مثنوی خاصی ضخیم بتلائی جاتی ہے۔ لیکن اب تک اس کا پتہ نہیں چل سکا۔ اقتباسات سے ظاہر ہے کہ یہ مثنوی اچھی ہوگی۔

اس خاکے کے ختم کرنے سے پہلے ایک اور سخن سنج کا ذکر ضروری ہے جو اپنے زمانے کے استاد شمار کیے جاتے تھے۔ یہ شیر محمد خاں ایمان، شاگرد حضرت شاہ تجلی ہیں۔ ایمان کا نشو و نما نواب نظام علیخاں آصفجاہ ثانی کے آخر عہد میں ہوا۔ یہ پرگو شاعر تھے۔ انہوں نے کئی چھوٹی چھوٹی مثنویاں بھی لکھی ہیں، جو پڑھنے اور لطف اندوز ہونے کے قابل ہیں۔

موخرالذکر سخن سنج در اصل قدیم دبستان کے آخری شاعر تھے ان کے بعد، نئے عہد کے نئے تخیلات اور نئے روزمرہ کے اثرات نے 'قدیم دبستان' کو متاثر کرنا شروع کیا۔ اور قدیم تخیلات پر بڑی شکست و ریخت طاری ہوئی۔ اس دوران میں، دکن کی اردو شاعری پر پژمردگی سی چھا گئی تھی۔ یہاں تک موجودہ عہد سے پہلے جب یہ شکست و ریخت مکمل ہوگئی جدید احساس نے اُردو شاعروں میں ایک نئی رُوح پھونک دی۔

۲

مُصنّف

اور

کارنامہ

(۱)

مُصنّف

یہ عجیب بات ہے کہ جس قدر "پھولبن" مشہور اور مقبول ہے اس کے مصنف، ابن نشاطی کی حیات اسی قدر تاریکی میں ہے۔ یوں تو اس عہد کے اکثر و بیشتر شعرا کے حالات پردۂ خفا میں ہیں، لیکن ان میں بھی ابن نشاطی کی زندگی کے واقعات خاص طور پر، ہماری نظر سے اوجھل ہیں۔ قدیم اُردو شعراء کے تذکروں کی کمی کا بڑا سبب یہ معلوم ہوتا ہے کہ پہلے تو شعرا کے تذکرے لکھنے کا خیال اس زمانہ میں نہیں پیدا ہوا تھا، دوسرے اس عہد کی تاریخیں بھی کم ملتی ہیں۔ جو تاریخیں موجود ہیں، وہ تمام تر فارسی میں ہیں۔ ان میں سے بھی ابن نشاطی کے زمانے، یعنے سلطان عبداللہ قطب شاہ کے عہد پر بہت کم حاوی ہیں۔ فارسی تاریخوں میں، کہیں کہیں ایسے فارسی شعرا، کا ذکر کر دیا جاتا ہے

جو دربار سے توسل رکھتے تھے۔ ان تاریخوں کے مصنفین میں سے بہت سے ایسے ہیں جو اردو شعرا کو درخور اعتنا نہیں سمجھتے تھے۔

ابن نشاطی کے کارنامہ کا ذکر سب سے پہلے غالباً اسٹیوارٹ نے کیا، جس کی فہرست میں ''پھولبن'' شامل تھی۔ اس نے مثنوی کے اشعار سے پتہ چلا کر یہ بھی لکھا ہے کہ یہ ''بساتین'' کا ترجمہ ہے (ملاحظہ ہو شعر ۲۳۹) لیکن مصنف کے حالات کے متعلق وہ کچھ نہیں جانتا تھا اس لیے اس معاملے میں وہ خاموشی اختیار کرتا ہے۔

ابن نشاطی کا تذکرہ سب سے پہلے، گارساں دتاسی نے کسی قدر تفصیل کے ساتھ کیا ہے۔ لیکن وہ اس کا دوسرا نام آواری سمجھتا تھا، اور اسی نام کے تحت اس نے مصنف اور ''پھولبن'' کے واقعات لکھے ہیں جو حسبِ ذیل ہیں:۔

''آواری۔ (ابن نشاطی) ایک مسلمان مصنف ہے، جو شیعہ مذہب سے تعلق رکھتا ہے۔ وہ حسبِ ذیل کتابوں کا مصنف ہے۔

(۱) ایک پریوں کا افسانہ، جو دکھنی نظم میں ہے، اور جس کا عنوان ''پھولبن'' ہے۔ یہ طیلہ شاہ TAILA SHAH اور شہزادی پھولبن کا قصہ ہے۔

یہ ایک فارسی کتاب "بساتین" کا ترجمہ تبلایا جاتا ہے۔ اس کتاب کا ذکر محمد ابراہیم نے اپنے دیباچہ "انوار سہیلی" (صفحہ ۱۱) میں، دکھن کی مشہور ترین کتاب کی حیثیت سے کیا ہے۔ اگر اسٹیوارٹ کے قول کا اعتبار کیا جائے، تو اس کی تصنیف ۱۰۵۹ھ (۱۶۴۹ء) میں ہوئی۔ ایک مخطوطے کے اعتبار سے جو انڈیا آفس کا مملوکہ ہے، اس کا سنہ تصنیف ۱۰۶۶ھ (۱۶۵۵ - ۱۶۵۶ء) ہے۔ یہ نسخہ جو عمدہ نقوش سے مزین ہے بدقسمتی سے نامکمل ہے۔ کئی اوراق غائب ہیں، اور کئی ایسے بے ترتیب ہیں کہ اس کے استعمال کو مشکل بنا دیتے ہیں۔

اس کتب خانہ میں ایک اور مخطوطہ اس نظم کا صرف ابن نشاطی کے نام کے ساتھ موجود ہے۔ جس کے ۱۳۰ صفحات ہیں اور سائز آکٹیو۔

(۲) اس مصنف کی ایک اور تصنیف "طوطی نامہ" (طوطے کی کہانیاں) بھی ہے، جو ہندوستان کا ایک مقبول قصہ ہے۔ یہ ایک مثنوی ہے جو ۱۰۴۹ھ (۱۶۳۹ - ۱۶۴۰ء) میں لکھی گئی ہے۔ یہ نخشبی کی فارسی کتاب کا ترجمہ، بلکہ زیادہ صحیح یہ ہے کہ اس کا چربہ ہے، جس کا ایک نسخہ عجیب و غریب نقوش سے مزین، پارس میں بھی ہے یہ نسخہ جو ہندوستان سے جنرل الارڈ

کے ساتھ آیا تھا، بیرن فوئیے (کونشی) M. LE BARON FEUILLET DE CONCHES
کے پاس موجود ہے۔

اسی موضوع پر دوسرے ہندوستانی کارنامے جو غواصی اور حیدری کے ہیں، ان کا ذکر میں ان کے مقام پر کرونگا۔ کئی اور ترجمے بھی مختلف مصنفین کے موجود ہیں۔ ان میں سے جن سے میں واقف ہوں ایک دکھنی نثر میں ہے اور جس کا نسخہ اف فلکونے F. FALCONER کے قبضہ میں ہے۔ دوسرا ہندوی زبان اور ناگری خط میں ہے جس کا ایک نفیس نسخہ چھوٹی تقطیع کا میرے ذاتی کتب خانہ میں موجود ہے۔

فورٹ ولیم کالج کے کتب خانہ میں ہندوستانی زبان کی ایک جلد ہے جو "منتخب طوطی نامہ" سے موسوم ہے۔ مجھے نہیں معلوم کہ یہ انتخابات کہاں سے لیے گئے ہیں۔

آداری کی کتابیں سلطان عبداللہ قطب شاہ، جانشین محمد، برادر قلی قطب شاہ کے نام سے منسوب ہیں۔ قلی قطب شاہ کی ہندوستانی شاعری قدر کی نگاہوں سے دیکھی جاتی ہے۔ اس کا ذکر میں "قطب شاہ" کے مضمون میں کرونگا۔ یہ وہی عبداللہ ہے جس نے مغل شہنشاہ

شاہجہاں کی اطاعت قبول کی تھی۔

دوسری کتاب وہی معلوم ہوتی ہے جس کا ذکر غواصی کے تذکرہ میں کیا جائیگا۔کیا یہ موخرالذکر مصنف اور اس تذکرہ کا مصنف شاید ایک ہی ہوں گے"۔ (تاریخ زبان و ادب ہندوستانی وہندی جلد اول ص ۲۵۲)

دتاسی کا یہ بیان ابن نشاطی کی ذات کی حد تک مختصر اور ایک حد تک پریشان کن ہے۔ اس مضمون سے متعلق چند نوٹ بھی لکھے گئے ہیں۔ سب سے پہلا نوٹ "آدری" کے متعلق ہے۔ اسے وہ فارسی لفظ "آدارہ" کا ہم معنی سمجھتا ہے۔ چنانچہ فرانسیسی میں اس نے اس کا مطلب جس لفظ سے ظاہر کیا ہے وہ "کاہل 'بے مقصد پھرنے والا" کا مترادف ہے۔ دوسرا نوٹ' "پھولبن" پر ہے۔ اسے وہ ہیرائین کا نام بھی بتاتا ہے۔ تیسرا نوٹ "بساتین" سے متعلق ہے۔ اور وہ لکھتا ہے کہ "ممکن ہے کہ یہ وہی فارسی کارنامہ ہو' جو جادو کے موضوع پر ہے اور جس کا ذکر حاجی خلیفہ نے کیا ہے"۔

لیکن آخری حصہ بیان سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ اسے "آدری" اور "غواصی" کے ایک ہی شخص ہونے کا شبہ ہوتا ہے۔ تاہم وہ اس کا تصفیہ نہیں کرسکتا۔ اس سلسلہ میں

اسے جو غلط فہمیاں ہوئی ہیں، ان کا ذکر آگے کیا جائیگا۔

ابن نشاطی کے زمانے سے کوئی سو سال بعد، جب اُردو شعراء کے تذکرے لکھنے کا خیال پیدا ہوا تو اس وقت تک اکثر شعرا، گمنام ہو چکے تھے۔ صرف غواصی کا ذکر تو اُردو شعراء کے ابتدائی تذکروں میں ملتا ہے، لیکن دوسرے بہت سے شعراء ان تذکرہ نگاروں کی نظر سے اوجھل رہے۔

حال کے زمانے کی بعض تصنیفات، جیسے "دکن میں اردو" اور "اردوئے قدیم" میں ابن نشاطی کا ذکر کیا گیا ہے۔ لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ تذکرے زیادہ تر دتاسی ہی کے بیان پر مبنی ہیں۔ مثلاً "اردوئے قدیم" میں ابن نشاطی پر حسب ذیل نوٹ لکھا گیا ہے:۔

"ابن نشاطی، گولکنڈہ کا باشندہ ہے۔ اور سلطان عبداللہ قطب شاہ کا درباری شاعر ہے اس نے دو کتابیں لکھی ہیں اور انہیں سلطان عبداللہ کے نام سے نامزد کیا ہے[1]۔"

یہی ناکافی مواد، "اردو شہ پارے" کی اشاعت تک ہماری دسترس میں تھا

---

[1] اردوئے قدیم۔ مطبوعہ تاج پریس صـ۵۹۔

ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور پروفیسر اردو، جامعہ عثمانیہ نے، مثنوی کے تفصیلی مطالعے سے بعض مزید امور کا پتہ چلایا۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں۔

"وہ (ابن نشاطی)..... نثر نویس تھا۔ اور اس سے قبل شعر گوئی کی کوشش نہیں کی تھی وہ اپنے زمانے کے زندہ شاعروں کی توصیف و تعریف کا خواہشمند نہیں۔ وہ ان کا ذکر بھی نہیں کرتا، صرف فیروز، محمود، خلیقی (خیالی؟) اور شوقی کو پسند کرتا ہے.........

"پھولبن" کا خاتمۃ البیان، گولکنڈے کی اُردو شاعری اور مصنف کی زندگی کی نہایت اہم دستاویزوں میں سے ہے۔ یہ اصل کتاب کی تکمیل کے کئی برس بعد شریک کیا گیا ہے کیونکہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مصنف کو، اس تصنیف کے بعد سے کیسی شہرت اور مقبولیت حاصل ہوئی۔ ایک طرف بادشاہ نے اسے شایانِ شان سرفراز کیا تو دوسری جانب کتاب کے ادبیانہ طرزِ بیان نے پبلک کو بھی اس کا گرویدہ بنالیا۔

"اس میں یہ بھی لکھا ہے کہ قلعہ سدھوٹ میں ایک دولتمند جاگیردارنی تھی، جو..... ادبیات سے بے حد لگاؤ رکھتی تھی۔ وہ ابن نشاطی کی تصنیف سے بے حد محظوظ ہوئی۔ اور چاہا کہ اس کو عمدہ تصاویر کے

ساتھ نقل کر دیا جائے۔ اس نے شادی کے بیان کو زیادہ تفصیل کے ساتھ لکھنے کا حکم دیا، یہ بتا دینا خالی از دلچسپی نہیں کہ انڈیا آفس کا مخطوطہ خوش قسمتی سے وہی نسخہ ہے جو اس خاتون کیلئے لکھا گیا تھا۔ اس میں متعدد خوشنما اور اعلیٰ درجہ کی تصاویر ہیں اور نفیس خط نسخ میں لکھا گیا ہے۔

خود مصنف کی بھی ایک پاکیزہ اور چھوٹی تصویر ہے، جو غواصی کی تصویر سے، جو اس کے سیف الملوک کے مخطوطے میں ہے، زیادہ اصلی اور فن کارانہ ہے۔ اس میں ابن نشاطی ایک ادھیڑ شخص دکھایا گیا ہے، جو اپنے دیوان خانے میں ہاتھ میں بیاض لیے بیٹھا ہے۔" (اردو شہ پارے صفحہ ۱۱۰ تا ۱۱۱)

مولوی نصیر الدین ہاشمی نے اپنی حالیہ تالیف "یورپ میں دکھنی مخطوطات" میں "پھولبن" اور ابن نشاطی کے متعلق زیادہ تر یہی امور لکھے ہیں لیکن انہوں نے سد حوث کے نسخے میں، جو اضافے بعد کو کیے گئے ہیں، ان کو کسی قدر صراحت سے بیان کیا ہے۔

ان تمام واقعات سے یہی ظاہر ہوتا ہے کہ ابن نشاطی کے حالات پر، خارجی ذریعوں سے بہت کم روشنی پڑ سکی ہے۔ ان کا سب سے بڑا اور واحد ماخذ، اس کی تصنیف، "پھولبن" ہی ہے۔

گارساں دتاسی کو ابن نشاطی اور "پھولبن" کے متعلق چند غلط فہمیاں ہوگئی تھیں۔ مثلاً یہ کہ وہ "آواری" اور ابن نشاطی کو ایک ہی شخص سمجھتا تھا۔ چنانچہ وہ "پھولبن" اور "طوطی نامہ" کو اسی کی تصنیفات بتلاتا ہے۔ آخر میں وہ اس شبہ کا اظہار کرتا ہے کہ ممکن ہے غواصی اور آواری ایک ہی شخص ہو۔ اس طرح اس کے بیان کے بموجب آواری، غواصی اور ابن نشاطی، تینوں ایک شخص قرار پاتے ہیں۔ پھر "پھولبن" کے قصے کے متعلق بھی اس کے بیان کا ایک حصہ صحیح نہیں ہے۔

بظاہر دتاسی کو یہ غلط فہمی، اسٹیوارٹ کی توضیحی فہرست کے سبب ہوئی۔ اس میں "پھولبن" اور "طوطی نامہ" کا ذکر ایک ساتھ کیا گیا ہے۔ اس کا نوٹ حسب ذیل ہے:-

"۹ و ۱۰ "پھولبن" اور "طوطی نامہ"۔ دو جلدیں۔ کوارٹو (تقطیع) شکستہ آمیز تحریر۔ اول الذکر تیلو شاہ TAILU SHAH اور شہزادی "پھولبن" کی داستان ہے۔ جو "بساتین" کا ترجمہ بتلائی جاتی ہے۔ یہ کئی تصویروں سے مزین ہے جن سے ایرانی لباس کی وضاحت ہوتی ہے۔ موخر الذکر نخشبی کے فارسی "طوطی نامہ" کا، دکھنی نظم میں

ترجمہ ہے۔

مصنف آداری۔عبداللہ قطب شاہ (۱۶۴۹-۱۶۵۳ئ) کے نام سے

معنون ہیں۔" (فہرست کتب خانہ ٹیپو سلطان۔مطبوعہ ۱۸۰۲ء صفحہ ۱۸)۔

اس میں شک نہیں کہ اسٹیوارٹ نے اثباتی طور پر یہ نہیں لکھا کہ "پھولبن" اور "طوطی نامہ" دونوں کا مصنف آداری ہے۔لیکن اسی کے بیان سے اس غلط فہمی کی گنجائش ہے۔اور قرین قیاس یہ ہے کہ دتاسی کا ماخذ یہی فہرست تھی۔تاہم اس نے کتابوں کو پڑھ کر ابن نشاطی اور غواصی کا بھی پتہ چلا لیا تھا، گو وہ اس غلطی کی اصلاح نہ کر سکا جو اسٹیوارٹ کے بیان سے پیدا ہو گئی تھی۔بلکہ ایک حیثیت سے اس کی توضیح کرتا ہے۔اسٹیوارٹ کو "پھولبن" کے مصنف کا نام معلوم نہ ہو سکا تھا۔

مرتب اوراق ہذا کا خیال یہ ہے کہ اسٹیوارٹ کی غلط فہمی کی بنا اس طرح ہوئی کہ نقص کتابت یا کسی اور سہو کی وجہ سے پہلے کسی نے "غواصی" عواصی پڑھ لیا اور اسی طرح انگریزی میں لکھ دیا۔دوبارہ پھر اس نام کی نقل کرتے وقت Awami کا "یس" جو بعض وقت تحریر میں "آر" سے بہت مشابہ ہو جاتا ہے، "آر" پڑھ لیا گیا۔اور یہ "اواری" ہو گیا۔اس امر کی تائید کہ اواری دراصل

غواصی کے علاوہ کوئی اور شخص نہیں تھا، اس واقعہ سے بھی ہوتی ہے کہ دتاسی نے "طوطی نامہ" کا جو سنہ تصنیف (سنہ ۱۰۴۹ھ) لکھا ہے، وہ غواصی کے "طوطی نامہ" ہی کا سنہ ہے۔

جہاں دتاسی نے 'غواصی کے" طوطی نامہ" کا ذکر علحدہ کیا ہے' وہاں' مصنف کے نام کے متعلق کسی طرح کی غلط فہمی کی گنجائش نہیں تھی۔

دوسری چیز' "پھولبن" کے قصے کے متعلق غلط فہمی ہے۔ اسٹیوارٹ اور دتاسی دونوں ہی نے اس کو تبلو' نبلا یا طیلہ شاہ اور شہزادی پھولبن کی داستان بتلایا ہے۔ مرتب کی سمجھ میں نہ آسکا کہ اس غلط فہمی کی بنائ کیا تھی۔ کیونکہ جیسا کہ قصے سے ظاہر ہے۔ کہیں کسی بادشاہ کا نام قصہ گو نے نہیں بتلایا۔ صرف ایک جگہ شعر نمبر ۲۰۴ میں اگر پادشاہ کا نام سمجھا ہی جاسکتا ہے تو وہ سلطان عادل ہے دوسرا نام رانی سنوتی کا ہے' آخری قصے میں تین نام آتے ہیں سمن بر' ہمایوں فال اور ملک آرا۔ ان میں سے کسی نام کے مذکورۂ بالا ناموں سے خلط ملط ہونے کی گنجائش نہیں معلوم ہوتی۔

پھر کسی شہزادی کا نام' "پھولبن" بہت ہی عجیب' غریب

چیز معلوم ہوتی ہے۔ یہ کہنا بھی صحیح نہیں ہے کہ "پھول بن" کسی ایک بادشاہ کا قصہ ہے۔

"پھول بن" جس طرح ابن نشاطی کے حالات کا ماخذ ہے، اسی طرح وہ اس کا سرمایۂ حیات، بلکہ عین حیات ہے ہمارے لیے اس کی زندگی اسی کارنامے سے شروع ہوتی ہے، اور اسی پر ختم ہو جاتی ہے۔ اس سے پہلے کا ابن نشاطی ہماری دسترس میں نہیں ہے۔

ابن نشاطی کے خاندان اور ولادت کا حال بالکل پردہ خفا میں ہے۔ لیکن اس کی تعلیم و تربیت کے متعلق، بلا خوف تردید کہا جا سکتا ہے کہ وہ اعلیٰ پیمانہ پر ہوئی تھی۔ وہ ایک لکھا پڑھا انسان تھا، فارسی ادب اور شاعری کے علاوہ، فنِ بلاغت اور خاص طور پر علمِ معانی اور بدیع سے اسے خاص لگاؤ تھا۔ اپنی فارسی دانی پر وہ ایک حد تک ناز بھی کرتا ہے کہ "تجھے آج فارسی میں دستگاہ حاصل ہے۔ تیرے بغیر کوئی ترجمہ بھی نہیں کر سکتا ساری صنعتوں پر تیری نظر ہے بے کار اپنی اوقات مت ضایع کر":

تجے ہے فارسی میں دستگاہ آج   نہ کرسے ترجمہ بھی کوئی تجہ باج
تجے معلوم ہے سارے صنایع   نکو اوقات کر توں اپنا ضایع

جن حساس طبیعتوں کی پرورش ایسے شعری ماحول میں ہوئی ہو، جیسا کہ عبداللہ کے زمانہ میں گولکنڈے میں موجود تھا، ان کا شاعر بن جانا کوئی تعجب کی بات نہیں ابن نشاطی کی طبیعت میں وہ فطری ملکہ موجود تھا جو ایک اچھے شاعر کے لیے ازبس ضروری ہے، لیکن وہ اپنی شاعری سے زیادہ، اپنی انشا پردازی پر نازاں تھا۔ چنانچہ مثنوی کے خاتمہ کے اشعار میں وہ کہتا ہے کہ "انشاء کی طرف میری توجہ ہمیشہ رہی، اور اس سے طبیعت کو ایک حظ حاصل ہوتا ہے"۔

اہے انشا پو میرا میل دائم طبیعت کو مری ہے حظ ملائم

لیکن اس وقت اس کی انشاء پردازی کا کوئی نمونہ نہیں ملتا۔ حتیٰ کہ یہ بھی نہیں معلوم ہو سکتا کہ وہ کس زبان میں انشاپردازی کرتا تھا۔ جس طرح اس نے اپنی انشا کا ذکر کیا ہے اس سے شبہ ہوتا ہے کہ اگر یہ فارسی میں تھی تو غالباً اس کا ذکر وہ ضرور کر دیتا، اس لیے ممکن ہے کہ یہ انشاپردازی وہ اردو ہی میں کرتا ہو، کیونکہ اس وقت سے کئی برس پہلے، محمد قلی قطب شاہ کے ملک الشعراء، وجہی نے "سب رس" کی شکل میں اردو انشاء کا ایک نفیس نمونہ چھوڑا تھا۔ بہر حال یہ قیاس ہے، جس کا کوئی ثبوت اس وقت موجود نہیں۔ لیکن یہ ضرور ہے کہ، یہ انشا پردازی وہ جس زبان میں بھی کرتا ہو اسکی

اچھی جھلک اس نے "پھولبن" میں دکھا دی ہے۔

نظم میں بھی وہ ایک اعلیٰ معیار پیش نظر رکھتا تھا۔ "پھولبن" کو اس نے سلاست اور سادگی کے ساتھ ساتھ صناعی کا عمدہ نمونہ بنانے کی کوشش کی ہے۔ یوں تو پوری نظم بلیغ ہے، لیکن جیسا کہ خود اس نے بیان کیا ہے۔ اس میں انتالیس صنعتیں استعمال کی ہیں۔ اپنی نظم کے متعلق وہ یوں اظہار خیال کرتا ہے کہ،

"جو عقلمند صنعت کو سمجھ سکتا ہے، وہی میری اس نکتہ دانی کی داد دے سکتا ہے۔ سخن فہم حضرات ہی جان سکتے ہیں کہ میں نے کیسی صنعت سے ابیات سرانجام کی ہیں۔ جو ہر شعر میں دکھایا جا سکتا ہے میں نے دکھایا ہے اور انتالیس صنعتیں نظم میں استعمال کی ہیں۔ اس نظم کو دیکھ کر شاعری کا کام آسان ہو گیا مثنوی کا پایہ بلند اس لیے رکھا ہے کہ ہر شخص اس پر حرف گیری نہ کر سکے۔ اس نظم میں انشاء پردازی کے پورے لوازم موجود ہیں۔ غزل کا مرتبہ اس میں شک نہیں کہ بلند ہے، لیکن میری ہر بیت ایک غزل کے برابر ہے اگرچہ شعر کا فن بلند رتبہ رکھتا ہے لیکن محض شعر کچھ نہیں جب تک اس میں نصیحت یا صنعت دونوں میں سے کوئی ایک بات موجود نہ ہو اگر میری توجہ اس سے پہلے شعر کی طرف

ہوتی تو میں اب تک ہزاروں ہی اشعار لکھ ڈالتا۔ مجھے تو انشاپردازی سے ہمیشہ دلچسپی رہی، اور اس میں ایک لطف آتا تھا۔"

جو کوئی صنعت سمجھتا ہے سو گیانی — وہی سمجھے میری یو نکتہ دانی
وہی سمجھے سمجھ ہے جن کوں کچھ بات — جو میں باندھیا سو یو صنعت سوں ابیات
ہر ایک مصرعہ اوپر ہو کر بجد خوب — رکھیا میں قافیہ لا مستند خوب
دکھایا میں ہنر کر سب کوں ہلکا — صفت کیتا ہوں شصت و شش محل کا
رکھیا میں مثنوی اونچی یو اس دھات — سکت نیں کس کوں انپڑانے وہاں ہات
میری ہے نظم میں انشا کے دھاتاں — اہے انشا کے دھاتاں ہور باتاں
غزل کا مرتبہ گرچہ اوّل ہے — ولے ہر بیت میرا ایک غزل ہے
اگرچہ شاعری کا فن ہے عالی — ولے کیا کام آوے بات خالی
اوّل بارے نصیحت اس میں اچھنا — نصیحت نیں تو صنعت اس میں اچھنا
یو دو فن اس میں نیں تو ہیچ ہے سب — نہیں وو شعر بے جا ہیچ ہے سب
منجے گر شعر پر رغبت جو اچھتا — ہزاراں سونچ بیتاں لکھ کو اچھتا
اہے انشا پو میرا میل دائم — طبیعت کوں میری ہے حظ ملائم
سمج ہر کس کوں میرا طبع ہونا — گکر میں یک دکھایا ہوں نمونہ"

اس بارے کے علاوہ، پوری نظم میں جگہ جگہ، اس کی شاعرانہ طبیعت کے ثبوت موجود ہیں۔

ابن نشاطی کے متعلق یہ بات خاص طور پر قابلِ ذکر ہے کہ وہ نہایت منکسر مزاج واقع ہوا تھا۔ اردو شعراء میں یہ خصوصیت بہت کم دیکھی گئی ہے۔ اس سے پہلے کے تقریباً تمام اساتذہ نے شعر کے فن میں اپنی استادی جتانے کی طرح طرح سے کوشش کی ہے، اور بعض وقت معاصرین پر چوٹیں بھی کیں ہیں۔ ابن نشاطی بھی رسماً اس گفتگو کا آغاز کرتا ہے، لیکن حتی الامکان وہ تعلی سے احتراز کرتا ہے اور اس گفتگو کو وہ یہ کہہ کر جلد ہی ختم کر دیتا ہے کہ:

"خواہ مخواہ بڑائی جتانے سے کیا فائدہ۔ سننے والے طعنہ دینگے۔ اے ابن نشاطی! تو اپنی تعریف آپ نہ کر۔ ہاں اگر کچھ ہنر آتا ہے تو ظاہر کر۔ شعر لکھتے وقت مجھ پر ایک بے خودی کی کیفیت طاری تھی۔ ایسے میں اگر کچھ بڑائی کی بات نکل گئی ہو، تو اس کا الزام مجھ پر نہیں۔ روانیِ طبع کے ہاتھوں میں مجبور تھا۔ اس لیے اگر کوئی بات ایسی نکل گئی ہو تو اس کے لیے معذرت خواہ ہوں۔ اے ابن نشاطی! خود نمائی سے کوئی فائدہ نہیں۔ دنیا میں غرور کا سر ہمیشہ نیچا ہو کر رہتا ہے۔"

"بزرگی کیا سب یوں چپ کے لینا | کہ سن کردیویںگے ہر کوئی مہینا
رتن اپنی صفت کے نت نکو رول | ہنر کچھ شعر کا سمجہا ہے تبوں بول
یو باتاں بولتے تو مست تھا میں | تکلف بات کا متاں اپر نیں
رکھو معذور نا کر دل کوں بھاری | قلم کے ہات تھی سب اختیاری
نہ کر ابن نشاطی خود نمائی | ستے ہیں یاں ہمایاں سب ہمائی"

جس طرح وہ تعلّی کو ناپسند کرتا ہے، اسی طرح وہ اپنے زمانے کے شعراء پر چوٹیں کرنے کو بھی درست نہیں سمجھتا لیکن کلاسکی شعرا کی طرح اس مقصد کو ایک زیادہ ہنر مندانہ پیرایہ میں اس طرح ادا کرتا ہے کہ اپنے کمال کی صحیح داد دینے کے لیے وہ اساتذہ پیشین کو یاد کرتا ہے۔ منقولہ بالا اقتباس کے بعد ہی وہ اشعار ہیں جن میں وہ کہتا ہے۔

"افسوس ہے کہ اس وقت استاد فیروز نہیں۔ ورنہ وہ میری شاعری کی داد دیتا۔ سید محمود بھی باقی نہیں رہا جو اچھی اور بری شاعری میں تمیز کر سکتا حیف ہے کہ شیخ احمد زندہ نہیں کہ میرے کلام کی بلند پائیگی کو سمجھ سکتا۔ اگر اس وقت حسن شوقی موجود ہوتا، مجھ پر ہزار دفعہ رحمت بھیجتا یا پھر ملا خیالی ہوتا تو میرے کمال کی داد دے سکتا۔"

نہیں وو کیا کروں فیروز استاد — کہ دیتا شاعری کا کچھ میری داد
اہے صد حیف جو نیں سید محمود — کہتے پانی کوں پانی دود کوں دود
نہیں اس وقت پر وو شیخ احمد — سخن کا دیکھتے باندھیا سو میں حد
حسن شوقی اگر ہوتا تو الحال — ہزاراں بھیجتا رحمت منج اپرال
اچھے تو دیکھتا ملا خیالی — یو میں برتیا ہوں سو صاحب کمالی

اس کے قول سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس نے "پھولبن" سے پہلے شعر لکھنے کی کوشش نہیں کی بلکہ انشاء پردازی کی طرف ہی زیادہ مائل رہا۔ اس وقت قطب شاہی سلاطین کی علم پروری اور ادب نوازی کی بدولت پایۂ تخت میں بہت سے ایسے علما فضلا جمع ہو گئے تھے، جن کو ادب اور شاعری سے غیر معمولی شغف تھا۔ محمد قلی کے زمانے سے اس فضا پر گہرا رنگ چڑھ گیا تھا اور عبداللہ کا عہد تو گویا اس مذاق کے عروج کمال کا زمانہ تھا۔ جس طرح لکھنو کے ادبی عروج کے وقت وہاں کے معمولی پڑھے لکھے لوگوں کی طبیعتوں میں بھی شعر اور ادب کا ذوق رچ گیا تھا، اسی طرح گولکنڈہ کی فضا میں بھی یہ تخم بکھرے ہوئے تھے۔ ابن نشاطی تو اعلیٰ درجہ کا شاعر تھا، اس زمانے کے معمولی معمولی لوگ بھی اچھے شعر کہہ لیتے تھے۔ غالباً

اسی کو دیکھ کر ابن نشاطی کے دل میں بھی کوئی یادگار کام کر جانے کی خواہش پیدا ہوئی۔ چنانچہ "پھولبن" کے سبب تالیف کے سلسلہ میں وہ مشرقی شعرا کے ذہنی مستعین اور دیوتا یعنے "ہاتف" کی رسمی گفتگو کے بعد لکھتا ہے۔

"اے ابن نشاطی! تو کسریٰ نہیں کہ تیرے انصاف کی وجہ سے تیرے بعد تیری شہرت دنیا میں باقی رہے، اور نہ تو حاتم ہے کہ تیری سخاوت کے چرچے رہ جائیں۔ تو وہ ابراہیم ادہم بھی نہیں جن کے زہد و تقویٰ کی باتیں آج مشہور ہیں۔ اگر تو رستم ہوتا تو شاید "شاہنامہ" پڑھنے والے تیری داستانیں پڑھ کر تجھے یاد رکھتے۔ مناسب یہ ہے کہ تو جس طرح بن پڑے کوئی ایسا بڑا کام کر جا کہ دنیا میں تیرا نام رہ جائے۔"

توں کسریٰ نیں جو لہے تیری عدالت	توں حاتم نیں جو رہے تیری سخاوت
نہیں ہے توں وو ابراہیم ادہم	کھینگے زہد میں تج کوں مقدم
توں رستم نیں جو تیری داستاناں	پڑیں ہر بزم میں "شہ نامہ" خواناں
بھلا دو ہے تو اپنا یادگار آج	دنیا میں ہر سند کر آشکار آج"

ہم کو شاعر کے قول پر شک کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے کہ اس نے اس سے پہلے شعر نہیں لکھا۔ لیکن نظم کو پڑھ کر ہم یہ بھی نہیں کہہ سکتے کہ یہ نومشقی کا

کارنامہ ہے۔ اس میں اس زمانے کی نظموں کی تمام بہترین خوبیاں موجود ہیں، اور اس کے اسلوب کے متعلق ہم جناب آغا حیدر حسن صاحب سے بالکل متفق ہیں کہ "نصرتی کی مثنوی گلشن عشق تسلسل اور بلند خیالی میں تو اس سے بڑھ جاتی ہے لیکن سلاست اور روانی میں اس کو نہیں پہنچ سکتی"۔ شعر کے بعض بہترین نقادوں کے خیال کے مطابق "صنعت گری" اور "روانی طبع" میں بہت بڑا فرق ہوتا ہے، خاص طور پر قدیم اردو مثنویوں میں آخری چیز بہت اہم ہوتی ہے۔ کیونکہ صرف چند مثنویوں کو چھوڑ کر، اکثر مثنویاں مطالب اور معانی کی حد تک ماخوذ ہیں۔

بعض اور قدیم شعراء کے مقابلہ میں، ابن نشاطی اپنے ذاتی واقعات کی طرف نظم میں بہت کم اشارہ کرتا ہے۔ جو واقعات بھی معلوم ہو سکے ہیں، وہ ضمناً اس کے قلم سے نکل گئے ہیں۔ مثلاً اس کی ابتدائی زندگی کا حال، اس کی نظم سے بالکل معلوم نہیں ہو سکتا۔ لیکن خاتمہ کے دو تین اشعار سے مترشح ہوتا ہے کہ، اس کا ابتدائی زمانہ زیادہ خوش حالی میں نہیں بسر ہوا، یا کم از کم زمانے نے اس کے حوصلوں کے مطابق اسے نہیں نوازا۔ اس عہد کے اکثر مشاہیر اور شعراءُ کی طرح، اس کا مطمح نظر دربار تھا۔ اور اس وقت تک دربار میں رسائی اسے حاصل نہیں ہوئی تھی۔ چنانچہ وہ بیان کرتا ہے۔

"اگر مجھے دربار میں رسائی میسر ہوتی' تو میرا قلم اس سے بڑھ کر گہر افشانی کر سکتا۔ اور اگر مجھے کچھ فراخی نصیب ہوتی' تو اس سے زیادہ آب دار شعر سر انجام کر سکتا۔ جو مرتبہ ایک حقیقی بڑے آدمی کا ہے مجھے مل جاتا تو میں شعر کے فن میں مسیحائی کر دکھاتا۔ زمانے نے میری قدر نہ جانی۔ اور میرا صحیح مرتبہ مجھے حاصل ہونے نہ دیا۔"

"حضوریاں ہیں مرا گر سلک اچھتا | گہر ریزاں تے میرا کلک اچھتا
فراغت اس تے گر ٹک منج کوں ہوتا | لے موتیاں خوب میں اس تے پروتا
بڑیاں کے ناد اچھتا تو بڑا اپن | مسیحا کا دکھاتا بات میں فن
زمانہ نا سمج کر قدر میرا | بچھایا بے دلی سوں صدر میرا"

غرض اس مایوسی کی حالت میں اسے خیال پیدا ہوا کہ' اس طرح کا جینا اور مرنا دونوں برابر ہیں۔ کوئی کام کر جاؤں جو دنیا میں یادگار رہ جائے ایک شاعرانہ طبیعت کے لیے ظاہر ہے کہ ایک عمدہ نظم کے سر انجام سے زیادہ کوئی موزوں کام نہیں ہو سکتا تھا' اس لیے' اس نے "پھولبن" کو منظوم کرنا شروع کیا مبارک ماہ رجب میں اس کی ابتدا ہوئی' اور عید رمضان کے روز یہ اختتام کو پہنچی۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ابن نشاطی نے اپنی پوری توجہ اس نظم پر

صرف کی، اور تین مہینے کی مسلسل محنت کے بعد، جب نظم مکمل ہوگئی اور اس نے اس پر نظر ڈالی، بے ساختہ احساس شکر سے اس کا دل لبریز ہوگیا اور حب ذیل اشعار اس کی زبان سے نکل پڑے۔

"ہزاراں شکر یو قصّہ ہنر کا — سٹھائی میں لیا جاگا شکر کا
ہزاراں شکر میری بات کے پھول — پڑے خدمت میں استاداں کے مقبول
ہزاراں شکر میری طبع کا فن — ہوا سورج کے نمنے جگ پہ روشن
ہزاراں شکر میرے ذوق کا کام — ہنرمندی سوں پایا خوب اتمام
پو "پھلبن" تین مہینے لگ لگایا — پنم کا چاند ہو پورا تو آیا
مشقت سوں بہوت دل لھو ہوا پر — کتک دن کوں دسیا یو مشک ہو کر"

مکمل ہو جانے کے بعد، اس نے اس "پھلبن" کو سلطان عبداللہ کے نذر کر دیا۔

اچھو یو وو مبارک "پھول بن" ہو — نظر میں جم اچھو شہ کی، چمن یو

("ہزار ہزار شکر ہے کہ یہ ہنرمندانہ قصہ، شیرینی میں، مٹھائی کی جگہ لے سکا۔ اور میرا کلام استادوں کے پاس مقبول ہوا۔ اس قصہ کی بدولت، میری طبع کے جوہر عالم پر آشکار ہوئے۔ خدا کا ہزار ہزار شکر کہ، میرے ذوق کا کام ہنرمندی کے باعث، عمدگی سے انجام کو پہنچ گیا۔ اس "پھولبن" کو میں نے تین مہینے مسلسل سینچا۔ جب کہیں

چل کر یہ بدر بن کر عالم پر جگمگایا۔ اس میں بڑی مشقت کھینچنی پڑی، لیکن جب یہ پورا ہوگیا تو اس کی خوشبو سے سارا عالم مہک اٹھا۔"

"پھولبن" ابن نشاطی کے عنفوانِ شباب کا کارنامہ ہے۔ اس کا پتہ حسبِ ذیل شعر سے چلتا ہے جو سبب تالیف کے سلسلہ میں آیا ہے۔

مطول کر تو میری زندگانی تو برخوردار کر میری جوانی

یعنی "خداوندا، تو مجھے طویل عمر نصیب فرما، اور میری جوانی کو برخوردار بنا۔"

اگر بیس پچیس سال کی عمر میں، اس نے یہ کتاب لکھی ہوگی تو، اس لحاظ سے اس کی ولادت کا زمانہ ۱۰۳۰ھ سے ۱۰۳۵ھ تک ہوسکتا ہے۔ اپنا نام اس نے ہر جگہ ابن نشاطی ہی بتلایا ہے، اور یہی نام نظم میں جگہ جگہ آتا ہے۔

"پھولبن" کے لکھنے کے بعد ابن نشاطی کو جو مقبولیت اور سرفرازی حاصل ہوئی، اس کا ذکر اوپر گذر چکا ہے۔ اس کی ابتدائی زندگی کے مقابلے میں بعد کی زندگی پر، اور خاص طور پر مذکورہ بالا واقعہ پر تین طرح سے روشنی پڑتی ہے۔ ایک تو خود، ابن نشاطی کی نظم کے وہ چند اشعار ہیں، جن میں، اپنی نظم کی مقبولیت پر وہ خدا کا شکر ادا کرتا ہے۔ دوسرے، سڈھوٹ کا مکتوبہ نسخہ ہے، جس کے اضافہ سے اس کی مقبولیت اور چند تصویروں سے، دربار میں اس کی رسائی اور

خانگی زندگی میں اس کے مرتبے کا پتہ چل سکا ہے۔ اس نسخہ کی ایک تصویر میں ابن نشاطی سلطان عبداللہ کی محفلِ نشاط میں شعر خوانی کرتا ہوا دکھایا گیا ہے۔ دوسری تصویر میں وہ اپنے دیوان خانے میں بیٹھا ہوا دکھایا گیا ہے اس کے پیچھے خادم دست بستہ کھڑا ہے اور سامنے بیاض ہے، جس میں وہ حسبِ ذیل شعر کا مصرعہ اول لکھ چکا ہے۔

خدا کے پاس منگ ہمت بلندی نزاکت سوں کیا میں نقشبندی

ایک آخری ثبوت اس کا یہ ہے کہ "پھولبن" کے لکھے جانے کے اٹھ سال[۶۸] بعد ۱۱۰۰ھ میں گولکنڈہ کے ایک اور مشہور شاعر سید محمد عشرتی کے فرزند، ہنر نے "پھولبن" کے جواب میں جو مثنوی "نیہ درپن" کے نام سے لکھی تھی، بعض وقت غلطی سے عشرتی کے نام سے منسوب کر دی گئی ہے۔ یہ مثنوی کافی شہرت رکھتی ہے۔ اس کے خاتمے پر، مصنف لکھتا ہے کہ "میں نے "نیہ درپن" رمضان کے غرہ کو ختم کی۔ اسی عید مسعود کو ابن نشاطی نے "پھولبن" لکھ کر اپنی مراد پائی تھی۔ اسی مبارک مہینے میں، خدا نے میرے مقصد کے درخت کو بار آور کیا۔ "نیہ درپن" کے اشعار حسبِ ذیل ہیں:۔

بنایا "پھولبن" ابن نشاطی تھی باس اسکی سب کے تئیں خوش آئی

جواب اس کا جو یو ہے "نیہ درپن" ہے سچ وو عشق کی انکھاں کا انجن

. . . .

ہوا تیار جس دیساں ہیں "پھلبن" مصنف تس لکھیا ہجرت کے یو سن

"سنہ ہجری ہے آیا جب یو رکھ بار اگیارا سو کوں کم تھے بیس پر چار"

سٹیا مج "نیہ درپن" نے یو جھلکار اگیارا سو پو نھے چالیس پر چار

اتھا رمضان کا غرہ سو جس دن ہوا یو "نیہ درپن" بدر اسی چھن

اسی مہینے کی تھی جو عید مسعود ملیا ابن نشاطی تائیں مقصود

اسی ماہِ مبارک بیچ کرتار میرے مقصد کے رکھ کوں بھی دیا بار

ابن نشاطی، جیسا کہ دتاسی نے لکھا ہے، شیعہ مذہب رکھتا تھا اس کا ثبوت، "پھولبن" کے وہ اشعار ہیں، جن کا اوپر حوالہ دیا جا چکا ہے۔ اس میں بھی کوئی شبہ نہیں کہ وہ ایک مذہبی آدمی تھا۔ چنانچہ محولہ بالا اشعار کے علاوہ "سببِ تالیف" کے اشعار ۱۵۶ تا ۱۷۵ کے مطالعہ سے، یہ بات اچھی طرح ظاہر ہو سکے گی کہ اس کا مذہبی جذبہ کس قدر گہرا ہے۔ یہاں شاعر کا طرز نہایت درد آگین اور موثر ہو جاتا ہے۔ اس حصہ کی ابتدا محبت کے ذکر سے ہوتی ہے لیکن آگے چل کر یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کی یہ محبت، دنیوی نہیں بلکہ روحانی ہے۔

نہایت شاعرانہ انداز کے چند اشعار کے بعد وہ کہتا ہے۔ ”کہو کہ میں اپنے عشق کا احوال کیونکر بیان کروں اور محبت کے راز کس طرح کھولوں۔ اگر مجھے شاہِ شہیداں توفیق عطا فرمائیں اور ماہِ شہیداں سے فرصت ملے، تو اپنے شوقِ دل کو کسی قدر وضاحت سے بیان کرسکونگا۔ دکن سے جب کربلا پہونچونگا خامے کی طرح سر کے بل چلونگا۔ پہلے آنسو کی آب پاشی کرکے پھر پلکوں سے جاروب کشی کا کام لونگا۔ اس گنبد تلے، سایہ کی طرح پڑا رہونگا، اور اس مبارک دیوار کو لگ کر نقشِ دیوار بن جاؤنگا۔ اپنے دل کو اس آستان کی قندیل اور تن کو، فرش بنا دونگا۔ پھر اس مرقدِ پاک پر سے اپنے آپ کو وار کر، دل کا دکھ اشکِ خونیں سے ظاہر کرونگا۔ اپنی دونوں آنکھوں کو فرات اور لہو رو کر تن کو کربلا کا میدان کر دکھاؤنگا میرے دل میں سیلابِ گریہ کا جوش ہے، اس آب سے نامۂ اعمال کی سیاہی ڈھل سکتی ہے۔“

اس طرح مناجات میں بھی اس کے مذہبی جذبات کا کافی اظہار ہوا ہے مثلاً وہ کہتا ہے۔ ”خداوندا، اپنے عشق میں ثابت قدم رکھ۔ میرے سینے میں اپنے اسرار بھر دے، اور آنکھوں کو اس قابل بنا کہ وہ تیرا دیدار دیکھ سکیں۔ تو میری زبان میں شیرینی عطا کر۔ اگر دنیا نہ مل سکے تو

اتنا غم نہیں۔ لیکن میرے دین میں کمی نہ ہو"۔ (اشعار ۵۰ تا ۵۵)۔

ابن نشاطی نہ صرف ایک اچھا مثنوی نگار تھا اور بیانیہ شاعری پر اُسے پورا قابو حاصل تھا، بلکہ غزل یعنے غنائی شاعری بھی وہ اچھی کر سکتا تھا۔ یہ اور بات ہے کہ وہ اپنے زمانے کے ادبی رجحانات سے متاثر تھا۔ ولی سے پہلے غزل کو زیادہ مقبولیت حاصل نہ ہو سکی۔ یوں جستہ جستہ شعراء نے غزل لکھی ہے، لیکن محمد قلی کے سوا، کسی نے غزل میں کوئی نمایاں کارنامہ نہیں چھوڑا۔ قدیم اساتذہ جیسے وجہی، نصرتی، غواصی وغیرہ، جو مثنوی اور قصیدہ میں بڑی شہرت رکھتے تھے، غزل کی طرف زیادہ متوجہ نہ تھے۔ ولی نے اردو غزل کو اتنا بلند کیا کہ وہ فارسی کے ہم پلہ ہوگئی، اور چونکہ فارسی غزل کی شاعری کا ذوق، ہندوستان بھر میں ادبی حلقوں پر چھایا ہوا تھا، اس لیے اردو غزل کو فوراً ہندوستان گیر مقبولیت حاصل ہوگئی۔ ابن نشاطی کے زمانے کے شعراء پر بیانیہ شاعری کا رنگ اس قدر غالب تھا کہ غزل نہ لکھنا، شاعر کو کمال کے زینہ سے نیچے نہیں گرا سکتا تھا۔ چنانچہ خود ابن نشاطی نے اس طرف اشارہ کیا ہے۔

تاہم نمونے کے طور پر اس نے ایک غزل لکھ دی ہے، جو سلاست، اور شیرینی کی وجہ سے ایک خاص لطف رکھتی ہے۔ اس غزل کو پڑھ کر یہ کہنا مبالغہ نہیں کہ اگر ابن نشاطی اس ذوق کو ترقی دیتا، تو وہ اُردو کے بہترین غزل گو شعرا میں شمار ہو سکتا تھا۔

(۲)

کارنامہ

مثنوی کے ارتقا کے گذشتہ سرسری خاکے سے، یہ چیز واضح ہے کہ "پھول بن" قدیم اُردو کی ترقی یافتہ، بسیط ادبی مثنوی ہے۔ اس میں وہ تمام خصوصیات موجود ہیں جو اس زمانے کے کسی ہندوستانی شعری کارنامے میں پائی جاسکتی ہیں۔ اس کے علاوہ "پھول بن" چند ایسی خصوصیتوں کی بھی حامل ہے۔ جو اس زمانے کی دوسری مثنویوں میں نہیں پائی جاتیں، یا بعد کی مثنویوں میں کم پائی جاتی ہیں۔ ان میں سے ایک چیز کسی واقعہ کی جزئیات پر شاعر کی گہری نظر، اور اس کے بیان کی صداقت اور سلاست ہے۔ قدیم ادب میں یہ کسی قدر بعد کے زمانے کی پیداوار ہے، اس لیے اس کی زبان بھی نسبتاً صاف اور قابلِ فہم ہے۔ اس کے پڑھنے اور سمجھنے میں وہ دقتیں نہیں ہیں،

جو اس سے پہلے کے کارناموں، مثلاً نصرتی کی مثنویوں یا خود اسی عصر کی دوسری تصنیفات میں ہو سکتی ہیں۔ ابن نشاطی کی زبان، اس کے اکثر معاصرین کے مقابلے میں بھی زیادہ صاف اور سلیس ہے۔ "پھولبن" بہت زیادہ طویل مثنوی بھی نہیں ہے، جس کے پڑھنے سے طبیعت اکتا جائے۔ ایک اور امتیاز بھی "پھولبن" کو یہ حاصل ہے کہ اس میں بعض ایسے اشارے آ گئے ہیں، جن سے کچھ اہم معلومات حاصل ہو سکتی ہیں۔ ابن نشاطی نے اپنے سے پہلے کے بعض ایسے شعراء کا ذکر کیا ہے، جن کے متعلق کسی اَور جگہ سے مواد دستیاب نہیں ہو سکتا آخری چیز یہ ہے کہ جو شخص بھی اس کے مطالعہ میں تھوڑی بہت زحمت برداشت کرے اس کے لیے دلچسپی کا کافی سامان مہیا ہے۔ یہ مثنوی کا سادہ سیدھا اور بے تکلف اسلوب، بیان کی خوبی، قدیم طرزِ تحریر کی صناعی اور سب سے بڑھ کر ایک پر لطف قصے کی دلکشی ہے۔

"پھولبن" ایک ایسا ادبی کارنامہ ہے، جس کا حقیقی مقصد، مسرت زائی ہے۔ اور یہ چیز شعر اور قصے، دونوں سے حاصل ہو سکتی ہے۔ اس میں شاعری کا وہ تمام لطف موجود ہے جو کسی زبان کے ابتدائی دَور کے شعری کارناموں کے ساتھ مخصوص ہے۔ اس کا قصہ اپنی نوعیت کے اعتبار سے

انوکھا اور خاصا دلچسپ ہے۔ اس لیے جب تک اس کی زبان عام فہم رہی، ادبی حلقوں میں اس کا مطالعہ ضروری سمجھا جاتا رہا۔ اس کا ثبوت اس کے مخطوطات کی وسیع تعداد، اور اس کی شہرت ہے، جس کے مقابلہ میں خود مصنف کی شہرت بھی، ماند پڑ گئی تھی۔ اس وقت بھی، جب اس کی زبان قدیم سمجھی جاتی ہے، اس کی وقعت کم نہیں ہوئی اور یہ قدیم ادب کے شہ کاروں میں شمار ہوتی ہے۔

کسی ادبی کارنامے کی خوبی، اس کے مطالعہ کے بغیر پورے طور پر ذہن نشین نہیں ہو سکتی۔ بہتر سے بہتر تنقید بھی، اس کے صرف چند پہلوؤں پر روشنی ڈال سکتی ہے۔ یہی حال "پھول بن" کا ہے۔ اس میں جو صناعی صرف ہوئی ہے، اور ایک مکمل کارنامے کے لحاظ سے، اس کا جو پایہ ہے، وہ تو اس کے مطالعہ کے بغیر پورے طور پر ظاہر نہیں ہو سکتا یہاں صرف اس کے چند نمایاں خدوخال کی طرف اشارہ کیا جا سکتا ہے

شعری اعتبار سے "پھول بن" کی سب سے نمایاں خصوصیت اس کے اسلوب کی سادگی ہے۔ یہ صحیح ہے کہ اس وقت تک اُردو شاعری کافی ترقی کر چکی تھی پھر بھی، "پھول بن" میں ابتدائی نظموں کی پوری سادگی

موجود ہے۔ اس زمانے تک "شعری اصطلاحات یا لفظیات" جیسی کوئی چیز اُردو میں رائج نہیں ہوئی تھی، اور ہر شاعر، حتی الامکان اپنی بول چال کی زبان ہی میں شعر لکھتا تھا۔ اسی لیے زبان اور اسلوب میں، قدیم شعراء کی بعض وقت حد سے زیادہ "غیر رسمیت" اور بے تکلفانہ طرز نگارش بعد کی رسمی شاعری کی عادی طبیعتوں کے لیے، اجنبی سی معلوم ہوتی ہے۔ حتیٰ کہ میرؔ اور سوداؔ، مصحفیؔ اور میر حسنؔ تک کے کلام میں بعض وقت یہ محسوس ہوتا ہے کہ موجودہ شاعر کسی چیز کو جس طرح ادا کرتے ہیں، وہ اسے اس طرح ادا نہیں کرتے۔ مثلاً میرؔ کا ایک شعر ہے

دل پہنچا ہلاکی کو نپٹ کھینچ کسالا — لے یار مرے سلمہ اللہ تعالیٰ

اس مفہوم کو بعد کے شاعر کچھ اس طرح ادا کرتے۔

مرتا ہوں ترے ہجر میں اے یار خبر لے — اب سانس ہے لینا مجھے دشوار خبر لے

لیکن موجودہ شاعری میں یہی چیز، جو "ہندی شاعری کی طرف رجعت" کے رجحان کے تحت ادا کی جا رہی ہے، وہ ایک "وضع" بن گئی ہے۔ "پھوہڑپن" کی حد تک ایک اور وجہ اجنبیت یہ ہے کہ اس زمانے کے

بہت سے الفاظ اب استعمال نہیں ہوتے۔ لیکن ان تمام امور کے باوجود، ہم اس کی غیر معمولی سادگی اور سادہ بیانی سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتے۔ چنانچہ ذیل کا اقتباس ملاحظہ کے قابل ہے۔ اس میں ملک شد کا بادشاہ اپنے مکار وزیر کو، سمن بر کے پرچانے کی ترکیبیں بتلاتا ہے اشعار کا خلاصہ حسب ذیل ہے۔

"بادشاہ نے کہا" تو سچ مچ دُور بیں ہے۔ تیری عقل پر آفریں۔ لیکن، یہ بھی جان لے کہ وہ گل، بے خار نہیں، مجھے معلوم ہوا ہے کہ اس گنج پر مار بیٹھا ہوا ہے۔ کسی بادشاہ کا فرزند، اس پر فریفتہ ہو کر اور اپنا گھر بار چھوڑ کر، اس چنچل کو یہاں لے آیا ہے۔ اور وہ بھی دن رات اس کے ساتھ جورو کی طرح زندگی بسر کر رہی ہے۔ تو پہلے اس مرد کو راستے سے ہٹا۔ لیکن یہ کام اس طرح کرنا کہ وہ دلبر مجھ سے رنجیدہ نہ ہو، اور اس کے نازک، پھول جیسے دل کو صدمہ نہ پہنچے۔"

گیا شہ اس کوں سچ توں دور بیں ہے — کہ تیری عقل پر صد آفریں ہے

ولے نیں ہے کتے وو پھول بن خار — سنیا ہوں میں کہ ہے اس گنج پر مار

بڑے یک پادشاہ کا کوئی فرزند — دوانا ہو دل اسکی زلف سوں بند

دے کر چھوڑ آپنا گھر دار یکبار ۔۔۔ لے کر آیا ہے اس چنچل کوں اس ٹھار

وو چنچل بھی لگا کر جیو اس سات ۔۔۔ رہی ہے جورو ہو ل دیس ہور رات

اول اس مرد کوں توں کاڑ سٹنا ۔۔۔ ہلوں اس گرد کوں توں جھاڑ سٹنا

دغا شہزادہ کوں اس دھات دینا ۔۔۔ اول حیلے سوں جیو اس وضع لینا

کہ وو دھن مجہ سوں آزردہ نہ ہوئے ۔۔۔ وو نازک پھول پژمردہ نہ ہوئے"

ابن نشاطی کے اسلوب کی یہ خصوصیت اس کے معاصر بلکہ پیشرو شعراء کے مقابلے میں بھی زیادہ نمایاں ہے۔ چنانچہ آغا حیدر حسین صاحب نے اپنے مضمون میں، جو رسالہ "تحفہ" میں شایع ہوا تھا، اس خصوصیت کی طرف خاص طور سے اشارہ کیا ہے۔ یہ سادگی نہ صرف زبان کی حد تک ہے، بلکہ خیالات اور انداز فکر میں بھی یہ چیز موجود ہے۔

دوسری اہم خصوصیت یہ ہے کہ، اس میں جگہ جگہ جزئیات کے ایسے نفیس مرقعے پڑھنے والے کی نظر کے سامنے سے گذرتے جاتے ہیں کہ، ان سے نظم اور قصّے کے لطف میں خاطر خواہ اضافہ ہو جاتا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ اس طرح کے مرقعے قدیم مثنویوں میں دستیاب ہوتے، اور متوسط عہد کی مثنویوں کے مقابلے میں زیادہ تعداد میں دستیاب

ہوتے ہیں، لیکن یہ کہنا شاید مبالغہ نہیں کہ مرقع نگاری میں "پھولبن" کو ایک امتیاز حاصل ہے۔ اس میں واقعات کے ایسے جزئیات بھی نظر انداز نہیں ہونے پاتے، جن کی طرف عام حالتوں میں ذہن منتقل نہیں ہوتا حالانکہ ادبی مسرت زائی اور لطف کے یہی گوشے ہوتے ہیں۔ ایسے مکمل مرقعے، ترقی یافتہ شاعری میں بھی دستیاب ہوتے ہیں، لیکن جو لطف اور بے ساختگی قدیم زمانے کی شاعری کے مرقعوں میں دیکھی گئی ہے، وہ بعد کے مرقعوں میں کم پائی جاتی ہے۔ اس کا ایک سبب تو یہ ہے کہ بعد کے زمانے میں یہ چیز سوچ سمجھ کر سر انجام کی جاتی ہے، اور قدیم شاعری میں یہ چیزیں، روانی میں شاعر کے قلم سے نکل پڑتی تھیں۔

قدیم قصوں کی مقبولیت کا ایک اہم عنصر بھی، یہی مرقعے اور ان کی وضع اظہار کی بے ساختگی ہوتی ہے۔ یہ نہایت جزئی تفصیلات پر حاوی ہوتے ہیں مثلاً "پھولبن" میں جہاں خط لکھنے کا ذکر کیا جاتا ہے، وہاں محض یہ کہہ کر ٹال نہیں دیا جاتا کہ خط لکھا گیا جس کا مضمون یہ تھا بلکہ اس میں منشی کو طلب کرنے، اس کے بیٹھنے کی وضع، قلم کی خوبی کاغذ کا رنگ، روشنائی کی خصوصیت القاب کے لوازم اور سب سے بڑھ کر،

مضمون کی سادہ پرکاری، ایسے جزئیات ہیں جو خط کو بھی ایک زندہ چیز بنا دیتے ہیں۔ اس سلسلہ میں یہ بات بھی یاد رکھنے کے قابل ہے کہ قدیم شاعری اور داستانوں کے مرقعوں میں سے اکثر مرقعے ایسے ہوتے ہیں، جو لطف بیان سے زیادہ گہری اہمیت رکھتے ہیں۔ یہی وہ زاویے ہیں جہاں سے شاعر کے ماحول، پر روشنی پڑتی ہے۔

اس میں شبہ نہیں کہ ابن نشاطی نے اپنے کارنامے کو فارسی کی اساس پر مبنی کیا تھا، اور فارسی شاعری، اس وقت تک عروج کمال کو پہنچ چکی تھی، اس لیے "پھولبن" میں ایسے بیانات کا ہونا کوئی انوکھی بات نہیں ہے۔ لیکن اس سلسلے میں ایک چیز قابلِ ذکر ہے کہ، ابن نشاطی، جزئیات میں ایک حد تک خود اپنے ماحول کی ترجمانی کرتا نظر آتا ہے۔ بعض اور مثنویوں کی طرح "پھولبن" کی فضا پورے طور پر ایک نصب العینی فضا نہیں ہے، بلکہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس کا پس منظر اس زمانے کی عام اور درباری زندگی ہے۔ مثلاً جہاں وہ سمن کے جزیرے کے محل کا نقشہ کھینچتا ہے، اس کی دیواروں پر قطب شاہی بزم کی تصویریں بھی دکھاتا ہے۔ اسی طرح، سندھ کے پادشاہ کی طرف سے جب اس کا وزیر

سمن بر کو، ہمایون خاں کی موت کی خبر سنانے جاتا ہے، تو سمن بر کی حرکات سکنات کا جو نقشہ وہ کھینچتا ہے، اس میں بڑی حد تک خود اس کے ماحول کا عکس موجود ہے۔

ان مرقعوں اور مناظر کے پہلو بہ پہلو "پھولبن" کے وہ مرقعے بھی ہیں، جن کا مقصد محض شاعرانہ کمالات دکھانا ہے۔ انہیں میں وہ مرقعے بھی شامل ہیں، جو داستان گوئی کی خصوصیت سمجھے جاتے ہیں۔ ان میں یہ ہوتا ہے کہ جہاں کھانوں کا ذکر آجاتا ہے، داستان گو کھانوں کی پوری قسمیں بیان کرنے تک دم نہیں لیتا۔ اسی طرح جہاں ہتیاروں کا تذکرہ ہو، وہاں وہ ہر طرح کے ہتیاروں کا ذکر ضروری سمجھتا ہے۔

اشخاص قصہ کی نفسی کیفیتوں اور جذبات کے مرقعوں کی بھی "پھولبن" میں کمی نہیں ہے۔ یہاں بھی اس کی یہ خصوصیت موجود ہے کہ، چھوٹی چھوٹی تفصیلات تک نظر انداز نہیں ہونے پاتیں۔

ابن نشاطی کے اسلوب کا خاص وصف درد اور اثر ہے۔ ظاہر ہے کہ اس میں اصل نظم کا حصہ کم ہونا چاہیے۔ کیونکہ اگر خود شاعر کے اسلوب میں یہ خصوصیت موجود نہ ہو تو اصل کے موثر اور دلکش ٹکڑے بھی پھس پھسے

ہوکر رہ جاتے ہیں۔ ترجمے میں، اگر ترجمہ کرنے والے کی ذاتی کوئی چیز نہ بھی ہو تب بھی اسلوب، اس کا اپنا ہوتا ہے "پھولبن" میں اصل سے مطابقت کو جانچنے کا موقع نہیں تھا، کیونکہ اصل مثنوی ہم کو کوشش کے باوجود نہ مل سکی۔ لیکن شواہد ایسے موجود ہیں، جن سے یہ کہنا آسان ہوگیا ہے کہ شاعر نے، اس میں اپنے ذاتی عنصر کو کافی جگہ دی ہے۔ مرتب کو اس کا یقین ہے کہ "پھولبن" اصل نظم سے زیادہ دلچسپ ہے۔ جس کا ایک ثبوت اس کی شہرت اور مقبولیت ہے۔ "پھولبن" قدیم ہونے کے باوجود آج تک زندہ ہے اور اس کے مقابلہ میں اصل نظم مردہ ہوکر رہ گئی ہے۔

اس خیال کی مزید تائید مناجات کے حصّے سے بھی ہوتی ہے۔ یہ حصہ بڑی حد تک خود ابن نشاطی کی ذات سے متعلق ہے۔ اور ظاہر ہے کہ اسے اصل نظم سے کوئی واسطہ نہیں ہے۔ میرا ذاتی خیال یہ ہے کہ یہ حصہ "پھولبن" کا بہترین حصّہ ہے۔ اس سے اندازہ ہوسکتا ہے کہ "پھولبن" کے اسلوب کی خوبی اصل سے زیادہ خود ابن نشاطی سے متعلق ہے۔

ایک چیز جو اس دور کی بعض مشہور نظموں میں کھٹکتی ہے، وہ سلسلہ خیال کے جوڑ ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ابتدائی دور کی نظموں میں، بہت سی باتیں بے کہے

سمجھی جا سکتی نہیں - یہ چیز اردو ہی کی قدیم نظموں کے ساتھ مخصوص نہیں، بلکہ دنیا کی اکثر زبانوں کی قدیم تحریروں کا یہی حال ہے - قدیم اردو میں اس کا ایک اچھا نمونہ مقیمی کی "چندربدن و مہیار" ہے اس خاص نقطۂ نظر سے یہ مثنوی نہایت سقیم ہے - اس میں جگہ جگہ "کہ" اور "سو" ایک وسیع مطلب کا قایم مقام ہوتا ہے - "پھولبن" میں ایسے کھانچے بہت کم، بلکہ پوری نظم میں شاید دو چار سے زیادہ نہیں ہیں - اور یہ بھی خاص طور پر وہاں محسوس ہوتے ہیں جہاں نئے بیان کی ابتداء ہوتی ہے - ورنہ عام طور پر "پھولبن" کا تسلسل کہیں مجروح نہیں ہونے پاتا - متوسط دور کی مثنویوں میں ایسے کھانچے بہت کم ہوگئے ہیں اور بعض مشہور مثنوی نگاروں مثلاً نواب مرزا شوق کے پاس تو اس کا کوئی ذکر ہی نہیں ہے - ظاہر ہے کہ جن لوگوں کے پیشِ نظر ایسے نمونے یا جدید دَور کی بیانیہ نظمیں یا قصّے ہوں، وہ قدیم نظموں کی اس خصوصیت کو ایک کمی محسوس کرینگے - اس میں شک نہیں کہ اچھی شاعری ایمائی ہوتی ہے - لیکن اس سے مراد مطلب کا خبط نہیں ہے - تسلسل کے اپنے موجودہ معیار کو سامنے رکھتے ہوئے، ہم "پھولبن" میں بھی کہیں کہیں یہ محسوس کرتے ہیں کہ ہمارے سیاق و سباق کے تسلسل کے لیے کچھ الفاظ یا جملوں کا اضافہ ضروری

تھا۔ مثلاً ذیل کے تین پارے ملاحظہ ہوں۔

(۱) وو مالی روز اٹ یک پھول لائے ۴۴۸ نظر تل شاہ کے گذرانتا جائے

کہ یک دن پھول دیکھا سو جہاندار ۴۴۹ دسے تس پھول میں خشکی کے آثار

(۲) دھویں آماں کیے ہو سر پر بدل چھائے ۵۹۸ گرم بھاپاں سوں ہوٹاں پو چھلے آئے

سو وو اوتار پدمن ذات بدلی ۵۹۹ طبیعت کی میری سب دھات بدلی

(۳) نقل روح کے قصّے کے سلسلے کا ایک شعر ہے، جس میں بادشاہ کے ہرن کے جسم میں منتقل ہو جانے کا حال لکھتے ہوئے شاعر کہتا ہے۔

بہر حال اس سند چند روز تھا شاہ سو دیکھا رہیں یک طوطے کوں ناگاہ

ان میں سے بعض کھانچوں کے متعلق مرتب کا قیاس ہے کہ وہ کتابت کا قصور ہیں۔ لیکن اس سلسلہ میں یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ اس خصوصیت کی وجہ سے، قدیم نظموں میں بعض جگہ نہایت پر لطف ڈرامائی کیفیت بھی پیدا ہو گئی ہے۔ "پھولبن" سے اس کی دو تین مثالیں پیش کی جاتی ہیں۔

پہلی مثال میں، اس بادشاہ کا حال بیان کیا گیا ہے، جس کا وزیر لشکر لے کر چین کا ملک فتح کرنے گیا تھا۔ اتفاق سے چین کے چند نقاش اس ملک میں وارد ہوئے، کسی نے بادشاہ کو اس کی خبر دی۔ یہ سنتے ہی وزیر کا

خیال بادشاہ کے ذہن میں تازہ ہو گیا، اور طرح طرح کے اندیشے دل میں گذرنے لگے۔

(۱) ہوا شہ غرق یوں اس فکر میں پیس — کہ جاتا ہے طوطا جیوں میان نیس بیس
جو کئی پھر پھر کو بدلا وے ہے ایمان — تراں بار اس کوں کرنا ہور قرباں
جو کوئی اپکار کیس کا نا کرے یاد — فلک چھپلو اسے جیوں زنگ کے ناد
اندیشہ خوب نیں کر دل میں آکر — ندیم یک تھا سو بولیا اس بلاکر

(۲) طوطا، ستنونتی سے پریشاں حالی کا سبب پوچھتا ہے۔

لگیا ہے تجھ کوں کس کے درد کا تیر — ہوا کئے غم سوں گل کر دل نیر ائیر
جلے سو دل سوں اپنے مار کر آہ — دیتی پھر کر جواب اس بھات دو ماہ
کہ سب عالم اوپر روشن ہے یو بات — دیوانیں سو سہاوے کس سندرات

(۳) طوطا ستنونتی کو اپنا ماجرا سناتا ہے، اور اسے ترکیب بتلاتا اور کہتا ہے کہ تو وزیر سے کہہ کہ "تجھ پر مجھے شبہ ہوتا ہے۔ وہ نقل روح کا فن جانتا تھا"۔ اگر وہ اپنا ہنر دکھانے تیار ہو جائے تو، تو مری ہوئی قمری کو اس کے آگے رکھ دے۔ اور جب وہ اپنی روح کو مردہ قمری کے تن میں منتقل کردے تو آگے اپنا کام میں جانتا ہوں۔ ایک روز جب وہ بوالہوس حرم میں آیا، تو ستنونتی نے طوطے سے جو کچھ سنا تھا کہدیا، وہ اُچھل کر

کہنے لگا۔ "تو مجھے جس طرح آزمانا چاہتی ہے آزما۔" اس نے فوراً مردہ قمری کو اس کے سامنے اس طرح رکھ دیا جیسے کوئی آزمانے کو رکھتے ہیں۔"

دکھانے گر ہنر آئیگا تو کافر ۔۔۔ موی قمری کوں اس کے سامنے دھر

کرے جب روح کوں نا ہوئے تو نام ۔۔۔ وہاں تے میں سمجھتا ہوں سیر اکام

حرم میں ایک دن آیا سو وو کول ۔۔۔ سکھی تھی جس روش سوں تیوں اُٹھی بول

اچھل پڑ کر کہا جھٹ اُپر آ ۔۔۔ "تو کیوں نچ آزماتی ہے سو آزما"

موی قمری کوں لیا کر دریانے ۔۔۔ سٹے سٹتے ہیں جیوں گئی آزمانے

غرض "پھولبن" صوری اور معنوی ہر اعتبار سے ایک قابلِ قدر کارنامہ ہے، اور اس زمانے کی بہترین نظموں میں شمار کیا جاتا ہے۔ ابن نشاطی کو صرف اس ایک نظم کی وجہ سے جو لازوال شہرت نصیب ہوئی، وہ قدیم یا جدید زمانے کے کم شعرا کو نصیب ہو سکی ہوگی۔

ایک چیز جو "پھولبن" کے ادبی معیار کو سمجھنے میں ایک حد تک مدد دے سکتی ہے، وہ یہ ہے کہ اس کے قصّے حتی الامکان ان کے اصلی رنگ روپ میں پیش کیے جائیں۔ اس لیے ذیل میں قصّوں کا خاکہ کسی قدر تفصیل سے پیش کیا جاتا ہے۔ اس خاکہ میں صرف چند طویل تشریحات،

ترک کر دی گئی ہیں۔

مشرق میں کہیں ایک شہر تھا، جو کنچن پٹن کہلاتا تھا۔ یہ شہر ندی کے کنارے اس طرح آباد تھا کہ ندی اس کے حصار کی خندق معلوم ہوتی تھی۔ پورا شہر، شہر کی ہر چیز کنچن یعنے سونے کی تھی، حصار، برج، محلات حتیٰ کہ زمین اور درخت، کنکر اور گچ سب سونے کی تھی۔ جدھر نظر اٹھا کر دیکھئے سونا ہی سونا نظر آتا، اسی لیے اس کا نام کنچن پٹن پڑ گیا تھا۔ اس شہر کے استحکام اور خوبی کا یہ حال تھا کہ اس کے حصار کی بلندی ابر بلکہ ہوا کو بھی گذرنے نہیں دیتی تھی۔ پانی بھی اس کی وسعت کو پہنچتا پہنچتا دو چار منزل دم لے لیتا تھا۔ ایسا نادر شہر روئے زمین پر آنکھوں کے مسافر نے کبھی دیکھا اور نہ کسی کے کان کے جاسوس نے سنا تھا۔ اس کی ہوا کی یہ تاثیر تھی کہ سدا نشو و نما کا ہنگام رہتا۔ اگر کوئی سوکھی لکڑی لا کر گاڑتا تو وہ سرسبز ہو جاتی اور اس میں شاخیں نکلنے لگتیں۔ اس زمین پر کانٹے بھی بکھیرے جاتے تو وہ پھول کے بھانٹے ہو کر پھوٹتے تھے۔ اس کے محلات میں اگر کوئی چترکار تصویر اُتارتا تو وہ تصویر فوراً حرکت کرنے لگتی۔ جو چشمے وہاں سے نکلتے، مٹھاس میں، شہد سے زیادہ تھے۔ اگر اس

پانی کا ایک قطرہ آزمانے کو کوئی دریا میں ڈال دیتا، تو تعجب نہیں کہ تمام سمندر میٹھا ہو جاتا۔

اس شہر کے تمام لوگ خاطر جمع اور خوش حال تھے اور سب کے دل کے آہو جفا کے تیروں سے ہر وقت فارغ البال۔ عشرت گویا وہاں پیدا ہوتی تھی۔ اس میں سے جتنی بھی لیجیے، کمی نہ ہوتی تھی۔ غرض وہاں سب کچھ تھا اور اگر کچھ نہ تھا تو وہ غم ہے۔ اس شہر پر عجیب آسمانی فیض نازل تھا کہ اس میں پہنچ کر بوڑھے بھی تازہ جوانی پاتے تھے۔ اس پر ہمیشہ خوشی کی بارش ہوتی رہتی۔ اسی حالت میں وہ شہر بستا تھا۔

اس شہر کا ایک بادشاہ تھا نہایت نامور اور خوش بخت، اسے دنیا کے بادشاہوں میں سروری حاصل تھی۔ بڑے بڑے تاجدار اس کی اطاعت اور ضبط میں تھے۔ روئے زمین پر اس کا ثانی نہ تھا۔ اور بحر و بر اس کے حکم میں تھے۔ مہربانی کے آسمان کا یہ سورج، جہاں پرور کے نام سے دنیا میں مشہور تھا۔ جو کوئی فلک کا ستایا اس کے پاس آتا، جی کی طرح پرورش پاتا۔ اور جو کوئی ہاتھوں کی سیپی کو اس کے سامنے پھیلاتا مقصد کے موتی سے پُر جاتا۔ کسی کو کسی پر دست درازی کی

مجال نہ تھی، اگر ہوا خاک کو پریشان کرتی تو زمین کو ہوا سے تاوان دلایا جاتا اور اگر کہیں دھرتی پانی کو چرا لیتی تو، اس کو کھود کر پانی نکالا جاتا۔ شہر گویا ایک باغ تھا اور بادشاہ ایک باغبان۔ اسی کی بدولت سارا جہان تازہ تھا۔

نوا نبر کا خبر دینے والا، چاند سورج کی بات اس طرح کہتا ہے کہ، جب سورج بلندی سے پستی کی طرف آیا، اور مغرب کے معبد میں جا کر ٹھیرا ساتھ ہی رات کی نشانیاں نمودار ہوئیں اور سارا عالم نیند کے سجدے میں گر پڑا۔ درندوں نے اپنی اپنی گوی کے گوشوں کی راہ لی، اور چرندے کونوں سے لگ کر بیٹھ گئے۔ پنکھی بھی آشیانوں میں متمکن ہو گئے، راحت کی فراغت نصیب ہوئی تو بادشاہ نے بچھونے پر استراحت کیا۔ اور جب نیند لگ گئی تو خواب میں ایک درویش کو دیکھا، جس کے جسم پر اجلا سا پیرہن تھا اور ایک باریک سیلے سے کمر بندھی ہوئی تھی۔ سر پر شملے کی عوض دستار اور ہاتھ میں ایک رنگین طرحدار عصا تھا۔ وہ ہاتھ میں مصلّے لیے ہوئے تھا، اور اس کا دل ریاضت کی بدولت مصفّا۔ اگرچہ اس کا پورا جسم لہو سے خالی تھا، لیکن پیشانی پر سجدے کی لالی

موجود تھی، وہ اس حالت سے بادشاہ کے دربار میں کھڑا نظر آیا اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اجازت کا منتظر ہے۔

جب صبح ہوئی اور پرندوں نے تسبیح و تہلیل شروع کی، اور سورج خطابت کا ساز و سامان لئے آسمان کے منبر پر خراماں ہوا۔ بادشاہ یکبارگی نیند سے بیدار ہوا اور رات کے خواب کو دھیان میں لایا۔ اس کے دل میں خواب کے متعلق طرح طرح کے اندیشے گذرنے لگے، فوراً خادم کو بلایا اور حکم دیا کہ دربار میں دیکھ آ کہ کوئی اس طرح کا درویش تو نہیں کھڑا ہے، اگر وہ دربار میں نہ ملے تو اس کو جہاں ملے ڈھونڈ کر لے آ۔" خادم دربار میں گیا، بازار ڈھونڈا لیکن ایسا درویش نہ ملا۔ وہ گلی گلی اس ولی کو ڈھونڈتا پھرتا تھا، آخر ایک خانقاہ میں پہنچا، جس کے در و دیوار پر نور برستا تھا۔ وہاں اربابِ طاعت اور اہلِ عبادت جمع تھے۔ اور آپس میں طریقت، معرفت، حقیقت کی گفت و گو کر رہے تھے۔ خادم نے جب غور سے دیکھا تو وہ درویش انہیں میں بیٹھا نظر آیا۔ دوڑ کر سجدہ کیا اور بادشاہ کا حکم سنایا۔ درویش روشن ضمیر پہلے ہی سے یہ بات جانتا تھا، اس لئے یہ کہہ کر اٹھا اور ساتھیوں سے اجازت لی کہ "کسی کا دل توڑنا خوب نہیں"۔

جب وہ دربار میں آیا تو بادشاہ کو بڑی خوشی ہوئی۔ درویش بڑا صاحب کمال تھا۔ اس کی زبان بات میں مشاق اور قلم کی طرح ہر وقت اس کے ہاتھ میں تھی۔ وہ روز ایک تازہ حکایت بادشاہ کو سناتا' اور ہر شب ایک نیا سوز اسے دیتا۔ جب درویش قصہ کہتا رہتا تو بادشاہ بے مے' مست نظر آتا۔

ایک زحل رات' جب بدر سورج کی طرح روشن تھا' اور دن اور رات میں کوئی فرق نہیں معلوم ہوتا تھا' نجومی پریشان تھے کہ چوبیس ساعت کا دن کیسے آگیا۔ اصطرلاب لے لے کر دیکھتے تھے لیکن یہ راز ان پر حل نہ ہوسکتا تھا' ایسی رات میں بادشاہ نے نہایت خوش ہو کر درویش سے کہا "تمہاری باتوں میں عجب کچھ سوز ہے کہ میں بے پیئے ہی مست ہو جاتا ہوں۔ اب کچھ گفتگو کرو۔" درویش نے سوچا کہ اس سے معرفت کی حقیقت کھول کر کس طرح کہوں' اس کا سمجھنا ہر ایک کے لیے آسان نہیں ہے' بہتر ہے کہ ایک مجازی حکایت اس کو سناؤں۔ یہ ٹھہرا کر اس نے لب کھولے اور یوں شکر ریز ہوا۔

"ملک خراسان جو سب میں بڑا ملک ہے' میرا باپ وہاں کا پردھان تھا۔

وہ نہایت روشن ضمیر اور صاف باطن شخص تھا، اس کی عقل و فراست کا یہ حال تھا کہ افلاطون، ارسطو اور بوعلی سینا اس کے شاگرد کی حیثیت رکھتے تھے۔ چھ مہینے بعد جو بات ہونے والی ہوتی، وہ بتلا دیتا۔ اسی سے میں نے ایک حکایت سُنی ہے کہ کشمیر میں ایک نہایت عقلمند اور عادل بادشاہ تھا۔ اس کی حکومت ہر چیز پر تھی۔ اگر گل اس کی اجازت کے بغیر کھلکھلاتے، تو ہوا کے ہاتھ سے ان کے ٹکڑے اُڑا دیتا۔ اور جو نرگس بغیر حکم کے آنکھ کھولتی تو ہوا کے ہاتھوں خوب جھکولے کھاتی۔ جب بادشاہ حکم دیتا نہ وہ ہلتے بلکہ شاید ایک آور پاؤں ہوتا چلنے لگتے۔ ہوا کو اس کی قدرت نہیں تھی کہ بغیر اس کی اجازت کے چمن سے نکہت کو لے کر پراگندہ کرے۔ سنبل اس کے اشارہ کے بغیر لب کھول سکتا تھا، اور نہ طوطی اور بلبل بول سکتی تھی۔

ایک روز جب موسم بہار پر تھا، اور ہر طرف پھول کھلے ہوئے تھے، بلبلیں نغمہ سنجیاں کر رہی تھیں، کوئلیں کوک رہی تھیں، پادشاہ نے مجلس جمائی، جب وہ مجلس کو زینت دینے بیٹھا تو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ فردوس میں رضواں بیٹھا ہوا ہے، ایسے میں باغبان ایک پھول لیکر

حاضر ہوا۔ ایسا معلوم ہوا کہ گویا بادِ صبا خوشبو لیکر آئی۔ اس پھول کی بو مشک و عنبر کی طرح تھی، جس پر ساری محفل وارفتہ ہوگئی۔ باغبان نے وہ پھول بادشاہ کے نذر کیا اور بادشاہ گل کی طرح شگفتہ ہو کر تعجب سے پوچھنے لگا "اے بن کو سدا پانی دینے والے! ایسا پھول چمن میں آج تک نہیں دیکھا تھا، اگر اس کا پودا لاکر میرے چمن میں لگائیگا تو تیرا دہن کلی کی طرح زر سے پُر کر دونگا"۔ مالی نے یہ حکم سن کر اپنا سر زمین پر رکھا، اور پانی کی طرح بغیر مڑ کر دیکھے چلا، اس پھول کو وہ چمن چمن ڈھونڈتا پھرا۔ کئی روز بعد وہ پودا اس کے ہاتھ لگا، اور اسے لاکر بادشاہ کے چمن میں لگایا۔ ہر روز وہ ایک تازہ پھول بادشاہ کی نذر کو لاتا، اور بادشاہ اس سے بیحد محظوظ ہوتا۔

ایک روز جب بادشاہ نے پھول دیکھا تو اس میں سوکھنے کے آثار نظر آئے۔ رنجیدہ ہو کر مالی سے سبب دریافت کیا۔ مالی نے جواب دیا "چمن میں ایک کالا بلبل ہے جو گل کا عاشق ہے۔ کبھی تو وہ پھول پر آکر پروں کو پھیلا دیتا ہے اور کبھی کانٹوں پر سینہ مارتا ہے۔ کبھی اپنے چنگل سے پنکھڑیاں کھولتا اور کبھی منقار سے کلیاں تتر بتر کرتا ہے۔

کسی وقت خوشی سے جھوم جھوم کر چہچہاتا اور کسی وقت زار نالی کرتا ہے، اس لیے پھول کملا گیا ہے"۔ یہ سنکر بادشاہ کو بڑا رنج ہوا۔ اس نے حکم دیا کہ "بلبل کے لیے ایک پھاندا باندھو اور اس کے حلقے ایسے تنگ کرو کہ پانی بھی، اس میں مچھلی کی طرح سپر جائے۔ اور اگر ہوا بھی اس میں سے گزرنا چاہے تو پرندے کی طرح گرفتار ہو جائے"۔ شکاری نے اسی طرح کا پھندا اس جھاڑ کے نیچے باندھ دیا اور بلبل کو دھوکا دینے کے لیے اس میں کچھ دانے بھی ڈال دئے۔

آسمان دام ہے اور تارے دانے، کیونکہ اس کے کاروبار دام جیسے ہیں۔ اس دام سے کسی کو غافل نہ رہنا چاہیئے۔ اس کا کام بے وفائی ہے اور اس سے کدورت کے سوا کچھ حاصل نہیں۔ دیکھو کہ ستاروں کو کبھی رکھتا ہے اور کبھی نہیں رکھتا۔ بادل کو گھڑی بھر کے لیے کہیں امن نہیں دیتا۔ دو دوست جو ایک تن ہو کر رہتے ہیں انہیں جوزا کی طرح الگ کر دیتا ہے۔ جو کوئی خوشی سے پاؤں پسار کر بیٹھتا ہے، اسے عقرب بن کر ڈنک مارتا ہے۔ بے چارے بلبل نے جب اس جگہ دانے پڑے دیکھے تو بڑا خوش ہوا اور سمجھا کہ آج نصیبے کی یاوری ہے، میرا بخت مجھ سے سازگار ہے شاید

میرے برج میں چاند ہے اور میرے ستارے کی مجھ پر نظرِ عنایت ہے کہ محبوب اور چارا دونوں ایک جگہ مل رہے ہیں۔ عرصہ سے بغیر کھائے پئے پڑا تھا۔ بارے آج راحت کے ساتھ چارہ کھا کر، بلبل کا نظارہ کروں گا۔" اسے کیا معلوم تھا کہ دشمنوں نے شکر میں زہر ملا کر رکھا ہے۔ بلبل مارے خوشی کے گل کی طرح شگفتہ ہو کر دیوانہ وار دانہ پر گرا، جوں ہی اس کا پاؤں پڑا، پھندا گلے میں تھا۔ وہ غریب دانہ کھانے گیا تھا، اُلٹا پھندا گلے میں پڑ گیا اور پھڑپھڑانے لگا۔

عزیز و طمع بُری چیز ہے۔ اسے خوب نہ جانو، اس سے ذلت نصیب ہوتی ہے، وہی تمام بلاؤں سے چھوٹے ہوئے ہیں، جو طمع داری سے دور ہیں، وہ بلبل دانے کی طمع سے بند میں گرفتار رہا۔ پھندے میں پڑ کر بلبل اپنے گل کو مخاطب کر کے کہنے لگا کہ "میرے جان کے ساتھی، اے میری روح کی راحت، تیرے رُخ سے میرے نین روشن اور تیرے لب سے میرے بین شیریں تھے۔ تیری زندگی سے میرے برگ کی تازگی تھی۔ تیری جدائی میں میری مرگ ہے۔ میری آنکھوں میں اندھیرا چھا رہا ہے۔ اے یار تیرے بغیر میں کیونکر رہوں

ہیں آج تک بغیر کھائے پیئے تیرے قدموں کے پاس چھانوں ہو کر پڑا تھا۔ جہاں بھی جاتا پھر اسی جگہ لوٹ آتا اور تجھ کو بغیر پلک مارے گھورتا رہتا۔ مجھے اس کا غم نہیں کہ میں گرفتار ہو گیا' غم اس کا ہے کہ تجھ سے دُور پڑ گیا"۔

پاپی شکاری نے جب بلبل کو دام میں پھنس کر زاری کرتے دیکھا' تو غصے سے ہونٹ چباتا ہوا ستم کی آستینوں کو چڑھا کر دوڑتا ہوا آیا' اور اس کو پکڑ کر پنجرے میں ڈال دیا۔ پنجرا اتنا تنگ تھا کہ دم بھی باہر نکل نہ سکتا تھا' اس کی تنگی بخیلوں کی گور بلکہ چشم مور سے زیادہ تھی۔ شکاری اس پنجرے کو لے کر بادشاہ کے پاس آیا اور تسلیم بجا لا کر' پنجرا اس کو پیش کیا۔ بادشاہ بہت خوش ہوا اور بلبل کو ایک جڑاوی پنجرے میں ڈال کر دربار میں رکھا۔

جب بلبل نے دیکھا کہ اب وہ دن رہے نہیں' اور محبوب کے ورشن کے دروازے اس پر بند ہو گئے ہیں تو سر کو پروں میں چھپا کر اور پکوتے ڈھال کر رونے لگا۔ کہ "مجھ پر جو بیت رہی ہے' اس کا حال' اس گل سے کون بیان کریگا۔ اس حور کے بغیر' میرے لیے دنیا دوزخ ہے' اور اس

مہرو کی جدائی میں، دن رات کی طرح تاریک۔ جب سے اس گلبدن سے
دور ہوا ہوں، میرے بدن کا رواں رواں کانٹا ہو کر سل رہا ہے۔ پون
کے بغیر میرا کوئی محرم نہیں جو اس کے پاس جا کر میرا غم کہہ سنائے۔
"اے خوش باش ہوا، بارے تو ہی میرا دکھ پھول سے بیان کر۔ کاش
میرا جسم ہوا کا ہوتا! میں کسی نہ کسی طرح یہاں سے اڑ کر اس کے پاس پہنچ
جاتا۔ لیکن افسوس اب وہ پاؤں کہاں جو اس تک جا سکوں، اور وہ آنکھ
کہاں جو اس کا درشن دیکھ سکوں"۔

بلبل کو اس طرح زاری کرتا دیکھ کر پادشاہ نے ایک روز اس سے
پوچھا۔ "تو کیوں اس قدر پریشان ہے، کس جادو چشم کی خاطر اس طرح
بے خواب اور کس کی زلف کے لیے اتنا بے تاب ہے۔ مجھے کہہ کہ کس
لیلی کا تو مجنوں ہے۔ اور کس کی نگہ کا تجھے نیشا لگا ہے کہ تو نے کوہ کن
کا پیشہ اختیار کیا۔ سچ بتا کہ تو کس کنول کا بھنورا اور کس پھول کا بلبل ہے؟"

بلبل بادشاہ کی گفتگو سن کر، آنکھوں کے دریا سے موتی رولنے لگا،
اور یوں جواب دیا کہ "تو میرا دکھ نہ سنے اور میری آگ کے پھول نہ چنے
تو بہتر ہے۔ جس کے دل میں میرا سا دکھ بھرا ہوگا، اس کے لیے زمین

سخت اور آسمان دور ہے۔ جو بہ پھندے میں پھنسا ہو اور جس پر بیتی ہو، وہی میرا دکھ سمجھ سکتا ہے۔ کیا بتاؤں میرا دل غم سے کیوں پچھاڑیں کھا رہا ہے۔ یہ دکھ نہ کہا جا سکتا ہے اور نہ کہنے میں آسکتا ہے۔ اور اس کے کہنے میں فائدہ ہے اور نہ چپ رہنے میں۔ اگر یہ بات زبان پر لاؤں بھی تو کیا فائدہ؟۔

بادشاہ بلبل کے غم سے اشکبار ہو کر کہنے لگا۔ "شکر کھائے بغیر منہ میٹھا نہیں ہو سکتا۔ اور بغیر مشورے کے کام درست نہیں پڑتا۔ مجھے اپنے دل کی بات سنا، ممکن ہے کہ میرے ہاتھ سے تیرا مقصد پورا ہو۔"

اس قدر دلاسا پاکر، بلبل اپنا احوال بادشاہ کو اس طرح سنانے لگا۔

"میرا باپ ختن کا سوداگر تھا، مال و دولت کی اس کے پاس کچھ کمی نہ تھی۔ گھر میں ہیروں کے انبار لگے ہوئے تھے، اور روپے اور دینار ڈھیروں سے تھے تمام بندرگاہوں میں اس کی شہرت تھی، وہ سب سوداگروں میں بڑا تھا۔ طرح طرح کے بیش قیمت کپڑوں کے بستوں سے اس کی دکانیں بھری پڑی تھیں۔ دریا میں اس کی کشتیاں اتنی چلتی اور کھڑی تھیں کہ ان کی گرمی سے دریا سوکھ کر کیچڑ ہو گئے تھے۔ وہ اپنی تجارت کے سلسلے میں

عربستان، حلب، روم شام، بنگالا، آسام، واسط، اسفرائین، صفاہان، مداین، تبریز، شروان، ہمدان، کاشان، ارمن، روس، طوس، سراندیپ، شیراز، اردبیل، ختن، ہین، دماوند، بخارا، سمرقند، کابل، لاہور، مانڈو، ماہور، غرض سارے عالم کا چکر لگاتا رہتا۔ اتفاق سے وہ ایک دفعہ تجارت کے کئی سامان لے کر گجرات گیا۔ اس سفر میں، مَیں بھی اس کے ساتھ تھا۔ اس وقت میری ابتدائی جوانی تھی۔ اور ذوق عشرت نے مجھے بدست بنا رکھا تھا۔

ہم جہاں ٹھیرے تھے، وہیں قریب میں ایک زاہد پارسا رہتا تھا، اس کی ایک بیٹی تھی۔ بڑی چتر، بڑی چنچل۔ میں اس کا سراپا کیا بیان کرسکونگا۔ اس کے ابرو کا نور محراب مسجد پر کبھی نہیں دیکھا گیا اس کی پیشانی، چاند سے زیادہ چمکدار تھی۔ اس کی پلکوں کو تیر اس لیے نہیں کہنا چاہیے کہ کبھی کوئی تیر کا اسیر نہیں ہوتا۔ اس کے نین کو نرگس کہنا نازیبا ہے۔ کیونکہ نرگس میں وہ ناز کہاں؟ اس کی ناک چمپے کی کلی کی طرح نازک تھی۔ اس کے رخسار کو لالے سے کیسے تشبیہ دوں کہ لالے میں داغ ہوتا ہے۔ ہونٹ کو لعل کیونکر کہوں، لعل میں

وہ نرمی اور نازکی کہاں! دانتوں کو انار دانے نہیں کہہ سکتے۔ ان پر' دانے بھی دیوانے تھے۔ اس کی ٹھڈی جیسا سیب دنیا میں کہاں ہے جس میں عشق کا آسیب ہو؟ اس کی کمر کے سامنے شرزے کا ذکر ہرزہ ہے سرو' اس قد کی حد کو نہیں پہنچ سکتا۔ اگر اس کی چال کو کوئی ہنس کی چال سے تشبیہ دے تو اس کی عقل پر ہنسنا چاہیے۔ غرض اس موہنی کا سراپا جیسا تھا' اس کی تعریف کرنے کی مجھ میں سکت نہیں۔

میرے دل میں اس کے دیکھنے کی ہوس پیدا ہوئی' جب وہ یاد آتی تو میرے سینے میں گدگدی ہوتی۔ اس کی پرت کی ہوا جو لگی تو میرا حال دگرگوں ہونے لگا۔ میں ہر روز اس کی گلی کو جاتا۔ پا پیادہ اور اکیلا۔ آہستہ آہستہ قدم رکھتا ہوا کبھی اس دیوار سے لگ کر چلتا اور کبھی اس دیوار سے۔ تاکہ کوئی دیکھ نہ لے۔ اور وہاں پہنچ کر اس چندر بدن کے گھر کی طرف منہ کر کے' آنکھوں کے تارے بکھیرتا' اور آہوں کا کھلا باندھتا۔ کتنے دن بعد' امید کا سورج طلوع ہوا' اور میرے بخت کی آنکھوں کو نور بخشا۔ نصیبا جو دوست ہوا' تو یکایک

وہ چنچل میری طرف جھانک کر دیکھتی۔ میری اور اس کی نظریں چار ہوئیں اور ہم دونوں کے دل مل کر ایک ہو رہے۔ اب یہ حال ہوا کہ جس طرح میں اسے یاد کرتا، وہ بھی مجھ کو یاد کرنے لگی۔ کبھی میں اس کے قدموں کے پاس سر سے چلتا جاتا اور کبھی وہ مجھے گھر پہنچا جاتی۔ اسی طرح سے دن رات گذرتے گئے۔ کبھی لوگوں کے ڈر سے ہم اپنی جگہ پر رہتے۔ اور کبھی کوئی نہ سنے جیسا بات کرتے یا چھپ کر اشارے کرتے۔ کبھی ایک دوسرے کو آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھا کرتے اور کبھی، ایک دوسرے کو نظروں میں چراتے۔

ناگہاں کسی نے زاہد کو اس کی خبر کر دی۔ چارٹی خور کا منہ جگ میں کالا! زاہد یہ خبر سن کر تلملانے اور اپنے آپ میں غم سے پچھاڑیں کھانے لگا۔ آبرو جاتی دیکھ کر وہ مارے شرم کے ایک حجرے میں بند ہو گیا۔ اور سرو کی طرح ایک قدم پر کھڑا ہو کر، ڈھاک کے پتوں کی طرح ہاتھ پھیلایا اور بد دعا کی کہ ہماری صورت تبدیل ہو جائے۔ اتفاق سے اس روز رحمت کے کواڑ کھلے تھے۔ اس کی دعا تیر کی طرح، آسمانوں کے ساتوں سپر سے گذر گئی اور سیدھی نشانے پر جا کر لگی۔ میں ماتمی کسوت کے ساتھ بلبل اور وہ گل کی صورت میں تبدیل ہو گئی۔ اسی وقت سے دردناکی اور

سینہ چاکی میں مبتلا ہوں"۔ بلبل نے دعا پر کلام ختم کیا۔ اور کہا "آگے تجھے سب معلوم ہے، اب میرے بخت ہیں اور تیری نظر"۔

یہ احوال سنکر بادشاہ کو خیال آیا کہ اس کے خزانے میں ایک انگوٹھی ہے جس کو اگر ممسوخ پر پھرائیں تو وہ صورت اصلی پر آجاتا ہے۔ اسی وقت خزانے دار کو بلا کر، انگوٹھی کو لانے حکم دیا۔ جب انگوٹھی آگئی تو بادشاہ نے پہلے وضو کیا، پھر آیۃ الکرسی کو پڑھ کر، دونوں پر اس کو پھرایا۔ خدا کے فضل سے، وہ جیسے پہلے تھے ویسے آدمی بن گئے۔ دونوں ایک سے بڑھ کر ایک خوبصورت تھے۔ جو ان کی صورت دیکھتا، کہتا "یہ لیلیٰ ہے اور یہ مجنوں، شیریں اور فرہاد ایسے ہی تھے" کیا یوسف اور زلیخا دنیا میں پھر آئے ہیں!"

بادشاہ بہت خوش ہوا، اور بڑی دھوم سے ان کا بیاہ کر دیا۔ سوداگر کے بیٹے کو دربار میں ایک بڑا منصب عطا کیا گیا۔ وہ ہر روز صبح بادشاہ کے دربار میں حاضر ہوتا، اور قصّوں سے اس کا دل بہلایا کرتا۔ ایک روز بادشاہ نے اس سے فرمائش کی کہ آج کوئی عشق کا قصہ بیان کر کیونکہ محبت اور اس کے سوز سے تو واقف ہے"۔ یہ حکم سن کر، اس نے اس طرح قصہ شروع کیا۔

ملوک پیشین میں سے ایک کے متعلق میں نے سنا ہے کہ، وہ بڑا عالی ہمت اور صاحب لشکر تھا۔ ایک روز دربار بھرا ہوا تھا، اور بادشاہ تخت پر جلوہ افروز تھا۔ حاجیوں نے آکر خبر دی "چین سے ایک نقاش آیا ہے اور کئی نقش لکھکر لایا ہے۔" چین کا نام سنتے ہی بادشاہ کے چہرہ پر غم کے آثار نمودار ہوئے، اس نے ایک وزیر کو بڑے بھاری لشکر کے ساتھ، چین کا ملک فتح کرنے بھیجا تھا۔ اُس وقت سے اس کی خبر نہیں آئی تھی۔ بادشاہ کے دل میں اندیشے گذرنے لگے کہ، کہیں وہ خود ملک لے کر نہ بیٹھ گیا ہو۔ پھر یہ سوچ کر کہ بدگمانی خوب نہیں، اس نے ایک ندیم کو طلب کیا اور حکم دیا کہ کوئی حکایت بیان کرتا کہ غم غلط ہو۔ ندیم واقف کار تھا، موقع کے مناسب اس نے یہ حکایت بیان کی۔

"ایک راجہ، فہم و ذکا میں بڑا مشہور تھا۔ اسے جوگیوں سے بڑا اعتقاد تھا۔ ملک، ملک کے جوگی اس کے پاس آتے تھے۔ ایک روز ایک جوگی اس کے شہر میں آیا۔ بادشاہ نے خود جاکر اس کو لیا۔ محل میں لاکر عزت سے بٹھایا اور احوال پوچھنے لگا۔ "کہ تم کہاں سے آئے اور کہاں رہنے والے ہو۔ کرم کیا کہ ہم کو درشن دکھلایا۔" جوگی نے جواب دیا۔

"اے بادشاہ، ہم آنے جانے والے کون؟ جو کچھ کرتا سو حق کرتا ہے۔ ہماری ناتھ کی ڈور اُسی کے ہاتھ میں ہے۔" بادشاہ نے اس کو بہت عزت سے رکھا۔ اس کے لیے گھی اور دودھ کا راتب مقرر کر دیا۔ جوگی نے یہ سوچ کر کہ بادشاہ کے پیار کا کچھ تو اپکار کروں، اُسے نقل روح کا منتر سکھایا، جس سے وہ کسی اَور جسم میں جا سکتا تھا اور جب چاہے واپس اپنے تن میں آ سکتا۔ بادشاہ کا ایک وزیر بڑا ہوشیار تھا، اور وہ اسی زمانے میں اتفاق سے ایک بڑا کام انجام دے کر آیا تھا، بادشاہ نے خوش ہو کر اس سے فرمایا کہ "کیا مانگتا ہے مانگ" اس نے سجدہ کر کے کہا۔ "تیری ہمت سے سیم وزر کی کمی نہیں۔ اتنی کرم بخشی تو نے کی ہے کہ کسی چیز کی حاجت نہیں۔ لیکن اگر مجھ کمینے پر مہربانی کر کے، نقل روح کا منتر مجھے سکھا دے تو، ذرہ نوازی ہے۔" بادشاہ یہ سنتے ہی گال کو ہاتھ لگا کر سوچنے لگا کہ اس کو یہ ہنر سکھانا، اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑی مارنا ہے۔ لیکن قول دے چکا ہوں، 'نا' بولوں تو جھوٹا ٹھہرتا ہوں۔ بادشاہ دنیا میں جھوٹ بولنے لگیں تو پھر کون کسی کو پتیائیگا۔ یہ سوچ کر، خدا پر توکل کیا۔ اور اس منتر کو سکھا دیا۔

ایک روز بادشاہ شکار کے لیے گیا۔ جب شکار کھیل کر واپس ہونے لگا تو قضائے حکم سے وہ لشکر سے جدا ہو گیا۔ اس کے ساتھ سوائے اس وزیر کے کوئی اور نہ تھا۔ پھرتے پھرتے دونوں ایک جنگل میں پہنچے۔ یہاں راستہ پر ایک ہرن مردہ پڑا ہوا ملا۔ بادشاہ کو خواہش ہوئی کہ اس کے جسم میں جاکر منتر کو آزماؤں، تھوڑی دیر ہرنوں کے ساتھ پھروں، اور ہرنیوں کی بیت کا مزا لوٹوں"۔ یہ سوچ کر، اس نے اپنی روح ہرن کے مردہ جسم میں منتقل کی اور پھرنے کے لیے جنگل کی طرف چلا گیا۔ وزیر نے بادشاہ کا جسد خالی پڑا ہوا دیکھا تو بادشاہ بننے کی ہوس دل میں پیدا ہوئی۔ فوراً اپنی روح کو، بادشاہ کے جسم میں داخل کیا۔ اور اپنا جسم تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے کر کے پھینک دیا۔ اس طرح دغابازی سے وہ سلطنت لیکر بیٹھ گیا۔

اس بادشاہ کی ایک رانی تھی جس کا نام ستونتی تھا۔ اس کی عصمت اور عفت کا یہ حال تھا کہ چاند سورج بھی اس کی چھانوں دیکھنے نہ پائے تھے۔ اگر کبھی وہ آئینہ کے سامنے جاتی تو اپنے مردم چشم کو دیکھکر شرما جاتی اور اگر کبھی بال کھولنے کنگھی لیتی تو پنجہ کا نمونہ سمجھ کر پھینک دیتی۔

نرگس کو دیکھ کر منہ پر آنچل کھینچ لیتی۔ اس کی پاکدامنی کی عورتیں قسم کھایا کرتی تھیں۔ اس نے بادشاہ کے چال چلن نئے دیکھے تو اس کو شبہ ہوا۔ جب کبھی وہ اس سے محبت کا اظہار کرتا، ستنونتی حیلے سے ٹال دیتی۔

اصلی بادشاہ جب واپس آیا تو اپنے جسم کی جگہ خالی دیکھی، اسے بڑا رنج ہوا، لیکن کیا کرتا، ناچار مکار وزیر کو کوستا پھرتا تھا کہ ایک مرا ہوا طوطا نظر پڑا، اس نے فوراً اپنی روح کو اس میں منتقل کیا، اور نئی زندگی اختیار کر کے بادشاہ کے شکاری کے گھر پر جا بیٹھا۔ شکاری اسے دیکھتے ہی پنجرا درست کرنے لگا، طوطے نے اس سے کہا، پنجرے کی ضرورت نہیں، میں خود گرفتار ہوتا ہوں، لیکن ایک شرط پر، تو مجھے بادشاہ کے ہاتھ بیچ دے۔" شکاری اس کی گفتگو سن کر بڑا حیران ہوا، اور اُسے پنجرے میں ڈال کر فریبی بادشاہ کے پاس لے گیا۔ وہ بھی اس کی میٹھی باتیں سن کر بہت خوش ہوا، اور اسے خرید کر اسی مقام پر رکھا جہاں ستنونتی رہتی تھی۔ ایک روز طوطے کو موقع ملا، اس نے ستنونتی سے پوچھا۔" اے سرو آزاد تیری جوانی کا رنگ کیوں برباد ہوا، کس کے غم میں تو بے کل ہے۔" ستنونتی نے آہ کھینچ کر کہا۔" سب عالم پر یہ بات

روشن ہے کہ دیا نہ ہو تو رات کیسے سہاتی ہے اور جس کے منہ میں تنبول نہ ہو، وہ منہ کیونکر بھلا لگے گا، جدائی میں مرنا آسان ہے، بغیر پیہو کے زندہ رہنا مشکل۔ پریشان ہوں لیکن محبت میں ثابت قدم ہوں۔ شمع کی طرح جل رہی ہوں، لیکن اپنی جگہ سے ٹلی نہیں"۔ طوطے نے اس کی وفاداری دیکھی، تو رو کر اپنا سارا ماجرا کہہ سنایا، اور کہا کہ اب جو وہ تیرے ساتھ محبت کا اظہار کرے تو، تُو اس سے کہہ کہ "تُو وہ راجا نہیں ہے، تجھ پر مجھے شبہ ہوتا ہے وہ نقل رُوح کا فن جانتا تھا۔ وہ فریبی تجھ پر قابو پانے کے لیے اس پر تیار ہو جائے، تو، تو مردہ قمری کو اس کے سامنے رکھ دے۔ آگے میں اپنا کام سمجھتا ہوں"۔ چنانچہ یہی ہوا، جب اس نے ستونتی سے یہ سنا، تو اچھل پڑا، اور کہا "تو کیا آزماتی ہے، دیکھ!" ستونتی نے فوراً مری ہوئی قمری اس کے سامنے رکھ دی" جوں ہی فریبی نے قمری کے جسم میں اپنی جان ڈالی، بادشاہ، اپنے اصلی جسم میں آگیا اور قمری کی ٹانگیں چیر کر اسے پھینک دیا۔ اور سلیمان کی طرح پھر تخت پر بیٹھا۔ دنیا کو خوشی نصیب ہوئی، اور سب آداب احترام بجا لائے۔ اتنے میں ایک وزیر آیا، اور بادشاہ کی مدح و ثنا بجا لا کر عرض کی۔ "اے فرخندہ طالع!

وہ بدبخت اسی طرح فنا ہوا جس طرح ایک بادشاہ، کسی عورت پر فریفتہ ہوکر تخت کھو بیٹھا تھا"۔ یہ سنکر بادشاہ اس کی طرف متوجہ ہوا، اور پوچھنے لگا۔ "وہ کون کوتاہ بیں تھا جس نے عورت پر بھول کر اپنی عزت گنوائی"۔ وزیر نے یہ دیکھ کر کہ بادشاہ کی طبیعت قصہ سننے کی طرف راغب ہے، یوں گویا ہوا۔

"قدیم زمانے میں ملک عجم کا ایک پادشاہ تھا، جس کی بیٹی بڑی قبول صورت تھی۔ اس کا نام سمن بر تھا، اور سارا عالم اس کے حسن کا شیدائی۔ مصر کا شہزادہ ہمایوں فال بھی اس کے حسن کا شہرہ سنکر، اس کا دیوانہ ہوگیا اور اس کو دیکھنے کے لیے ملک اور ماں باپ کو چھوڑ کر بہ حال تباہ روانہ ہوا۔ بڑی مشقتیں اٹھاتا آخر، اس شہر میں پہنچا۔ وہاں جو دیکھتا ہے تو شہر ہر طرف عاشقوں سے گلزار بنا ہوا ہے۔ کتنوں نے اس کے رخسار کے دھیان میں اپنا گریبان چاک کر رکھا تھا، کئی اس کے بام کی طرف مُنہ اٹھا کر سوسن کی طرح سو زبان سے اس کی تعریف کرتے تھے، کچھ اس کے دہن کی یاد میں، کلی کی طرح مُنہ موند کر پڑے تھے۔ بہت سے اس کے قد کی یاد میں سرو کی طرح ایک پاؤں پر کھڑے ہوئے نظر آئے، اور چند اس کے

غمِ ہجر میں بلبل کی طرح سیہ پوش ہو گئے تھے۔ جب عشق کا سوز دل میں ضبط نہ ہو سکا تو وہ بھی شب و روز اس کے محل کے پاس جاتا۔ اور آنکھوں سے لہو کے دریا بہا کر اپنے دامن کو شفق کر دکھاتا اور کہتا۔ "اے میرے نصیبے کے سورج، اس حالت میں کب تک پڑا رہوں کہ دن کو نور نہ دکھے حسن کے آسمان سے چاند کی طرح باہر نکل اور میری آنکھ سے اندھیرے کو دُور کر"۔ کتنے دن تک یوں ہی روتا اور آنسوؤں کے پانی سے منہ کو دھوتا رہا۔ اتفاق سے ایک روز طالع کی اس پر نظر ہوئی، اس چنچل نے اسے جھانک کر دیکھا ادھر اس نے بھی اسے دیکھا، اور دیکھتے ہی دونوں بے قرار ہو گئے۔ دونوں کی نظر سے جو تیر نکلے سینوں کے سپر سے پار ہو گئے۔ شہزادی اسے دیکھ کر ناز سے یوں بول اٹھی۔ "تو کہاں کا رہنے والا ہے اور عاشقی کا بار سر پہ لیے یہاں کس لیے آیا ہے۔ اس طرح یہاں آنا اور اپنے آپ کو رسوا کرنا خوب نہیں۔ میرے ماں باپ سنینگے تو اس کو کس طرح روا رکھینگے؟ اس مقام سے نکل جا، اور اس بلا کے بار سے سبکدوش ہو جا"۔ اس طرح اس نے عاشق کو کس کر دیکھا۔ کیونکہ سونا بغیر کسے ظاہر نہیں ہوتا، اور اگر ظاہر بھی ہو تو اس کا کسنا بہتر ہی ہے۔ کہنے کو تو اس نے یہ کہدیا،

لیکن دل سے اس کی دیوانی ہو رہی تھی شہزادے نے جوں ہی یہ بات سنی، معلوم ہوا
کہ گویا جان اس کے تن سے نکل گئی۔ گلابی چہرہ زعفرانی ہو گیا، اور اس طرح
جواب دیا۔ ”اے موہنی! جب سے تیرے عشق نے دل میں ڈیرا جمایا ہے،
حال کا بے حال ہو گیا ہے اور دامنِ صبر ہاتھ سے چھوٹا جا رہا ہے۔ تیری
محبت میں راحت سے مُنہ موڑ کر، بلا سر پر لی ہے۔ اگرچہ میرا باپ مصر کا
بادشاہ ہے، لیکن آج میری آنکھیں رو دِ نیل ہیں۔ میرا نام کہنے کو تو ہمایوں
ہے، لیکن تیری جدائی سے میرا دل، پُر خون ہے۔“ شہزادی یہ نام پہلے ہی
سُن چکی تھی، پھر بھی، دل کی بات پوشیدہ رکھی۔ اور جواب دیا۔ ”تو ایک
جُدا چمن کا پھول ٹھیرا، اور میں ایک بن کی کنوئی کلی، تو مصری میں عجمی
تیری بات کو سچ کس طرح مانوں اور تجھے سچا عاشق کس طرح جانوں، کیا
خبر کہ تو چاند ہے یا تارا، اور محبت میں اُدھورا ہے کہ پورا، کتنے ہی
ایسے آتے جو خواہ مخواہ کے عاشق بنتے اور طبل کی طرح خالی شور مچاتے
ہیں“۔ یہ سنتے ہی اس کے ہوش اُڑ گئے، پھر جب حواس درست ہوئے
تو قسم کھا کر کہا۔ ”جس صانع نے تیرے رُخ کو گل بنایا اور مجھے بلبل کیا۔
جس قادرِ مطلق نے تری زلف کو تاب دے کر مجھے بے تاب کیا، جس محسن نے

تجھے حسن اور مجھے وصل کی آس دی، وہ شاہد ہے کہ میری بات جھوٹ نہیں۔ میں دل سے تیرا عاشق ہوں۔ میری بات کو سچ مان اور مجھے اپنا جان۔" جب شہزادی نے اس میں عشق کے چالے دیکھے، تو آہستہ نیچے اتر کر آئی، اور اسے سینے سے لگالیا۔ سمجھی کہ یہ میرا سچا عاشق ہے اور خود بھی اس دیوانے کی دیوانی ہو رہی۔ پھر تو دونوں کے آپس میں آسرے سے چھیڑ چھاڑ ہونے لگی۔ کئی دن تک ایک دوسرے کے درشن سے خوش حال رہے۔ لیکن اس طرح سے چوری کتنے دن چل سکتی ہے؟ آخر اس بات کا شہرہ ہونے لگا۔ دونوں نے مل آپس میں مشورہ کیا۔ "ہم کو ایک دوسرے کے دیکھے بغیر نہ دن کو چین نصیب ہے اور نہ رات کو آرام، ذرا سی دوری بھی ہم کو گوارا نہیں، یہ بات۔ اب سب پر الم نشرح ہو چکی ہے۔ صرف بادشاہ کے کانوں تک پہنچنی ہے۔ وہ بڑا غصیلا ہے۔ ہم دونوں کو زندہ نہ چھوڑیگا۔ کب تک یہاں اس طرح ڈرتے پڑے رہیں۔ مناسب یہ ہے کہ گھر سے نکل چلیں۔ اور کسی مقام پر جا کر اس طرح مل جل کر رہیں جیسے پھول میں بُو، رتن میں جوت اور مئے میں مستی رہتی ہے دشمنوں کے جگر کو پانی کریں اور دراندازوں کی آنکھوں میں خاک جھونکیں۔ میں فلاں باغ کو جانے کی اجازت لے کر آتی ہوں۔" اس نے کہا۔ "میں بھی آتا ہوں، وہاں سے ہم دونوں مل کر

کہیں نکل چلیں۔

غرض یہ ٹھیرا کر دونوں گھر سے نکل بھاگے اور سیر کرتے تماشے دیکھتے شہر ہند میں جو اصل ہند تھا گنگا کے کنارے، ایک محل "بیت العاشقین" میں آکر قیام پذیر ہوئے، یہاں وہ بے کھٹکے لطف اڑاتے تھے کبھی محل کی کھڑکیاں کھول کر دریا کی سیر کرتے اور کبھی ایک دوسرے کی صراحی گردن ہاتھ میں لے کر، لب لعل کے پیالے سے مے پیتے۔ ہمایون اس بات پر مصر تھا کہ یہ بھید جیتے تک کسی پر ظاہر نہ ہونے پائے۔

وہاں ایک مالنی رہتی تھی، جو بادشاہ کے پاس پھول کے ہار پہنچایا کرتی۔ سمن بر کے پاس بھی وہ پھول کے ہار، طرے، چوٹی وغیرہ گوندکر لایا کرتی تھی۔ اسے سمن بر سے انس ہو گیا تھا۔ اور اکثر اسی کی خدمت میں رہا کرتی۔ ایک روز بہ اصرار اس نے، سمن بر سے حالات پوچھے، سمن بر نے ہمایون کی نصیحت فراموش کر کے سارا حال کہہ سنایا۔

مشیت یوں تھی کہ ایک روز مالنی کو پھول گوندھتے دیکھ کر۔ سمن بر نے وہ ہار اس سے لیا اور خود گوندھ کر دیا، مالنی مقررہ وقت پر وہ ہار لے کر ہمیشہ کی طرح بادشاہ کی خدمت میں گئی، اور سجدہ بجا لا کر، ہار اس کے

سامنے پیش کیا۔ وہ ہاتھ جوڑ کر اس کے سامنے کھڑی تھی کہ بادشاہ پھول دیکھ کر یکایک بول اٹھا۔ ”تو یہاں کئی روز سے آتی، اور پھول کے ہار دے جاتی ہے۔ لیکن آج تک ایسا ہار کبھی نہیں لائی“ یہ تیرا ہنر تو نہیں، سچ بتا کہ یہ ہار تجھے کہاں سے ملا؟ اس نے بہت سے عذر کیے، لیکن بادشاہ غصے سے کہنے لگا۔ ”اگر تو سچ سچ نہ بتائیگی تو قسم ہے خدا کی کہ تیری بوٹی بوٹی پھول کی پنکھڑیوں کی طرح جدا کر دونگا۔“ جب اس نے دیکھا کہ عذر کی گنجائش نہیں رہی تو ساری حقیقت کہہ سنائی۔ شہزادے کی بڑی تعریف کی اور سمن بر کے حسن کا حال بیان کیا۔ یہ ذکر سنکر، بادشاہ کے دل میں سمن بر کے عشق کی آگ بھڑک اٹھی۔ صبر ہاتھ سے رخصت ہوا اور سمن بر کو دیکھنے کی ہوس اس کے دل میں پیدا ہوئی۔

دوسرے روز صبح بادشاہ مچھلی کے شکار کا بہانہ کر کے کشتی میں سوار ہوا، اور سمن بر کے محل کے نیچے پہنچا۔ اس وقت وہ بال سکھاتی بیٹھی تھی، اور ایسی نظر آتی تھی، جیسی کوثر پر کی حور۔ بال جو اس کے رُخ کے اطراف بکھرے ہوئے تھے ایسے معلوم ہوتے تھے، گویا چاند پر بدلی چھائی ہوئی ہے۔ جوں ہی بادشاہ کی نظر اس پر پڑی، وہ بے خود ہو گیا۔ اور عشق کی موجوں میں اس کے صبر کا سارا اثاثہ ڈوب گیا۔ جو لوگ موجود تھے، یہ حال دیکھ کر پریشان ہو گئے

اور فوراً بادشاہ کو واپس لے گئے۔ محل میں پہنچنے کے بعد، وزیروں میں سے ہر ایک حال پوچھنے حاضر ہوا۔ سب مل کر بادشاہ سے کہنے لگے۔ "بادشاہ پر سب حال آشکارا ہے"۔ کیا عرض کریں عقلمندوں نے کہا ہے کہ بادشاہ کو یہ چند کام مناسب نہیں۔ کشتی میں بیٹھ کر دریا پر جانا رات کو چوری سے پھرنا اور شراب کی مجلس جمانا"۔ یہ سن کر بادشاہ نے جواب دیا۔

"یہ سب جانتے ہیں کہ اگر کوئی دشمن ملک پر دھاوا کرے تو اُسے فوج کے ذریعے اور فوج سے نہ ہو سکے تو زر سے دفع کرنا ممکن ہے۔ لیکن جب عشق کا سلطان، ملک دل کو غارت کرنے آئے تو اس موقع پر میرے لیے کیا تدبیر ہے، بتاؤ۔ اور اس میں میری کیا تقصیر ہے کہو۔ اب مجھے تاج و تخت بھلا معلوم ہوتا ہے اور نہ کوئی اور چیز اچھی لگتی ہے۔ آج سے گلے میں کفنی ڈال لیتا ہوں تاکہ وہ منہری مجھے مل سکے۔ مجھے شاہی کیا کام آئیگی سمجھو کہ آج سے میری بادشاہت ختم ہو گئی مجھے اس پریشانی میں مبتلا نہ کرو۔ مجھے مال اور دھن درکار نہیں، وہی دھن چاہیے۔ اور یہ کام میں ہر طرح کرنے تیار ہوں"۔

یہ گفتگو سن کر، سب کے سب بغیر دم مارے، کھڑے رہے۔

لیکن ان میں ایک وزیر فراست میں بے نظیر تھا۔ اس نے عرض کی۔"بادشاہ نے جو کچھ فرمایا، سب معقول ہے۔ لیکن بادشاہوں کے مذہب میں یہ بات نامقبول ہے، انہیں دل مضبوط رکھنا، اور دور بینی سے کام لینا لازم ہے۔ جو کچھ بھی ہو، ہمت اور استقلال کو ہاتھ سے نہ دینا چاہیے۔ جلد بازی سے کوئی کام نہیں ہو سکتا۔ آہستگی سے کام لینا ضروری ہے۔ کلیوں کے نمودار ہوتے ہی پھول نہیں کھلتے، اور جو کھلیں بھی تو ہر ایک کو نہیں ملتے، کنگورے آہستہ آہستہ بلند ہوتے ہیں، چاند پونم کی رات تک چل کر، پورا ہوتا ہے۔ اگر شہ کا حکم ہو تو میں اس کام کو سر آنکھوں سے انجام دونگا۔ ہر ترکیب سے اس تارے کو توڑ کر تجھ سے لاؤنگا۔"

بادشاہ نے فرمایا۔"بے شک۔ تو دور بین ہے تیری عقل پر آفریں، لیکن وہ پھول بے خار نہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ اس گنج پر مار بھی ہے۔ کسی بڑے بادشاہ کا فرزند، اس پر دیوانہ ہو کر اور اس کی زلف میں دل پھنسا کر گھر دار چھوڑ، اسے یہاں لے کر آیا ہے۔ اور وہ چنچل بھی، اس سے دل لگا کر، جورو کی طرح اس کے ساتھ رہتی ہے۔ پہلے تو اس مرد کو نکال پھینک اور اس گرو کو جھاڑ پھینک، اور یہ کام دغا اور حیلے سے

اس طرح ہو کہ' وہ سن موہن مجھ سے آزردہ نہ ہو اور وہ نازک پھول پژمردہ نہ ہو"

اس حیلہ گر نے پھر بادشاہ سے کہا کہ "ہم ابھی ندی کے کنارے جا کر ضیافت کا اسباب مہیا کریں اور اس ایک دو دن کے مہمان کو دعوت دے کر بلائیں۔ اس کو خوب شراب پلائیں' پھر اس سے شرط کریں کہ برہنہ ہو کر' دریا سے کنول کا پھول توڑ لائے۔ اس کو آسان جان کر وہ عذر نہ لائیگا' اور جیوں ہی جائیگا خود آپ ڈوب مریگا۔ نہنگوں کا لقمہ بنے گا۔ ہم انجان رہیں۔ سمن بر کو گمان نہ آئیگا کہ ہم نے دغا دے کر اسے مارا ہے"۔

بادشاہ کو یہ بات بہت پسند آئی' فوراً ضیافت کا سامان درست ہوا' اور ہمایوں فال کو وہاں بلایا گیا۔ اس نے مروت سے انکار نہ کیا۔ اور چلا آیا۔ بادشاہ نے بزم خوب آراستہ کی تھی' دورویہ ساقیانِ مہ وش کی قطار تھی اور مطرب بیٹھے نغمے کے چھپے رازوں کو کھول رہے تھے۔ رباب تن تن تنا تن بجتے اور طنبورے جھن جھن جھنا جھن بول رہے تھے۔ غرض ایک لطف تھا۔ بادشاہ کا اشارہ پاتے ہی ساقی کھلی زلفوں اور ملی آنکھیوں کے ساتھ حاضر ہوئے' اور شراب کے دور چلنے لگے۔ پھر بادشاہ نے کہا کہ "اب بیٹھ کر شطرنج کھیلیں۔ اور دنیا کی فکر سے آزاد ہوں" ہمایوں فال بغیر شبہ کیے شطرنج کھیلنے بیٹھ گیا۔ لیکن جیسا پہلے ہی سے

طے ہو چکا تھا، شہزادے کو مات ہوئی، اور اپنی بات کھری رکھنے کے لیے وہ برہنہ ہو کر دریا میں کودا، اور فوراً ایک مچھلی اس کو نگل گئی۔

اس ظالم نے تین دن تک تعزیت کے مراسم ادا کئے۔ پھر خوش خوش اپنے گھر آیا۔ اور اس مکار وزیر کو بلا کر، کہا کہ "جا اس موہنی سے جو بات کہنے کی ہے کہہ" وزیر خود ہی حاجب بن کر، سمن بر کے پاس گیا۔

سمن بر کا یہ حال تھا کہ ہمایون کے بچھڑنے کی وجہ سے تین دن سے دکھ میں تھی۔ تڑپنے اور رونے کے بغیر اسے دوسرا کام نہ تھا۔ آپ ہی آپ کہتی، "مجھے یہ نہ معلوم تھا کہ پہلے اپنی محبت کی دیوانی کر کے تو اس طرح چلا جائیگا۔ خدا جانے تو کہاں ہے۔ تیرے بغیر میں کیسے زندگی گزاروں۔ اب جینا کس کام کا، اس سے بہتر ہے کہ زہر پی لوں"۔ ایسے میں دستک کی آواز سنی، سمجھی کہ ہمایون آج مہر سکوت توڑ کر، دلاسے کے لئے کسی سے کچھ کہلایا ہے۔ ننگے سر اور ننگے پیر دوڑتی ہوئی آئی اور آسرے میں کھڑے ہو کر پوچھنے لگی۔ "کیا خبر ہے، بھائی، مجھے اس کی خبر سناؤ بتاؤ کہ وہ میرے جی کا من میت کہاں، مجھ زجیو کا وہ امریت کہاں ہے۔ مجھ نرادھاری کا آدھار وہی تھا، اس کے بغیر سارا عالم میری آنکھوں میں اندھیرا ہے۔ تین دن سے مجھے رونا لگا ہے"۔

یہ سن کر اس کٹر نے افسوس کا اظہار کیا، پھر شہزادے کے دریا میں ڈوب مرنے کی خبر سنائی۔ یہ سنتے ہی سمن بر پر آسمان ٹوٹ پڑا، زمین پر پٹکیاں کھانے لگی، اور روتے روتے بے ہوش ہو گئی۔ جب ہوش آیا تو لال اوڑھنی پھاڑ دی اور جسم کا سارا زیور نوچ کر پھینک دیا۔ آنکھوں سے کاجل پونچھ دیا۔ کنگھی کے ٹکڑے ٹکڑے کر دئیے، اور منہ دیکھنے کی آرسی کو پھوڑ کر پھینک دیا۔ ہاتھوں کی چوڑیاں چور چور کر دیں، اور یہ بیان کر کر کے رونے لگی "میں یہ نہ جانتی تھی کہ دشمن اس طرح گھر ڈبائینگے، اور یوں غم کے دریا میں ڈال دینگے۔ اگر یہ جانتی تو اس کو دل کے اندر چھپا رکھتی، آنکھوں کی پتلی بنا کر رکھتی"۔ سمن بر کا دکھ دیکھ کر حاجب بھی ٹھنڈا پڑ گیا، اور اس شمع رو سے کچھ بول نہ سک کر، اپنا منہ کالا کیا۔ بادشاہ کی خدمت میں حاضر ہو کر، جو کچھ حال دیکھا تھا، کہہ سنایا۔ یہ سن کر بادشاہ نے کہا۔ "تو ایک دفعہ اور اس کے پاس جا، اور جس حیلے اور تدبیر سے ہو سکے، اس کے غم کی آگ ٹھنڈی کر۔ اور میرے عشق کی گرمی سے اُسے نرم کر۔ تیرے بغیر کوئی دوسرا یہ کام نہیں کر سکتا۔ تجھ سا عقلمند آج کم ہے"۔ غرض وہ پھر اُلٹے پاؤں لوٹا۔ سمن بر کے پاس جا کر اسے ترکیب سے اس طرح سمجھانے لگا۔

"اس جگ میں جس نے گہوارہ دیکھا، وہ آخر گور میں جانے والا ہے۔

جو پھول شاخ پر کھلتا ہے، وہ آخر فنا کی باد سے گر جاتا ہے۔ جو چیز بھی دنیا میں موجود ہوئی ہے، وہ ایک روز نابود ہونے والی ہے۔ یہ جینا دوپہر کی چھاؤں ہے۔ دنیا میں نام کے بغیر کچھ نہیں رہتا۔ کسی کو ابد کی خلعت نہیں بخشی گئی۔ سب عالم پر یہ بات ظاہر ہے کہ، خدا کی قدرت کا قوی ہاتھ، اگر مغرب میں چاند کو غروب کرتا ہے، تو اُسی گھڑی سورج کو طلوع کرتا ہے۔ اگر دارا سے بادشاہی چھین لیتا ہے، تو اسی دن سکندر کو تاج عطا کرتا ہے، جب دن کو ختم کرتا ہے تو اسی گھڑی رات کو ظاہر کرتا ہے۔ دنیا کے کام بند نہیں رہتے۔ اس دم کو غنیمت سمجھنا چاہیئے مجھ سے پوچھتے ہو تو یہ اچھا ہے کہ، پادشاہ طالب ہو اور تو مطلوب۔ اس یوسف کو قصۂ ماضی سمجھ کر تو اس سلیمان سے راضی ہو جا۔ شاہ تیری محبت میں صادق ہے۔ وہ تیرے عشق میں دیوانہ ہو رہا ہے۔" سمن بر نے اس سے جب یہ باتیں سنیں، تو اس کو یقین ہو گیا کہ شہزادے کو مارنے والے یہی ہیں۔ لہو بھرا منہ اس کی طرف کر کے اور غصے سے ہونٹوں پر کف لا کے کہا۔ "میں پہلے ہی تیری صورت دیکھ کر سمجھ گئی تھی کہ، تو بڑا فتنہ بڑا مکار ہے۔ صورت میں انسان، لیکن سیرت میں عین خناس ہے۔ تجھے میرا رُوال رُواں کیوں نہ کوسے، یہاں آ کر کچھ کہتا ہے اور وہاں جا کر کچھ کہتا ہے۔

قلم کی طرح تیری دو زبانیں ہیں۔ لیکن میں ایسی بھولی نہیں ہوں کہ تیری باتوں میں آجاؤں۔ میں وہ کنول نہیں ہوں جو سورج کے بغیر کسی اور چاند سے شگفتہ ہو۔ محبت کی رہ روش میں یہ بڑا عیب ہے کہ دوسرے کو دیکھوں۔ تو یہ بات پھر کبھی زبان پر نہ لا، اور تجھے قسم ہے کہ جس طرح آیا ہے، اسی طرح واپس جا۔"

وزیر نے دیکھا کہ اس کی بات کا کچھ اثر نہیں ہوا، وہ چپکے سے چلا گیا اور بادشاہ کے پاس جا کر سب حال بیان کیا۔ یہ سنتے ہی بادشاہ رنجیدہ ہو کر اٹھ کھڑا ہوا، اور کہا کہ "اب کیا تدبیر کروں۔ افسوس وہ مجھ پر مہربان نہ ہوئی اب حکومت کا بوجھ تیرے سر ڈال کر، اسی کے در پر جا کر پڑا رہونگا۔ اور اس کے آستانے پر سر رکھ کر، اسی کا نام جپتا رہونگا۔ شاید اس طرح اسے کچھ مہر آجائے۔"

غرض اس نے جو کہا تھا، وہ کر دکھایا۔ اور سمن بر کے در پر جا کر پڑ گیا۔ لیکن اس کا بھی کچھ اثر نہ ہوا۔

اب ادھر کی سنئے کہ مصر کا پادشاہ، بیٹے کی جدائی میں ہر دم تڑپتا رہتا وہ صرف بیٹے کو دیکھنے کی آس میں زندہ تھا۔ اتفاق سے کسی نے آکر شہزادے کے

دغا سے مارے جانے کی خبر اس کو سنائی۔ دنیا اس کی آنکھوں میں تاریک ہو گئی، اور مارے غم کے زمین پر لوٹنے اور سر پر خاک اڑانے لگا۔ وزیروں نے یہ حال دیکھا تو اس کے پاؤں پر گر کر سمجھانا شروع کیا کہ "اے شاہ، اتنا غم کرنا مناسب نہیں۔ رونے سے کیا فائدہ، اس کی ممانعت آئی ہے۔ خدا سے صبر مانگو، وہی صبر کا اجر دیگا۔" بادشاہ نے کہا۔

"میں اپنے آپ کو کس طرح سنبھالوں۔ مجھ اندھے کی وہی ایک لاٹھی تھی جس کو ظالموں نے توڑ ڈالا۔ موت بھی نہیں آتی کہ مر رہوں۔ یکبارگی دل میں خیال آتا ہے کہ دشمن کے ملک پر آگ ہو کر برسوں، اور اس کے گھر بار کو پھونک کر ملک کو تاراج کر دوں۔" دل میں یہ طے کر کے فوج کی تیاری کا حکم دیا۔ اور آن کی آن میں ملک سندھ پر جا پڑا۔ شاہ سندھ کو اطلاع دی گئی کہ کوئی بادشاہ بڑا بھاری لشکر لے کر اس طرف کو آرہا ہے۔ پوچھنے سے یہ معلوم ہوا کہ وہ مصر کے دلیر ہیں۔" یہ سنکر بادشاہ سوچنے لگا کہ مبادا دل کے ساتھ ملک بھی جائے، پھر تو اس موہنی کو پانا مشکل ہو جائیگا۔ تاج اور تخت کے بغیر اس سے ملنا دشوار ہے۔

پہلے ایک قاصد کو مصر کے بادشاہ کے پاس بھیجا تاکہ اس کے آنے کا

سبب دریافت کرے۔ ساتھ ہی یہ بھی جتا دیا کہ ہم ہندی، لڑنے پر آجائیں، تو شیر بھی جنگل کی راہ لیتے ہیں۔ ہمارے سپاہی، جنگ کو ایک کھیل سمجھتے ہیں، مسلمانوں میں جھگڑا کفر ہے، یہ رزم سرسری نہیں، اس کا نتیجہ بُرا ہوگا۔ اگر خاموش لوٹ گئے تو، دنیا میں تمہاری عزت رہ جائیگی"۔

قاصد یہ پیغام لے کر جب مصر کے پادشاہ کے پاس گیا، تو اس نے غصّے سے تلوار پر ہاتھ ڈال کر کہا۔ "اس سنگدل سے جاکر بول کہ تو نے ناحق جس کی جان لی، میں اس کا سگا باپ ہوں۔ میرے دل میں آگ لگی ہے، تجھے مارے بغیر ٹھنڈی نہ ہوگی۔ تو نے اپنی فوج کی تعریف کی ہے۔ اب میری فوج کی تعریف سن، لڑائی سے ہمارے دلیروں کو عشق ہے۔ پرچموں کو دلبروں کی زلفیں سمجھ کر یہ دست درازی کرتے ہیں اور دھنک کو ابرو اور تیر کو مژگاں جانتے ہیں۔ تیغ کی جھلکار دیکھ کر، معشوق کے رخسار کی طرح اسے بوسے دیتے ہیں۔ تجھ میں مسلمانی کے شیوے نہیں۔ اس لیے تیرے ساتھ لڑنا واجب ہے"۔ یہ کہہ کر قاصد کو روانہ کیا۔ اور دونوں طرف جنگ کی تیاریاں ہونے لگیں۔

بڑا گھمسان کا رن پڑا، دونوں طرف کے کتنے ہی سپاہی کام آئے

آخر مصریوں کو فتح ہوئی اور ظالم بادشاہ کو جیتا گرفتار کر کے شاہ مصر کے روبرو لائے۔ مصر کے بادشاہ نے غصے سے اس کی طرف دیکھا اور کہا۔ "تو نے اپنے نفس کی خاطر گنہگاری مول لی۔ آخر شاہی کو ہاتھ سے گنوایا اور بلا میں پھنس گیا۔ نہ یہاں تیری آبرو رہی اور نہ وہاں کچھ نکو کاری۔ جس طرح تو نے شہزادے کی جان لی ہے، اسی طرح اب تو بھی مریگا۔

شاہ ہند نے عرض کی کہ، اجازت ہو تو ایک گذارش کروں۔ میرے خزانے میں ایک مچھلی ہے۔ جس کو اگلے حکیموں نے بڑی صنعت سے بنایا ہے۔ اس پر طلسم لکھے ہوئے ہیں۔ اگر اس کو پانی میں ڈال دیں تو خودبخود چلنے لگتی ہے۔ اور دریا کی گہرائیوں کی حقیقت لکھا لاتی ہے۔ پہلے شہزادے کی خبر لو۔ پھر مجھے جو چاہو سزا دو"۔ اس مچھلی کو فوراً منگا کر پانی میں ڈال دیا۔ دو دن کے بعد وہ شہزادے کی خبر کا پتہ لے کر آئی۔ اس میں لکھا تھا کہ شہزادے کو ایک مچھلی نگل گئی تھی۔ اس کو وہ ہضم نہ کر سکی، اور سمن کے جزیرہ پر جا کر اُگل آئی۔ اب وہ جیتا ہے اور پریوں کی قید میں دن گذارتا ہے"۔

جب شاہ مصر کو یہ معلوم ہوا کہ شہزادہ، جیتا ہے، تو اس کا دُکھ کچھ کم ہوا

ہند کے بادشاہ کو ایک مقام پر رکھ کر وہ، اپنے ملک کو روانہ ہوا۔

اب سمن بر کا حال سنئے۔ شہزادے کی جدائی میں، وہ پھول کی طرح کملا کر زمین پر پڑی ہوئی تھی۔ اس کا رنگ خزاں کے پتے کی طرح زرد پڑ گیا تھا اور اس کا جسم عشق کی آگ سے پھنک رہا تھا۔ کبھی وہ ٹھنڈک کے لیئے چندن لگاتی، تو چندن بھی جل کر راکھ معلوم ہونے لگتا۔ جدائی کی تاب نہ لاکر کبھی غصے سے آسمان کی شکایت کرتی۔ جب اس کو شہزادے کے جیتا ہونے کی خبر ملی تو اس نے سوچا کہ اس مقام پر میں کب تک پڑی رہوں۔ بھلا یہ ہے کہ اس کو ڈھونڈنے نکلوں۔ ممکن ہے کہ اس طرح اس کو پاسکوں"۔

سفر کا ارادہ کرکے، اس نے جوگن کا سا روپ بنایا۔ جسم پر خاک ملی اور گلے میں کنٹھا ڈال روانہ ہوئی۔ اس کو اس حال میں دیکھ کر سب افسوس کرنے لگے کہ یہ نازک قدم والی جو پھول پر بھی چلتی تو پاؤں میں چھالے پڑ کر تلملا اٹھتی، اور جس کے جسم پر چندن بھی بوجھ ہو جاتا تھا، نازکی سے ہاتھ دھو کر دیکھو کس طرح پردیس کو جارہی ہے۔ "یہ بلائے عشق اس کے سر کہاں سے پڑا"۔ دیکھنے والوں کی نظر میں وہ زخم ہو کر لگتی تھی۔

غرض سمن بر روانہ ہوئی۔ اور طرح طرح کی مصیبتوں میں پڑنے کے بعد،

ایک جزیرے کو پہنچی - یہ جزیرہ نہ تھا، بلکہ جنت کا ایک باغ تھا - سرو کے درخت ہر طرف سر اٹھائے کھڑے تھے - وہاں کے درخت طوبا سے مشابہ تھے - درختوں کی ڈالیاں آپس میں ملی ہوئی ایسی نظر آتی تھیں جیسے حوریں ہاتھ میں ہاتھ ملائے کھڑی ہیں - سبزہ ایسا معلوم ہوتا تھا گویا کسی نے زمرد کا فرش بچھا دیا ہے - سمن بر نے غور سے دیکھا تو وہاں ایک محل نظر آیا - اس محل کی خوبی کو دیکھ کر عقل کا طراح بھی حیران اور فکر کا مہندس بھی گم تھا - اہلِ فن اسے دیکھ کر صورتِ دیوار ہو جاتے تھے - اس کے چشمے پریوں کے نین اور طاق حوروں کے بھنویں معلوم ہوتی تھیں - ہر دیوار ایسی جھلک رہی تھی جیسے آئینہ رخساروں کے رخسار - ہر جگہ سنگِ مرمر کا فرش، اور چونے کی بجائے سونے کا ملمع تھا - اس کے مینارے ثریا جیسے اور چاند تاروں جیسے کنگورے اور کلس تھے - دیواروں پر تصویریں اتاری گئی تھیں - کہیں بیلیں تھیں، کہیں درخت، کہیں جھکی ہوئی ڈالیاں، کہیں سورج کی تصویر سونے سے اور چاند کی روپے سے بنائی گئی تھی - شفق کا نقشہ شنگرف سے اور ابر کا دریا کے کف سے اتارا گیا تھا - ایک جگہ قطب شاہوں کی بزم کی تصویر تھی اور دوسری جگہ ترکمانوں کے رزم کا نقشہ کھینچا گیا تھا - سمن بر نے جانا کہ یہ پریوں کا مقام ہے، اس لیے

وہیں رہ پڑی۔

وہاں کا بادشاہ جس کے حکم میں، دیو اور پریاں بھی تھیں، جب انتقال کر گیا، تو اس کے بیٹا نہ ہونے سے، راج بیٹی پر مقرر ہوا۔ اس کا نام ملکہ آرا تھا۔ ایک روز موسم خوش گوار دیکھ کر، ملکہ آرا نے سواری کا سامان کرنے کا حکم دیا، اور سیر کو نکلی۔ ہر جگہ نئے نئے تماشے دیکھتی وہ ایک پہاڑ کے دامن میں پہنچی۔ جب پہاڑ پر چڑھی تو اسے دور سے وہ محل نظر پڑا جس میں سمن بر رہتی تھی۔ اس نے لوگوں سے پوچھا، "وہ دور جو اجلی سی چیز نظر آ رہی، بتاؤ کہ کیا ہے۔" کسی نے کہا، "یہ سورج کا مقام ہے۔" کسی نے اُسے "صبح کے نور کا مقام" بتلایا، کسی نے "چاند کا گھر" اور کسی نے "اِندر کا مکان کہا"۔ چند اسے "گلستانِ ارم" اور چند "کوہ طور" بتلاتے تھے، ایک نے کہا یہ "بیت المقدس ہے" دوسرے نے کہا۔ "بس رہنے بھی دو وہ بھی کوئی چیز ہے"۔ غرض جب کسی سے بات مشخص نہ ہوئی تو اس نے دید بانوں کو بلا کر کہا کہ "وہاں جا کر دیکھو وہ کون مقام ہے اور وہاں کے رہنے والے کون ہیں؟"

حکم پاتے ہی وہ دوڑے اور خبر لائے کہ "وہ ایک عالیشان محل ہے

پہلے خالی معلوم ہوتا تھا' جب غور سے دیکھا تو تخت پر' ایک عورت بیٹھی نظر آئی۔ نہ جانے آدمی ہے' یا پری ہے' یا سورگ کی اپسرا ہے۔ لیکن وہ وہاں موجود ہے۔"

پری کو یہ گفتگو سن کر' وہاں جانے کی خواہش ہوئی۔ جب وہاں پہنچی تو سمن بر کو دیکھ کر اسے تعجب ہوا' اور اس کا حال پوچھنے لگی۔ کہ "تو کون ہے' اور تیرے ماں باپ کون ہیں۔ کس نے تجھے ستایا ہے۔ مجھے تو بہت ہی دکھیا دی معلوم ہوتی ہے۔" سمن بر نے آہ بھر کر کہا۔ "میرے درد کا طومار آسمان کا پھیر رکھتا ہے۔ اگر قیامت تک بھی بیان کروں تو نہ سہ سکے گا۔ دکھ میرا باپ ہے اور درد مائی۔ میرے بخت میں اور مجھ میں سازگاری ہے، نہ آسمان مجھ پر مہربان ہے اور نہ میرے لال کی مجھ کو خبر ہے۔" غرض دیر تک خون کے آنسو رو رو کر اپنے درد کا حال سناتی رہی۔ ملک آرا یہ احوال سن کر' منہ کو پلو لگا دیر تک روتی رہی۔ پھر دلاسا دے کر کہا کہ "تو دل فگار نہ ہو۔ خدا کے لطف کی امیدوار رہ' آج سے تیرے لیے نئی خوشی ہے۔ اگر میرے شہر کو چلے گی تو میں ہر تدبیر سے تیرا کام کر دوں گی۔ پریاں میرے حکم میں ہیں۔ میں تیرے کام کو اپنا سمجھ کر انجام دونگی۔" سمن بر کو ایسا محسوس ہوا کہ غیب سے

اسے دولت مل گئی۔ اس نے پری سے عاجزی کے ساتھ کہا۔ "اس وقت تو میری سگی بہن بن کر مجھے اپنے پیو سے ملا اور میرے زخموں کے لیے عیسیٰ ابن مریم کا کام کر۔" القصہ اس گفتگو کے بعد دونوں ایک دوسرے کا ہاتھ لے کر اٹھے اور پری، سمن برکو اپنے نگر میں لے گئی۔ وہاں اسے عزت کے ساتھ ایک محل میں رکھا۔ کچھ دن اسی طرح لطف سے گذر گئے۔ ایک دن سمن بر نے ملک آرا کو اس کا وعدہ یاد دلایا۔ اس نے ساتھ ہی اپنے منشی کو بلا کر پریوں کے بادشاہ کو نامہ لکھایا کہ "ایک شہزادہ پریوں کے بند میں گرفتار ہے۔ اگر اس کا کھوج لگا کر یہاں روانہ کرو تو، مہربانی ہوگی۔"

پریوں کے بادشاہ نے ملک آرا کے نامے کو بڑی عزت دی۔ اور نامے کے مضمون سے واقف ہونے کے بعد، اپنے سیوکوں کو حکم دیا کہ جہاں ہو شہزادہ کو ڈھونڈ لاؤ۔ حکم پاتے ہی، وہ دوڑے اور شہزادے کو سمن کے جزیرے سے اٹھا لائے۔ شاہ کی نظر جب شہزادے پر پڑی تو اس کا حسن دیکھ کر حیران رہ گیا، وہ دل میں سوچنے لگا کہ "اس حسن پر پریاں کیا اگر حوریں بھی دیوانی ہو جائیں تو کچھ عجب نہیں۔" بڑی محبت سے اپنے نزدیک بٹھایا اور حال دریافت کیا۔ شہزادے نے سارا حال بیان کیا۔

پھر شاہ نے اسے دلاسا دے کر کہ "تیری پریم پیاری، جلد ہی تجھ سے ملنے والی ہے"۔ پریوں کے ساتھ ملک آرا کے نگر کو روانہ کیا۔

ملک آرا کو جب شہزادے کے آنے کی خبر ہوئی تو اس نے، سارا شہر آسارا استہ کیا۔ خود اسے لینے گئی اور لاکر ایک محل میں رکھا۔ ایک نیک گھڑی دیکھ کر، دونوں کو ملایا۔ اور پھر ان کے ماں باپ کو خط لکھا کہ "تمہارے نور چشم، جو تم سے دور پڑے تھے، وہ میرے پاس ہیں اگر حکم ہو تو انہیں روانہ کرتی ہوں۔"

دونوں بادشاہ یہ خبر سن کر نہایت خوش ہوئے، اور بڑی دعاؤں اور اظہار ممنونیت کے ساتھ جواب لکھا کہ "شہزادے کو حفاظت کے ساتھ یہاں روانہ کرو، تو تمہاری نیکی جگ میں مشہور رہے گی"۔ ملک آرا نے بڑے کروفر اور لشکر کے ساتھ دونوں کو، ان کے ملک کی طرف روانہ کیا۔ جب اپنے شہر کو پہنچے، تو خلقت ان کے دیکھنے کے لیے جمع ہوئی، اور سب کی خوشی دونی ہوگئی۔ وزیروں نے خدمت بجا لائی۔ شہزادہ کو تخت پر بٹھا کر اس کی دہائی پھرائی گئی۔ خوشی کے شادیانے ہر طرف بجنے لگے۔ اور شہزادہ بے فکری سے راج کرنے لگا۔"

زاہد پارسا یہ قصہ بادشاہ سے بیان کر کے بہت کچھ انعام و اکرام پایا اور دین و دنیا دونوں میں سرخرو ہوا۔

اوپر تفصیل سے پیش کیے ہوئے خاکے سے ظاہر ہے کہ "پھولبن" نہ تو ایک قصہ ہے اور نہ صرف پریوں کا افسانہ، جیسا کہ دتاسی کے بیان سے ظاہر ہوتا ہے۔ اصل میں یہ قدیم مشرقی فنِ قصہ در قصہ کا نمونہ ہے جس کے زیادہ مشہور و معروف کارنامے "الف لیلہ"۔ "باغ و بہار" وغیرہ ہیں۔ لیکن ان دونوں میں بھی، "پھولبن" کے قصے، اپنی ترکیب کے لحاظ سے "الف لیلہ" سے زیادہ مشابہ ہیں۔ اس میں عموماً ایک قصہ دوسرے قصے کے اختتام کے بعد شروع ہوتا ہے۔

پھولبن کا اصل قصہ کنچن پٹن کے بادشاہ کا ہے، جو درویش کو خواب میں دیکھتا اور خادم کو بھیج کر اسے طلب کرتا ہے۔ لیکن یہ بذاتِ خود کوئی بسیط اور طویل قصہ نہیں ہے، بلکہ دوسرے قصوں کے لیے تعارف یا چوکھٹے کا کام دیتا ہے۔ زاہد سے گویا قصہ گو کا کام لیا گیا ہے۔ وہی ذیل کے قصے بادشاہ کو سناتا ہے۔

کشمیر کے بادشاہ کے باغ کے گل و بلبل کا قصہ جس کا درمیانی اہم قصہ ختن کے سوداگر کے بیٹے اور گجرات کے عابد کی بیٹی کا ہے۔ سوداگر کا بیٹا بھی بادشاہ کو ذیل کا نیا قصہ سناتا ہے۔

کسی بادشاہ کے سامنے چین کے نقاش کے وارد ہونے کا ذکر کیا جاتا ہے اور اس کا وزیر اس کا دل بہلانے کے لیے، نقل روح کا قصہ بیان کرتا ہے۔

اسی بادشاہ کے سامنے، ایک اور وزیر سمن بر اور ہمایوں فال کی داستان محبت بیان کرتا ہے۔ جو "پھول بن" کا اہم ترین قصہ ہے۔

اس طرح "پھول بن" میں، تین بسیط قصوں کے علاوہ، تین تعارفی قصے بھی ہیں، جو ان قصوں کے لیے چوکھٹے کا کام دیتے ہیں۔ یہ تمام قصے زاہد کی شخصیت سے منسوب کر دیے گئے ہیں۔ لیکن زاہد اور کنچن پٹن کا بادشاہ "پھول بن" کے اہم اشخاص نہیں بلکہ اس کے اہم اشخاص

(۱) ختن کے سوداگر کا بیٹا اور گجرات کے عابد کی بیٹی

(۲) جوگیوں کا معتقد بادشاہ اس کا دغاباز وزیر اور رانی ستنونتی۔

(۳) سمن بر، ہمایوں فال، ملک سندھ کا نا عاقبت اندیش بادشاہ اور اسکا مکار وزیر ہیں۔

فنِ قصہ در قصہ کے ادنیٰ نمونے وہ ہوتے ہیں، جن میں کسی بادشاہ یا امیر کے سامنے، اس کا کوئی وزیر، ندیم یا کوئی جہاں دیدہ شخص، یکے بعد دیگرے چند قصے بیان کرتا ہے۔ لیکن جب ان قصوں سے اور قصے پیدا کیے جاتے ہیں، تو تھوڑی سی پیچیدگی پیدا ہو جاتی ہے اور اس پیچیدگی کی مناسبت سے پڑھنے والوں کی دلچسپی میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ اس کے بھی دو طریقے ہیں۔ ایک تو یہ کہ کسی قصہ کو ادھورا چھوڑ کر، درمیان سے، نیا قصہ شروع کر دیا جاتا ہے تاکہ حالت منتظرہ پیدا ہو اور پڑھنے والے کی دلچسپی میں ارتقا ہوتا جائے۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ایک قصہ ختم کرنے کے بعد دوسرا قصہ شروع کیا جاتا ہے، "پھولبن" اس دوسری نوعیت میں داخل ہے۔

سلسلہ قصص کا آغاز زاہد کے الفاظ میں اس طرح ہوتا ہے کہ "معرفت کی حقیقت، ہر شخص کی سمجھ میں نہیں آسکتی۔ اس لیئے کوئی مجازی حکایت بیان کی جائے۔" زاہد کی شخصیت اور انداز آغاز سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ "انوار سہیلی" کے حکیم بید پائے برہمن کا قائم مقام ہے اور ان قصوں کی ظاہری دلچسپی کی تہ میں کوئی معنویت ضرور ہے۔ لیکن قصوں کے پڑھنے کے بعد یہ معلوم ہوتا ہے کہ، ان کی ترکیب میں ایسے اجزاء بہت کم شامل ہیں۔

صرف جوگیوں کے معتقد بادشاہ کا وزیر، ایک کردار ہے، جو "بدمعاش" (VILLAIN) کی سیرت کی نمائندگی کرتا ہے۔ اس کے مقابلہ میں رانی ستونتی کا "نیکی" کا کردار ہے، جس کی عفت، پاکدامنی اور فراست کو مثالی بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔ دوسرا کردار، جو کوئی اخلاقی معنویت رکھتا ہے، وہ ہمایوں فال اور سمن بر کے قصے میں ملک سندھ کے ناعاقبت اندیش بادشاہ اور اس کے مکار اور ذلیل وزیر کے کردار ہیں۔ سمن بر، غیر شعوری طور پر ایک حد تک زندہ کردار بن گئی ہے جس کی حیات محبت، وفاشعاری اور پاکدامنی کا سبق دیتی ہے۔

قصوں کے دوران میں کہیں کہیں بادشاہوں کے لیے نصیحتیں بھی آگئی ہیں۔ یہ ممکن ہے کہ اس سلسلہ قصص کی ابتدا بھی، اور سلسلوں کی طرح اخلاقی مطمح نظر کے تحت ہوئی ہو۔ جیسا کہ زاہد کی شخصیت سے ظاہر ہوتا ہے۔ لیکن یہ واقعہ ہے کہ "پھولبن" کی خوبی میں اس چیز کا کوئی دخل نہیں ہے۔ بلکہ اس کے قصوں کی تمام تر دلچسپی، محاکات، شعری نکات اور سلاست بیان میں مضمر ہے۔ اس اعتبار سے قدیم اور جدید مثنویوں میں، "پھولبن" ایک انفرادیت کی مالک ہے۔

ابن نشاطی کے کارناموں میں، ایک اور مثنوی "طوطی نامہ" کا بھی ذکر کیا گیا ہے

اس خیال کی بنیاد اسٹیوارٹ کی فہرست کا بیان معلوم ہوتا ہے۔ اس میں "پھولبن" اور "طوطی نامہ" کا ذکر ایک ساتھ کیا گیا ہے۔ اور آخر میں، بغیر وضاحت کے، "آواری کو مصنف لکھ دیا گیا ہے۔ اسٹیوارٹ کا انداز بیان ایسا مبہم ہے کہ نہ تو یہ آسانی کے ساتھ قیاس کیا جا سکتا ہے کہ وہ آواری کو دونوں کا مصنف سمجھتا تھا اور نہ یہ یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ اسے وہ ان میں سے کسی ایک کا مصنف تصور کرتا تھا۔ اسٹیوارٹ کو "پھولبن" کے مصنف کا نام معلوم نہیں تھا اور غالباً اسی لیے اس نے "طوطی نامہ" کے ساتھ، جس کے مصنف کو وہ آواری سمجھتا تھا، "پھولبن" کا بھی ذکر کر دیا۔

دتاسی نے اسٹیوارٹ کے بیان میں جو چیز مبہم تھی، اُسے واضح کرنے کی کوشش کی اور اس غلطی کا شکار ہوا جس کا امکان تھا حالانکہ اسے "پھولبن" کے مصنف ابن نشاطی کا پتہ چل چکا تھا، پھر بھی ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اسٹیوارٹ کے بیان کی تردید پر اسے دسترس نہیں تھی۔ اس لیے اس نے پہلے آواری اور ابن نشاطی کو ایک ہی شخص تصور کر کے، "پھولبن" اور "طوطی نامہ" دونوں کو اس سے منسوب کر دیا۔ لیکن اس نے "طوطی نامہ" کا جو سنہ بتلایا ہے، وہ غواصی ہی کے "طوطی نامہ" کا ہے۔ اسی بنا پر اسے غواصی اور آواری کے ایک ہی شخص ہونے کا

شبہ ہوا۔

بعد کے تذکرہ نگاروں نے، غالباً انہیں دو بیانات کی سند پر "طوطی نامہ" کو ابن نشاطی سے منسوب کیا ہے۔ چنانچہ "اردوئے قدیم" کے مصنف نے ان دونوں مثنویوں کو ابن نشاطی کی تصنیف بتلایا ہے۔ "طوطی نامہ" کی تصنیف کا سنہ انہوں نے "دتاسی کے بیان کے بموجب سنہ ۱۰۴۹ھ اور میجر اسٹیوارٹ کے حوالے سے سنہ ۱۰۶۳ھ لکھا ہے۔

اسٹیوارٹ نے بظاہر نہ تو "پھولبن" کی تصنیف کا سنہ لکھا ہے اور نہ "طوطی نامہ" کا لیکن اس کے بیان کے آخری حصہ میں جہاں دو سنہ درج ہیں، ان کے متعلق شاید یہ غلط فہمی ہو سکتی تھی کہ غالباً اس نے عنوان کے ناموں کی ترتیب کے لحاظ سے، پہلا سنہ "پھولبن" کا لکھا ہو اور دوسرا سنہ "طوطی نامہ" کا۔ اس طرح "پھولبن" سے سنہ ۱۶۳۹ء متعلق کیا جا سکتا تھا اور "طوطی نامہ" سے سنہ ۱۶۵۳ء۔ چنانچہ دتاسی نے یہی کیا۔ اور میجر اسٹیوارٹ کے حوالے سے "پھولبن" کا سنہ تصنیف سنہ ۱۰۵۹ھ لکھ دیا۔ لیکن چونکہ انڈیا آفس کے نسخہ سے بھی وہ واقف تھا۔ جس سے اس کا سنہ تصنیف ۱۰۶۹ھ ظاہر ہوتا ہے، اس لیے وہ اسٹیوارٹ کے قول کو مشتبہ بھی سمجھتا ہے۔ پہلے سنہ کو "پھولبن" سے متعلق کرنے کے بعد اس کو چاہیے تھا کہ

"طوطی نامہ" کے سلسلہ میں بھی وہ میجر اسٹیوارٹ کا دوسرا سنہ ۱۰۶۴ھ (۱۶۵۳ء)
لکھ دیتا۔ لیکن یہاں وہ ایسا نہیں کرتا، بلکہ وہ صحیح سنہ ۱۰۴۹ھ جو غواصی کے "طوطی نامہ"
کی تصنیف کا ہے، وہی لکھتا ہے۔ تعجب ہے کہ دتاسی کو صرف ایک سنہ کے
متعلق اس طرح کی غلط فہمی ہوئی اور دوسرا سنہ جو رہ گیا تھا، اسے مصنف
"اردوے قدیم" نے استعمال کرلیا۔ اسٹیوارٹ نے جو سنہ تحریر کیے ہیں،
وہ دراصل عبداللہ قطب شاہ کے عہد حکومت کے ہیں۔ اسی لئے جن لوگوں
نے اسٹیوارٹ کے سنین کو، نظموں کی تصنیف کے سنہ سمجھا، انہیں اس پر تشفی
نہیں ہوسکی۔

ہم نے اوپر، غواصی کے مسخ ہوکر "آواری" بن جانے کے امکان کا جو ذکر
کیا ہے، اس کے لحاظ سے، یہ نتیجہ اخذ کیا جاسکتا ہے کہ دتاسی کے پیشِ نظر
جو "طوطی نامہ" تھا، وہ غواصی ہی کا تھا، چنانچہ اس کا سنہ اور خود دتاسی
کا شبہ، اس خیال کو تقویت دیتا ہے۔

اس کے علاوہ، اگر ہم دتاسی کے قیاس کے بموجب ۱۰۴۹ھ کے
"طوطی نامہ" کو ابن نشاطی کی تصنیف مان لیں، تو اس سے خود ابن نشاطی کے
اس بیان کی تکذیب ہوتی ہے، جو اس نے "پھولبن" کے خاتمے کے اشعار میں

دیا ہے کہ میں نے اس سے پہلے کوئی نظم نہیں لکھی - دنیا پر اپنا جوہر طبع ظاہر کرنے کے خیال سے یہ ایک نمونہ پیش کیا ہے۔" وغیرہ اس لحاظ سے یہ "طوطی نامہ" ابن نشاطی کی تصنیف نہیں ہو سکتی - اور اگر بالفرض ابن نشاطی نے یہ نظم بعد کو لکھی ہوتی (جس کا کسی نے تذکرہ نہیں کیا ہے) تو "پھولبن" کی تصنیف کے بعد اس کی شہرت کا اندازہ کرتے، ظاہر ہے کہ اس کی کوئی نظم اس طرح گمنام نہیں رہ سکتی تھی -

"پھولبن" کی تاریخ تصنیف میں اختلاف ہے - اور اس اختلاف کی بنیاد مثنوی کے شعر ۱۲۶۰ کے نسخوں کا اختلاف ہے، جس میں نظم کی تکمیل کا سنہ بیان کیا گیا ہے - انڈیا آفس کے کتب خانے میں "پھولبن" کے جو نسخے محفوظ ہیں، ان میں اور رائل ایشیاٹک سوسائٹی، لندن کے نسخے میں یہ شعر اس طرح لکھا ہوا بتلایا گیا ہے - (ملاحظہ ہو یورپ میں دکھنی مخطوطات - صلا)

انھا تاریخ تو لایا یہ گلزار اگیارہ سو کوں کم تھے تیس پر چار

لیکن بلوم ہارٹ کی فہرست میں ۱۰۳ کے نسخے سے یہ شعر جو نقل کیا گیا ہے، اس کا دوسرا مصرع یوں ہے - "اگیارہ سو کوں کم تھے تین پر چار"، ممکن ہے کہ "تین" سہو کتابت ہو اور اصل میں "تیس" ہو - بہر حال، یہ "تیس پر چار"

ہو یا "تین پر چار" نتیجہ میں کوئی فرق نہیں ہوتا، اور اس لحاظ سے مثنوی کی تصنیف کا سنہ ۱۰۶۶ھ قرار پاتا ہے۔ یہی سنہ دتاسی نے لکھا ہے۔ اور "اردو شہ پارے" کے مرتب نے بھی اسی کو مستند سمجھا ہے، کیونکہ انڈیا آفس کا نسخہ، جیسا اوپر لکھا جا چکا ہے، سدہوٹ میں، ایک علم دوست خاتون کی دلچسپی سے نہایت اہتمام کے ساتھ بالتصویر لکھوایا گیا ہے۔ یہ نسخہ غالباً قدیم ترین بھی ہے۔ مصنفِ "دکن میں اردو" نے اپنی کتاب کی پہلی اشاعتوں میں ۱۰۷۶ھ لکھا تھا، لیکن بعد کی اشاعت میں، وہ اپنی رائے بدل کر، ڈاکٹر قادری زور کے ہم خیال ہو گئے اور اپنی حالیہ تالیف "یورپ میں دکھنی مخطوطات" میں بھی یہی سنہ درج کیا ہے

لیکن مرتب اوراق ہذا کے پیشِ نظر "پھول بن" کے جتنے نسخے تھے، ان سب میں، دوسرے مصرعے کے لفظ "تیس" کی جگہ "بیس" لکھا ہے۔ نسخہ د میں جو غالباً کتب خانۂ آصفیہ کے مخطوطے کی نقل ہے، یہ لفظ صاف لکھا ہوا ہے ج میں آخری اشعار موجود نہیں ہیں۔ ب، اور ا میں یہ شعر صاف پڑھا جاتا ہے۔ اس طرح مثنوی کا سالِ تصنیف، پہلے سنہ کے مقابلہ میں دس سال بعد یعنی ۱۰۷۶ھ معین ہوتا ہے۔ مصنف "اردوے قدیم" نے

کتب خانۂ آصفیہ کے نسخے کی بناء پر یہی سنہ لکھا ہے۔

عام طور پر قدیم کتابوں میں نقطوں کے ترک ہو جانے یا بے ترتیب لکھے جانے کی وجہ سے اس طرح کی غلطیاں آسانی سے ہو سکتی ہیں۔ چنانچہ مرتب کے پیشِ نظر نسخوں میں اکثر غلطیاں اور بے ربطیاں اسی کا نتیجہ ہیں۔ اگر صرف انہیں امور کا خیال کیا جاتا تو شاید موجودہ نسخوں میں "بیس" کے لفظ کے توارد کے باوجود انڈیا آفس کے نسخے کی تحریر کو ترجیح دی جاتی کیونکہ معلومہ نسخوں میں بظاہر سب سے زیادہ مستند یہی ہے۔ لیکن اتفاق سے "بیس" کی تائید میں ایک اہم خارجی ثبوت ہمارے پاس مزید موجود ہے۔ ۱۱۴۲ھ میں مشہور شاعر سید محمد عشرتی کے فرزند "ہنر" نے جو مثنوی "نیہ درپن" لکھی تھی اور جو غلطی سے عرصہ تک خود عشرتی کی تصنیفات میں شمار کی جاتی رہی۔ اس کے خاتمے کے اشعار سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ مثنوی "پھولبن" کے جواب میں لکھی گئی تھی۔ چنانچہ مصنف دونوں کا مقابلہ کرتا ہے اور صاحبانِ نظر سے اپیل کرتا ہے کہ یہ کارنامہ "پھولبن" سے بہتر نہیں تو اس سے کمتر بھی نہیں ہے۔ اسی سلسلہ میں وہ "پھولبن" اور "نیہ درپن" کی تصنیف کے سنہ بھی بیان کرتا ہے۔ "پھولبن" کے متعلق جو شعر ہے وہ حسبِ ذیل ہے:-

سنہ ہجری لے آیا جب یو رکھ بار   اگیارہ سو کوں کم تھے بیس پر چار

"تنیہ درپن" میں لفظ "بیس" کے متعلق شبہ کی گنجائش نہیں کیونکہ یہ خطِ نسخ میں صاف لکھا ہوا ہے پھر ہنر کی شہادت مصنف سے قریب ترین ہے۔ اسی لیے ۱۰۲۰ء زیادہ قرین قیاس ہے۔

"پھولبن" ایک نہایت مقبول نظم ہونے کی وجہ سے لوگ اس کی نقلیں کرا کر اپنے پاس رکھتے تھے۔ اسی لیے یورپ اور ہندوستان کے کتب خانوں میں اس کے مخطوطے عام طور پر مل جاتے ہیں۔ انڈیا آفس کے کتب خانہ میں اس کے دو مخطوطے موجود ہیں جن میں سے ایک ۱۰۳ میں تاریخ کتابت درج نہیں ہے۔ اس میں عنوانات منظوم ہیں پہلا عنوان جو عام نسخوں میں نہیں ملتا، حسب ذیل ہے:

نخستیں یو مناجات کرتا ہوں در توحید سبحانی جنے دو حرف میں ظاہر کیا اسرار پنہانی

دوسرا مخطوطہ ۱۲۲ ۱۲۳۳ھ کا مکتوبہ ہے۔ رائل ایشیاٹک سوسائٹی لندن (۲۸۱) میں بھی "پھولبن" کا ایک مخطوطہ موجود ہے۔ جس کا سنہ کتابت ۱۱۶۴ھ ہے ٹیپو سلطان کے کتب خانہ میں بھی اس کا ایک مخطوطہ موجود تھا، جس کا ذکر میجر اسٹیوارٹ نے اپنی فہرست میں ۹ "پرطوطی نامہ" (عنـ۱ـ) کے ساتھ کیا ہے۔

حیدر آباد کے کتب خانوں میں بھی "پھولبن" کے نسخے دستیاب ہو جاتے ہیں۔ متن کی ترتیب میں جن نسخوں سے مدد لی گئی ہے، اور جن کے حوالے جا بجا دیے گئے ہیں ان میں سے ذیل کے تین نسخے یعنی ا، ب اور د عالیجناب نواب سالار جنگ بہادر کے

کتب خانۂ مشرقی کے مخزونہ ہیں۔

نسخہ ا، نمبر کتب خانہ ۳۳ تقطیع ۸ × ۶ ۵ہ۔ کاغذ کھرا دیسی، ۱۵ سطری مسطر۔ شکستہ آمیز نستعلیق خط، آخری نصف سے زیادہ حصے میں اشعار ترچھے لکھے ہوئے ہیں۔ عنوانات فارسی نثر میں ہیں۔ سنہ کتابت درج نہیں ہے۔ لیکن اختتام کتابت کی تاریخ، مہینہ، دن اور وقت "بستم شہر شعبان روز دوشنبہ وقت عصر" درج ہے۔ کاتب میر محمد رضا حسینی ورق ۱ الف پر ۱۰۶۰ھ بعد کے قلم سے لکھا ہوا ہے، جو غالباً سنہ تصنیف ہے۔

نسخہ ب۔ ۳۲۔ تقطیع ۸ × ۶ ۵۔ کاغذ قدیم دیسی کھرا، قدرے کرم خوردہ، ۱۰ سطری مسطر، خط شکستہ آمیز نستعلیق۔ آخری ورق مفقود تھا جو بعد میں کتب خانہ آصفیہ کے نسخہ کی مدد سے اضافہ کیا گیا ہے۔ اس میں بھی درمیان کے چند صفحات پر اشعار ترچھے لکھے گئے ہیں۔ عنوانات منظوم ہیں۔ تاریخ کتابت درج نہیں ہے۔

نسخہ ھ۔ ۳۲۔ تقطیع ۶ × ۸ ۵۔ کاغذ کھرا مگر قدیم نہیں ہے۔ خط شکستہ آمیز نستعلیق، عنوانات فارسی میں سرخ روشنائی سے لکھے گئے ہیں۔ یہ نسخہ بعد کے زمانہ کا لکھا ہوا ہے۔ چنانچہ اس میں جگہ جگہ قدیم الفاظ اور محاوروں کی بجائے جدید الفاظ اور محاورے داخل کیے گئے ہیں۔ اس میں صحابہ کی منقبت میں، نسخہ ج کے ان اشعار کے

علاوہ جو متن ہذا میں موجود ہیں مزید ۱۳ اشعار اضافہ ہیں۔ اشعار کی تعداد ۱۹۲۱ بتلائی گئی ہے

نسخہ ج ۔ مخزونہ کتب خانہ جامعہ عثمانیہ حیدر آباد دکن۔ تقطیع ۲ء۸ × ۶ کاغذ قدیم دیسی کھرا قدرے کرم خوردہ زشت نستعلیق خط، عنوانات کے لیے اشعار کے درمیان جگہ چھوڑ دی گئی ہے سنہ کتابت وغیرہ درج نہیں ہے۔ یہ نسخہ نہایت بے احتیاطی سے لکھا گیا ہے چنانچہ جابجا الفاظ، مصرعے اور اشعار چھوٹ گئے ہیں۔ خاص کر آخری حصے اس کی وجہ سے بالکل ناقص ہو گیا ہے۔

نسخہ د ۔ مملوکہ جناب آغا حیدر حسن صاحب۔ تقطیع ۳ء۸ × ۵ء۶ کاغذ جدید دیسی کھرا، ۱۱ سطریں، خط زشت نستعلیق، سنہ کتابت درج نہیں ہے۔ یہ نسخہ حال کا لکھا ہوا ہے اور غالباً نسخہ ک کی نقل ہے، جس میں بعد کو نسخہ ب سے عنوانات لکھے گئے ہیں اور اشعار کی تصحیح کی گئی ہے۔

نسخہ ک ۔ مخزونہ کتب خانہ آصفیہ حیدر آباد دکن ۱۶۷ (مثنویات اردو) تقطیع ۸ × ۶ کاغذ دیسی، ۱۲ سطریں۔ خط زشت نستعلیق، عنوانات سرخ روشنائی سے فارسی میں لکھے ہوئے ہیں۔ سنہ کتابت ۱۱۹۳ھ ہے۔ کاتب علیم اللہ۔ خاتمے پر ابیات کی تعداد "بست صد بیت پنجاہ کم" درج ہے۔ لیکن موجودہ حالت میں ابیات کی تعداد صرف ۱۹۱۲ ہے۔ درمیانی اوراق غائب ہیں۔

مقدمہ کو ختم کرنے سے پہلے، چند سطور، ضمیمہ "پھولبن" کے متعلق بھی ضروری ہیں۔ اس اضافہ کا ذکر سب سے پہلے "اردو شہ پارے" کے مرتب نے کیا، اور اس کی اہمیت بھی بتلائی، جس کا اقتباس اوپر پیش کیا جا چکا ہے۔ لیکن اس کے مصنف اور، اس کی شاعری کی نوعیت کے متعلق، اردو شہ پارے" سے کچھ زیادہ معلومات نہیں ہو سکتیں اس کمی کی تلافی بعد میں، یورپ میں دکھنی مخطوطات" میں ہو گئی ہے جہاں ان امور پر تفصیل سے بحث کی گئی ہے۔

قطب شاہی حکومت کے خاتمے کے بعد، گولکنڈے کے اکثر سر برآوردہ خاندان، جنوب اور مشرق کی طرف کوچ کر گئے۔ ان میں دربار سے توسل رکھنے والے امرار کے علاوہ علمار اور خاص طور پر اردو شاعر بھی تھے۔ شعرا کے نقل مقام کر جانے کا ایک سبب وہ امرا تھے جن کے ساتھ ان شعرار کا تعلق تھا، دوسرے، مغل حکمران اپنے ساتھ، فارسی شاعری کا مذاق لائے تھے، ان سے دکھنی شعراء کی سرپرستی کی توقع عبث تھی۔ یہی سبب تھا کہ، سنہ ۱۱۰۰ھ کے بعد جو دکھنی شعرا نمود حاصل کر سکے، ان میں ایک تعداد، ویلور، سدھوٹ، کرنول جیسے مقامات سے

تعلق رکھتی ہے۔ ان مقامات میں کچھ امیر اور جاگیردار اب بھی ایسے باقی رہ گئے تھے، جو دکھنی شاعری کا مذاق رکھتے تھے، اور دکھنی شعرا کی سرپرستی کر سکتے تھے۔ انہیں میں سدھوٹ کے جاگیردار عبدالمجید خاں بھی تھے، جن کے اجداد میں سے ایک امیر رحیم خاں کو عبداللہ قطب شاہ کے عہد میں یہ جاگیر عطا ہوئی تھی، قطب شاہی سلطنت کے خاتمے کے بعد، اس میں شک نہیں کہ، مغل دربار کی طرف سے، یہ جاگیر اسی خاندان کے ایک فرد عبدالنبی خاں کے نام بحال رہی، لیکن وہ زیادہ تر خود مختار تھے۔ عبدالحمید خاں، انہیں کے فرزند تھے، جو باپ کے بعد جاگیردار ہوئے اور ۱۱۵۹ھ میں وفات پائی۔ انہیں کے ایک رشتہ دار، کریم خاں کی فرمائش پر، محمد حیدر ابن محمد جعفر نے جو اپنے آپ کو ابن نشاطی کے اتباع میں ابن جعفر کہنا زیادہ پسند کرتا ہے، یہ اشعار اضافہ کیے۔ اس طرح اصل "پھولبن" کے کوئی ایک سو سال بعد یہ ضمیمہ شامل کیا گیا۔ نصیرالدین ہاشمی صاحب، کے قول کے مطابق، یہ (۱۴۲) اشعار پر مشتمل ہے۔ اور اس میں ابن نشاطی نے ہمایون فال اور سمن بر کی شادی کے جو حالات مختصر طور پر بیان کئے تھے۔ ان کو پھیلا کر لکھا گیا ہے،

ہاشمی صاحب نے اس کے اقتباس بھی دیے ہیں۔ جن کے دیکھنے سے پتہ چلتا ہے، کہ ابن جعفر، معمولی درجے کا شاعر تھا۔ لطف کے لمحات کو طویل کرنے کی خواہش اور یادگار کے طور پر اس نے یہ اشعار لکھ دیے۔ تاہم ایک چیز اس میں ضرور قابل قدر ہے، اور وہ رسوم شادی اور معاشرت وغیرہ کی تفصیلات ہیں۔ یہ ضمیمہ، سدہوت کے اس نسخہ کے ساتھ شامل ہے، جو اب انڈیا آفس میں محفوظ ہے۔ (ملاحظہ ہو توضیحی فہرست بلوم ہارٹ ۱۰۱۳)

اس طرح کے اضافے اور غالباً اصلاحیں بھی "پھولبن" میں وقتاً فوقتاً ہوتی رہی ہیں۔ چنانچہ "پھولبن" کے مخطوطوں کی تفصیلات میں، اشعار کی تعداد کے اختلاف سے، یہ چیز بخوبی واضح ہے۔ مرتب اوراق ہذا کو اس کا شبہ ہے کہ متن ہذا کے وہ اشعار جو مدح صحابہ سے متعلق ہیں، الحاقی ہیں۔ لیکن مرتب کے پیش نظر جو نسخے تھے، ان میں کسی کو کسی پر ترجیح دینے کی کم گنجائش تھی۔ اس طرح کی چھان بین کے لیے مزید، اور مستند نسخوں کی ضرورت ہے۔ جو بدقسمتی سے یہاں دستیاب نہ ہو سکے۔ ممکن ہے کہ یہ کام بھی بعد میں کسی زیادہ مستعد اور باہمت اہل قلم کی سعی سے انجام کو پہنچے۔

پھوبن

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اول[1] میں حمد رب العالمیں کا	دل و جاں سوں کہوں جاں آفریں[2] کا
خداوندا تجے ہے جسم (ہمیشہ) خدائی	ہمیشہ تجکوں (سے) ساجے کبریائی
ازل کوں[3] (تجھے) نیں سمج تیرا ابدایت	ابد کوں فہم نیں تیرا نہایت
ایس[4] (کو) قدرت (نہیں) کی نکی (سمجھ) ساتھ (ابتدا) تر جگ	کیا توں کاف کوں نیں توں یکایک
(اپنی) ملا کر ایک جا توں کاف ہور (اور) نوں	دکھایا اپنا قدرت[5] جگت کوں
گگن ہور (تو) (اور) دھرت کو دیتا توں ہستی	بلندی اوس کوں دیتا اسکوں پستی
(آسماں) (زمیں) سُرج ذرہ ہے تیرے نور کا ٹک	چندر[6] قطرہ ہے تجہ سمدر کا ٹک
(سورج) (ایک) فلک کے بحر میں بے[7] بادباں توں	(ترے) (سمندر) نوے چند کی کیا کشتی رواں توں (نئے چاند)

۱۔ ج میں یہ شعر نہیں ہے۔ ۲۔ سوں۔ د۔ ۳۔ ا اور ج میں یہ شعر نہیں ہے۔ ۴۔ اپنا قدرت پر۔ د۔ ۵۔ جہاں۔ د۔ ۶۔ ہے۔ د۔

عجب تیری خدائی ہے خدایا — جسے جس دھات منگتا توں بنایا

کیا یوں چہرہ دن کا نازنیں خوب — ۱۰ دیا توں زلف شب کوں عنبریں خوب

دیا خوباں کے رُخ کوں صبح کا تاب — بندیا نیناں پو دو ابرو کے محراب

ملا صنعت کے ہاتاں سو یک یک بال — بندیا محراب دو نیناں کے اپرال

پیشانی میں رکھیا آدھے چندر کوں — دکھایا سر کے بالاں میں انبر کوں

لکھیا توں جیب کے طالع منے بات — دیا لب کے نصیباں میں توں نابات

مذہب مہر کا تیرا اچپل — صبا اٹ صبح کا سنا کرے حل

پھراوے چرخ کر توں روز اسمان — کھڑگ کوں سور کی تس پر دیو سان

چمن کوں پھول سوں سنگار دیتا — گگن کوں کہکشاں کا ہار دیتا

نہوتا کر زحل کا دیو حائل — ثنا جوزا کے گل میں توں حمائل

صفت تیرا ہے سب کی عقل تے بھار — تری تعریف میں نیں بات کوں ٹھار

توں رنگ آمیز کیتا ہے چمن کوں — ۲۰ دیا خوش بوئی ہر یک پھول بن کوں

دیا توں نرگساں کوں ین کے دیدے — قداں سرواں کے توں کیتا ہے سیدے

لے دیتا۔ ا۔ ٹے ہے۔ د۔ سے نتاب۔ ا۔ ہے اوج۔ ندارد۔ شے نہوتا۔ ج۔

تو کل شے کوں کیا حکمت سیتی گویا تو سرجن کوں کیا قدرت سوں پویا

مشاطہ تجہ تے ہے بادِ بہاراں گندے زمین کی عروساں کے نگاراں

معطر اس سوں کیتا ہے چمن کوں مزین اس سوں کیتا ہے سخن کوں

قبا کوں پھول کی توں چاک دیتا کلی کے پیرہن کوں تنگ کیتا

ولایت حسن کا توں گل کوں بخشیا توں کشور عشق کا بلبل کوں بخشیا

دیا توں شمع کے تئیں نور ہور تاب کیا تس پرتوں پروانے کوں بے تاب

کیا عاشق کوں بخشش سرخروئی دیا زاہد کوں توں افسانہ گوئی

بہوت بدمست ہے گرفیل انبر کا رکھیا اس سر اوپر آنکس چندر کا

ازل تے تا ابد تیری ہے شاہی ۳۰ خدائی ہے تری مہ تا بہ ماہی

ہے سفرہ لطف کا جسم عام تیرا ہمیشہ خاص ہے انعام تیرا

جتے ہیں باز تیہو مرغ ہور مور جتے ہیں مار، ماہی گرگ ہور گور

یو سارے ریزہ چیں تجہ نان کے ہیں وو سب روزی خوراں تجہ خوان کے ہیں

۱ے تا ۳ے ا و ج ۔ ندارد ۔ ۴ے کریا ۔ ا و ج ۔ ۵ے یہ اور آگے کے چار شعر صرف

"د" میں ہیں ۔

نہیں آغاز تیرا انجام کس کوں | ترا معلوم نیں انجام کس کوں
کیا ہے توں اپے[1] تیرا نبی خاص | تری رحمت کے دریا کا دو غواص
تجے جیوں بوجنا ہے تیوں نہ بوجے | تری[2] قدرت جگت میں کس کوں سوجے
جگت[3] ہے متفق اس بات اپرال | ہیں قایل سب ترے اثبات اپرال
جہاں لگ ہے سفیدی ہور سیاہی | تری قدرت پو دیتی ہے گواہی
زمیں تیں نیشکر جب بھار آیا | شہادت پر تری انگلی اچایا
چمن کے جاں تلک پھولاں آہیں سب | ۴۰ تری وحدت اپر کھولے اہے لب
آپس کی ذات میں ایساتوں یک ہے | اگر دھیری اچھے بی دو نہیں گے
دیا توں آرسی کوں دل کی چھلکار | رکھیا ہے ناؤں غفلت کا توں زنگار
صفت میں تیری نیں ہے چال سب کی | زباں اس ٹھار پر ہے لال سب کی
سخن اس ٹھار پر ہے مختصر خوب | کہے ہیں مختصر ہے بھوت مرغوب
ادب کا ٹھار ہے یاں جان کر میں | زباں اپنی لیا گرد ان کر میں

---

[1] ابنر۔ ا۔ [2] تجے جیوں سوجنا ہے تیوں نہ سوچے۔ د۔ سوجنا کا نسخہ د میں "بوجنا" بھی ہے۔ [3] ہے قائل جگ ترے اثبات پر سب۔ ہے عالم متفق اس بات پر سب۔ ا۔ [4] جو ہے۔ ا۔ [5] اوچ۔ ندارد۔

سدا ابن نشاطی کوں اے سجاں | کرم کر توں کرم کر ہو مہرباں
مرے دائم دعا کے پھول بن کوں | تو رک تازہ قبولیت کے میہوں سوں

مناجات بدرگاہ قاضی الحاجات

جو کچھ مطلب سو تیرا ہے خدا کے پاس منگ جم جم
سکل مقصود عالم کہ ہے موجود رحمانی

الٰہی غیب کے پردے ستی توں | مرے مطلب کے شاہد کا دکھا موں
توں کر دل کوں مرے آئینہ کردار | محبت کا جو دیکھوں تس میں دیدار
مجھے تجہ عشق میں ثابت قدم رک | سدا عزت کی صف میں محترم رک ۵
مرے سینے میں بھر اسرار تیرے | نین دے دیکھنے انوار تیرے
محبت سوں تری دے آشنائی | ہے ہیں آشنائی روشنائی

---

۱ رحمان۔ د۔ ۲ توں۔ د۔ ۳ یہ عنوانات دیں ہیں "د" میں عنوانات منظوم ہیں جو نیچے لکھے گئے ہیں۔ "د" میں عنوان کے نیچے ایک شعر ذیل کا ہے جو کسی اور نسخے میں نہیں ہے۔

دیوے گا تجہ خدا جو منگ دیگا: جو کچھ منگتا سو منگ اللہ دیگا۔ ۴ منجے، د۔ ۵ رکھ۔ د۔

تری باتاں کوں سننے گوش دے گوش | سمجھنے راز ترے[1] ہوش دے ہوش

مٹھائی دے شکر کی مجہ زباں کوں | توں چشمہ شہد کا کر مجہ دہاں کوں

شکر کر توں سدا گفتار میرا | ہنر کا گرم کر بازار میرا

اگر دنیا زیادہ نیں تو نیں غم | ولے توں دین کوں میرے نہ کر کم

دے بخشش مجہ ولایت شاعری کا | توں کشور کر عطا مجہ ماہری کا

مرے خامے کوں دے گوہر فشانی | دے[2] مجہ نامے کوں خوبی کی نشانی

مطول کر توں میری زندگانی | تو برخوردار کر[3] میری جوانی

مرے دے ہات میں موسیٰ کا[4] اعجاز ۶۰ مری دے بات میں عیسیٰ کا اعجاز

مج آئینہ کوں دل کے دے جلا توں | سدا صحت کی راحت سوں جلا توں

دنیا کی ہیبتاں سوں رکہ توں ایمن | نگہ رکہ توں ہر یک آفت سوں نس دن

زبونی تے نگہ رکہ تن کوں میرے | امانت رکہ خزاں سوں تن[5] کوں میرے

نہ رہ تیوں دور کر مج دل کی سستی | ہمیشہ منج کوں دے توں تندرستی

---

[1] تیرا۔ ا۔ [2] مرے نامے کوں کر حرز بیانی۔ د۔ [3] رکھ، ا و د۔ [4] کے۔ د۔ [5] تن۔ د۔

وو کیا رحمت ترا ہے اللہ اللہ — کیا ہے لا تقنطو من رحمت اللہ

دریا رحمت کے جس دن آوے گے جوش — نہ کر ابن نشاطی کوں فراموش

گنہ کوں گرچہ میرے نیں ہے غایت — ولے رحمت ترا ہے بے نہایت

گواہی دیونگی جس دن جو روں روں — ہو مجہ ابن نشاطی کے کدن توں

تری رحمت کہ جس دن ہوگی عام — بہشت ابن نشاطی کو دے انعام

کدورت سوں صفا کر راہ میرا — نبی کوں کر شفاعت خواہ میرا

صفا کا راہ دکھلا مج صفا کا — صفا کا راہ جو ہے مصطفےٰ کا

فی النعت سید المرسلین خاتم النبیٔ

کہوں میں نعت سرور کا شفیع المذنبیں برحق
کہ جس کے نور سوں پرتو کیا دو جگ کوں تابانی

کروں میں لے قلم ہات ابتدا نعت — سچے حق کے پیمبر کا ادا نعت

محمد پیشوا ہے سروراں کا — اہے سرخیل سب پیغمبراں کا

۱؎ کہا۔ د۔ ۲؎ ھ ۔ ۳؎ ج۔ مصرع اول الثانی ہے۔ ۴؎ سچیں۔ د۔ عہ ا

محمد[1] توں نبی ہے آج برحق — قمر کوں یک اشارت سیں کیا شق

ہوا آدم بنج احمد کی خاطر — پیالہ جیوں کہ آیا مد کی خاطر

تری[2] تعریف کا اونچا ہے پایا — خدا قرآن میں تجکوں سراپا

نبی[3] توں پاک تیرا پاک دیں ہے — سچا توں رحمت اللعالمیں ہے

اگر ہوتا نہ توں آدم نہ ہوتا — نہ آدم بلکہ یو عالم نہ ہوتا

شرف[4] پایا ہے آدم تجہ طرف تے — ہوا موجود عالم تجہ طرف تے

تری تعریف کرنے کس کوں حد ہے — ہوا[5] تو روح اور آدم جسد ہے

اہے[6] معلوم سب کوں یو بشارت — کہ توں معنے ہے آدم سو عبارت

یوں آیا توں ہوئے پھر سارے مرسل — کہ پھول آگے پیچھے آتے اہے پھل

چہرہ انساں کا پایا تجھے سو رنگ — گل آدم کا لیا یوں تجہ کنے منگ

اہے مقصود تجہ میوے سوں میرا — اہے مطلب ترے سیو سوں میرا

---

[1] ھ۔ [2] ا میں شعر اس طرح ہے۔ دو جگ میں کون زیبا تجہ کوں سراپا۔ خدا قرآن میں تجہ کوں سراپا۔

[3] ھ۔ ندارد۔ [4] د۔ [5] توں ہے ارواح آدم سو جسد ہے ج و د۔ [6] ھ و ج میں

شعر اس طرح ہے۔ ہوا معلوم سب کوں اشارت ۔ کہ معنی توں ہے اور آدم عبارت۔

شریعت کا سٹیا آوازہ جگ میں
طریقت کوں کیا توں تازہ جگ میں

حقیقت تجہ سوں ہے حق کا ہویدا
خدا کا معرفت تجہ سوں ہے پیدا

صفاداری کی رہ میں تیری ہر سو
کریں جاروب حوراں اپنے گیسو

پنکھی اڑتا سو جم تجہ شاہ پر کا
اہے جبریل کے وو شاہ پر کا

ہے تجہ مکھ نور کا دیوانہ جبریل
اہے تجہ شمع کا پروانہ جبریل

شب معراج ہے تجہ مہ سوں روشن
فلک کا سبز ہے تجہ شہ سوں گلشن ۹۰

دیسیا سو حال وو معراج کی رات
جگت کی عقل سوں بیلا رہی بات

نوازیا تل میں توں افلاکیاں کوں
کیا پل میں مشرف خاکیاں کوں

ہے تیرے خُلق سوں جنت معطر
کرم سوں ہے ترے طوبیٰ مثمر

سُرج کوں چھانوں کئی دیکھے نہیں کیں
توں سورج تھا اسی تے چھانوں تجہ میں

زمیں رہی اس سبب یوں پست ہوکر
کہ سایہ نیں پڑیا تیرا اس اوپر

اسی تے عرش سب میں ہے بلند آج
جو تج نعلین کوں کیتا سر تاج

جو کئی دشمن جو تیرے دین کے ہیں
وو لایق کاف ہور وو شین کے ہیں

۱۔ اپنی انگ سوں۔ ۲۔ ہے جبریل امیں کے د۔ ۳۔ بیلا رہے بات۔ ج۔ ۴۔ چمن۔ د۔

شہا! جس دن جو رستا خیز ہوگا — سرج کا آنچ بھو تیچ تیز ہوگا
(سورج — بہت ہی)

توں کر ابن نشاطی کے سر اوپر — شفاعت کے ترے سایہ کوں چھتر
(تو)

تری اولاد پر ہور تج پہ ہر دم ۱۰۰ — ہزاراں سو اچھو صلوات سلم
(اور تجھ — رہے)

اول[1] صدیق ابا بکر ہے اصحاب — کہ جس کوں صدق سوں ہے دین میں لاب

وو صادق ہے سو صدق العین صدیق — کہ بخشا تھا خدا جس کوں یہ توفیق
(وہ)

بغیر از امر کے بھی کچھ نہیں سب — عقیدے کا دیا تھا حق نے منصب

سٹیا جب دین میں صدق کا پایا — سبب اسلام کا جن صاف لایا
(ڈالا جس نے — جس نے)

سو وو ہو کر اتھا سو یار ہور غار — وو چاروں یار میں کا یار کبار
(وہ تھا اور — وہ)

عمر عادل عدالت کا سو سردار — عدالت عدل کوں ساجی وو سردار
(وہ)

شہیدی میں ابو شحمہ کوں لایا — عدالت کے دُرے جب کوئی چلایا
(دُرّے)

تو دونوں جگ میں کیں جس کوں سو فاروق — اپے دیں عدل میں تھا کوئی سارو؟
(کہیں)

---

[1] ا، ب و د۔ میں نیچے کے ۱۳ شعر نہیں ہیں۔ د۔ میں حاشیہ پر (۱۷) شعر ہیں۔ جو ان سے بالکل مختلف ہیں اور بعد میں کسی نے لکھ دئے ہیں۔ یہ اشعار بھی مشتبہ ہیں۔

وو فاروق عدل کے ہیں سپہ دار | عدالت کے وو منصب کے سزاوار
اول داماد با اخلاص عثماں | ۱۱۰ کہ جس تے ہے جمع سا لیم قرآں
وو عثماں ہے سو الحق و قاری | عبادت میں ہوئی شب زندہ داری
نہ رہنے دی دنیا میانے ریا کوں | جکوئی دینا ہے زینت سب حیا کوں
سیوم اصحاب عبادت کے ہیں عثماں | ہوا قراں کا آداب ہور مان

زباں کوں میں ادب سوں اپنی کھولوں | نبی کے جانشیں کا مدح بولوں
ولیاں جگ کے ستارے ہیں، علی بھاں | ولایت کی ولایت کا ہے سلطاں
ترے آگے دلیراں جگ کے زد ہیں | شجاعت کی گوی کے تم اسد ہیں
تری خنجر جو ہے وو جبل جھلاتی | سو اس کا میان ہے دشمن کی چھاتی
نہ لیتا ہات میں گرزوں و دو دھارا | کہا یوں دین ہوتا آشکارا
ہے تیرا تیغ دو جیباں کی کڑی | وو کنر کفر کوں یک دھرتی کڑی
انم تجہ ہت کی جوہر دار خنجر | ۱۲۰ رہے نت میان دشمن کے سینے پر
علی سارے نبیاں میں سپہ دار | علی سارے ولیاں میں کا ہے سردار

۱؎ د۔ ۲؎ کیتا۔ ج۔ ۳؎ د۔

ترے دفتر تے انبر ٹیک اچھر | ہے تیرے جام کا یک قطرہ کوثر
تیرا ہے باز شہ پر ہاشہ پراں کا | ہے چارا اس کوں بھیجا کا فراں کا
جو خم دستا ہے حلقہ آسماں کا | ہے گوشہ ٹیک وو تیری کماں کا
تری ہمت کے دریا پر نو انبر | دسیں یک بڑ بڑے تے ہو کو کمتر
گگن پر کہکشاں کا ہے جو وو دھار | نہیں وو ہار ہے تجہ ہات کا وار
جو کئی کیتا ہے پنجہ تجہ سوں کر ہم | ستم اپنے کیا بازو کوں پر کم
فلا با جو اگر اچھتا زمیں کوں | پھر اگر اس کوں تل میں مار تانوں
ترا دلدل جو ہے وو ذات تازی | چلے کہ چال ماندی گاہ بازی
دمانک میں جو آوے وو پری زاد | ۱۳۰ انبر سکسے نہ اسکی گرد کوں باد
ہوا پر یوں اڑے گویا کبوتر | زمیں پر یوں پھرے جیوں باد صرصر
کدھیں ٹک گرم ہو کر دوڑ میں آئے | صبا کا دن نچھیں سٹ کر اگے جائے
دھرے کر ڈھیر سوں ڈھیر یک بہاتے | گگن کے نادسہ گرداں ہو جاتے
ملک تیری کرامت کے رسالے | عطارد کن سوں جاتے تھے کہالے

۱۔ چلے کا چال ماندی کا بازی ۔ د ۔ ۲۔ د ۔ ۳۔ ٹاپ ۔ ۴۔ بناتے ۔ ا۔

اچھے استاد اگرچہ سب میں جبرئیل — پڑے ابجد ترے مکتب میں جبرئیل
جو سرمہ گرد تجھ نعلین کا ہے — شفا وہ عین میری عین کا ہے
عطارد ہور سورج تیرے خدم ہے — سچا توں صاحب سیف و قلم ہے
ترا تعریف کرنا یک ساعت — اچھے ہفتاد سالاں کا عبادت
توں دیکھیا ہے جدھیا تے کر اپر مو — لرزتا ہے گگن پر سورا جنوں
نبی ہور توں ہے دو نو یک، نیں دو — ۱۴۰ جو کوئی دیکھیں گے دو دھری اچھیں وو
تری اولاد جو ہے برگزیدے — اچھے روشن جنوں سوں دل کے دیدے
ہمارے سر کے ہیں وو تاج سارے — اچھے سرتاج وو سارے ہمارے
منگے تجھ کن یہی ابن نشاطی — جو نیں ہے استطاعت کا بساطی
عطا کر حشر کے دن جام مجھ کوں — توں کر دو جگ میں شیریں کام مجھ کوں

در بیان تصنیف

ثنا اس نیں نزجن کا، اچھے کرتار سامی وو
اسی کی مئے محبت سوں دیکھا تا شعر کی بانی
ازل کے علم کا عالم جو ہے وو — ہے سب ناقص اپے سالم جو وو

جو ہے استاد صنعت کی نظر کا ۔۔۔ ہنر مندی میں قدرت کے ہنر کا

منگیا کرنے کتاب ایجاد ووٗ[1] یک ۔۔۔ منگیا تصنیف کرنے یادگار یک

سو کتیا ابتدا تعظیم کا سطر ۔۔۔ لکھا فی احسن تقویم کا سطر

رکھا اس سطر میں کئی لاک معنے ۔۔۔ ہوئے موجود جیوں کے پاک معنے

رنگا رنگ جدول اس اپرال کیتا ۱۵۰ ۔۔۔ اوس اوپر عقل کا سر لوح دیتا

بندیا ہے استخواں بندی سوں مسطر ۔۔۔ رگاں کا کھینچیا جدول سراسر

عناصر کے ملا کر[2] حرف یک ٹھار ۔۔۔ طبیعت کا بندیا شیرازہ یکبار

فراست کا اسے ترتیب دیتا ۔۔۔ پھر اس کو عقل کا سر لوح کیتا

جگت کوں جلد میں ہستی کی پایا ۔۔۔ شکنجے تے عدم کے بھار لایا

ہوا یو حال حاصل مجھ کوں جس دن ۔۔۔ محبت کا سبق پایا اُسی چھن

محبت کا بیاں کیوں کر کیا جائے ۔۔۔ بیاں کس کی زباں میں وو نہیں آئے

نہیں[3] کیں درد کا کئی روز ہور رنگ ۔۔۔ لذت کس واہاں کا دھر سوز نگ سنگ

کرے نیں پھول کی کوئی باس کا شرح ۔۔۔ سنے نیں کوئی دل کے عشق کا طرح

---

۱ کا ۔ د ۔ ۲ ملایا جزو ۔ د ۔ ۳ ک ۔ ۴ عیش ۔ ج و ا ۔

رقم میں آئے نیں بلبل کے نالے — بھنور کے نیں کہے جاتے اُلالے

ہوا نیں حل کسی تے شمع کا حال — ۱۶۰ پتنگ کا نیں لکھا جاتا ہے احوال

کہو کس دہات اپنا عشق بولوں — محبت کا، کہو کیوں راز کھولوں

دیویں توفیق گر شاہ شہیداں — دیویں فرصت جو مج ماہ شہیداں

کرونگا ظاہر اپنے شوق دل کا — کہونگا کھول میں وو ذوق دل کا

دکن تے کربلا کوں جس گھڑی جانوں — چلوں خامے کے تمنے سَر کوں کر پاؤں

جو نامے کے نمن اس ٹھار انپڑوں — مبارک ٹھار کوں یک بار انپڑوں

اول انجھواں سوں واں پانی چھنک خوب — کرونگا بعد ازاں پلکاں سوں جاروب

پڑوں گنبد کنے جا چھاؤں کے سار — لگوں اس کاندکوں جیوں نقش دیوار

کروں قندیل واں میں من کوں اپنے — بچھاؤں فرش کر واں تن کوں اپنے

پھر اس مرقد اپر تے اپس واروں — دُکھ اپنا دل کے لہو سوں واں نکالوں

صبوری سٹ بکر کر بیقراری — ۱۷۰ کروں بے اختیاری سات زاری

ذات اپنے دو نیناں کر دکھاؤں — لہو رو، کربلا تن کرکوں دکھاؤں

ا لکھے۔ ۲ دیوے۔ ۳ نین دو کر کو دکھلاؤں۔

ہوس ہے دل میں میرے بہوت رونے — سیہ نامے کوں تس پانی سوں دھونے

کتا بولوں نہیں تھے سو باتاں — کتا گوں کوئی نیں کرتے سو باتاں

عطا کر توں مجے اپنا محبت — جو ہے میرے لکھے دو عین نعمت

بھلا ہے سب تے لینا اب خموشی — نہیں یاں ٹھار کرتی خود فروشی

فدا اپس کریں جی تجہ پو یاراں — اچھو رحمت انو پہ صد ہزاراں

ترے خم دوستاں سوں یار ہو میں — عدوواں سوں ترے بیزار ہو میں

جو کوئی یاری دیں تجہ کوں یاراں — اچھو رحمت انو پر صد ہزاراں

در صفتِ بادشاہ

یو وصفِ صاحبِ عادل شہ غازی عبداللہ

تجمل یوں دسے اس میں کہ جیوں داب سلیمانی

کروں تعریف میں اُس تاج در کا — سمجتا ہے جنے قیمت گہر کا

شہاں کا شاہ عبداللہ غازی ۱۸۰ — اچھو خم خق سوں اس کو پیش بازی

---

۱ جیو۔ ۵۔ ۲ عدوواں کو ترے لعنت کروں میں۔ ۵۔

سلطان عبداللہ قطب شاہ

سعادت کے نین کا نور ہے توں ... شجاعت کے گگن کا سور ہے توں

اہے جمشید کا سب داب تجھ میں ... سکندر کا اہے آداب تجھ میں

ذنب ہور راس کی زوری ہوئی کم ... ہے تیرے دور میں چند سور بے غم

صلابت آج تیرا اے سبحانی ... کریا ہے دشمناں کے ٹھو کوں پانی

شجاعت کے ترے ڈر سوں سراسر ... کھڑگ میں آگ پانی رہ ہیں مل کر

دیکھے تو پھول ہور کانٹا ہے یک ٹھار ... ولے کس تے نہ کوئی پاتا ہے آزار

ہنساں بحریاں کے گھنگرو بیچ والے ... حمایت سوں ترے جاتے ہیں کھانے

ترے دیکہ عدل کوں مل باز و لگ لگ ... نہ کیوں بیسیں یکیس تے ایک لگ لگ

عجب نیں گر چڑیاں سب مل کو آویں ... بلیاں کی گود میں اندرے چھپاویں

عجب نیں دیکہ تری نوشیروانی ... ۱۹۰ کریں بکریاں کی گرگاں پاسبانی

اگر دیکھا جو تیرا عدل حد باند ... رکھے گا کر جتن کتان کوں چاند

---

۱ عدالت۔ د۔ ۲ کیا۔ د۔ ۳ رہیں۔ ا۔ ۴ بھیڑاں کے۔ د۔ ۵ ا۔ ندارد۔ ۶ کر۔ د۔ ۷ د میں یہ شعر یوں ہے۔ دیکھت تجھ شیر کی نوشیروانی بہ کریں بکریاں کے تئیں گرگاں شبانی۔ ۸ سیوے گا پیرہن کتان کی۔ د۔

ہے تیرے عدل کی یاں[1] بات پوری　　دُکھیں[1] (دکھی) پر نا چلے یاں کس کی زوری

شجاعت[2] کا دکھیت تجہ کمھ یو پانی　　سٹے سب پہلواناں پہلوانی

کرم یوں خلق پر دھرتا ہے اھے آپ　　کہ جیوں دھرتے اہیں بتنگڑیاں یو ماباپ

ترے مطبخ کرا بادل دھنواں (دھواں) ہے　　ڈھگار (ڈھیر) راکھ کا سو آسماں ہے

سعادت مشتری، جم تجہ سوں پاوے　　زحل، حبشی ترے گھر کا کہاوے[3]

سہاتی ہے تجے مسند[4] نشینی　　فلاطوں کی ہے تجہ میں دور بینی

اگر کاغذ[5] گگن کا ہوے پورا　　صفت تیرا نہوے تو بھی پورا

کیا سو عدل تیرا بیش دستی　　چھپی خوباں کی جا آنکھوں میں مستی

کبھی تجہ عدل سوں جگ میں ہی نیں　　بغیر از ابرواں میں بھی نہیں کیں ۲۰۰

ستم کا گر ننگا خنجر جو ہوگا　　عجب نیں ہے مگر ہوگا تو سوکا (سوکھا)

عدالت[6] کی تری دیکھ آج ہستی　　چھپی خوباں کے جا نیناں میں مستی

نہیں کئی دور میں تیرے پریشاں　　پریشاں گر اچھنگے[7] (ہونگے)، تو ہی زلفاں

---

[1] دھنک ج - [2] د - [3] کواوے - د - [4] مندف - ج - [5] د - ندارد -

[6] د - [7] اچھنگے گرتو محبوباں کے -

زمانے میں ترے، سکلے ہیں چنگے | بغیر از سوئی نیں بھی کوئی ننگے
کیا توں رہزناں سوں پاک وکھن | نہیں کئی آج مطرب باج رہزن
ادب سوں کوئی تن نیں آج خالی | طنبورے بن، کسے نیں گوشمالی
عدالت کی تری دیک رسم ہور ریت | عجب نیں گر ہوے تو، زہر امریت
اگر بکریاں کوں دیوے شاہ فرماں | لیکر آو نیگے باگاں کوں، بکڑ کاں
کیا توں عدل ایسا آج جگ پر | پھتر کے سنگ سوں شیشے کوں نیں ڈر
تسوں ہمت مجھ گر ٹک جو پایا گا[1] ۲۱۰ | مٹے منگل کوں تل میں گر بڑا گا[2]
مسلسل وصف کے تج سلسلے کوں | ہلانے نیں سکت مجہ حوصلے کوں
صفت میں نیں چلیا دیکہ کر سکت کیں | دعا سوں ختم کیتا، بات[3] کوں میں
جدہاں لگ مہر و چرخ اختری[4] ہے | جدہاں لگ گگن پہ زہرا مشتری ہے
اچھو تجکوں ہمیشہ پادشاہی | مدد ہر دم اچھو تجکوں الٰہی
اچھو تجہ کوں تدہاں لگ تاج ہور تخت | تدہاں لگ تجہ اچھو اقبال ہور بخت

---

[1] ناگا۔ د [2] کراگا۔ د [3] باب۔ ا [4] اخضری۔ ج

در بیان آواز دادن ہاتف

کرم ہور فضل تے حق کے ہنرمندی کو اپڑیا ہوں

کیا اس کی عنایت کے سخن یو درافشانی؟

منجے یک دن دیا یوں ہاتف آواز ۔۔۔ پرت کی داستاں کے اے سخن ساز

سخن کا آج ہو کر تو گہر سنج ۔۔۔ سخن[۱] کا کھولتا نیں کیا سبب گنج

جگت کوں کے سناتا نیں ہے باتاں ۔۔۔ شکر پر گئی توں لکھتا نیں براتاں

تری گفتار سوں عالم مٹھا کر ۔۔۔ دے تیرے صنع[۲] کا سب کس کوں شکر

سخن[۳] کے پھول کی تاثیر تے توں ۔۔۔ معطر کر جگت یک دھیر تے توں ۲۲۰

خوشی سوں آ خوشی کی بات پر آج ۔۔۔ توں کاناں کو جگت کے عید کر آج

سخن کوں فہم سوں کرتا ہے توں خوب ۔۔۔ سلاست[۴] بات کا دھرتا ہے توں خوب

سخن کوں توں سنگارن جانتا ہے ۔۔۔ سخن کوں تیرے ہر گئی مانتا ہے

سخن کا طرز تجہ آتا ہے تازا ۔۔۔ سخن کا سٹ توں عالم میں آوازا

---

۱ بچن ۔ د ۔ ۲ طبع ا شعر د ۔ ۳ بچن ۔ د ۔ ۴ سلابت ا ۔ صلابت د ۔

دنیا میں کر لے توں یک ناؤں اپنا — ہنر کے کام سوں یک ناؤں اپنا

سمجھ کر دیک توں دنیا کے شہ کوں — کہ چھن میں دیوے چھن میں چھین لیوے

عجب کچھ اس زمانے کے ہیں چالے — اہے گا ہے میٹھے گا ہے کسالے

فلک کے نیں ہے کچھ حیلے سو چارا — کُئی اس کے ہات تھے جاسے نہ سارا

جو دنیا ہر کسی سوں کی ہے یاری — وو دیکھے لگ زمیں سوں پھر کو ماری

زمانہ کس کو نیں کھو بچیا سو نیں ہے — ۲۳۰ کئی اب لگ حد تلک پونچیا سو نیں ہے

فلک ہر کس کے تیں جو بھار لایا — سو آخر غم کے دریا میں ڈوبایا

توں کسریٰ نیں جو رہے تیری عدالت — توں حاتم نیں جو رہے تیری سخاوت

نہیں ہے توں وو ابراہیم ادہم — کہینگے زہد میں تج کوں مقدم

توں رستم نیں جو تیری داستاناں — پڑیں ہر بزم میں شہ نامہ خواناں

بھلا وو ہے توں اپنا یادگار آج — دنیا میں ہر سند کر آشکار آج

خدا تج کوں دیا ہے فہم عالی — سخن کے تج کوں بخشا ہے لوالی

تجے معلوم ہے سارے صنایع — نکو اوقات کر توں اپنا ضایع

لہ ج۔ ندارد۔ لہ تیرا۔ ا۔ لہ کہیں گے۔ ا۔ لہ گیاں۔ ب۔

اچھا تھا[۱] خوب یک تازا حکایت   اچھے گا عشق کا جس میں روایت

بساطیں[۲] جو حکایت فارسی ہے   محبت دیکھنے کی آرسی ہے

کہاں[۳] مشکل عبارت کس کوں سمجتا   ۲۴۰ عبارت سب کسے وو نیں سمجتا

تجے ہے فارسی میں دستگہ[۴] آج   نہ کر ہے ترجمہ بھی کوئی تجہ باج

اسے ہر کس کے تیں سمجا کو توں بول   دکھن کی بات سوں ہتریاں کو کہ کھول

کہ اس میں سربسر مل یار سوں یار   کرے سو ہے پرت کا گرم بازار

سراسر عشق کے ہیں اس میں راز ان   کئے سو[۵] عشق بازی عشق باز ان

اول تے عشق سوں تھا دل پہ آزار   دیا تھا سور کوں سینے منے ٹھار

یکایک جوں کہ یو باتاں کیا گوش[۶]   سو مار یا شوق کا دریا و میں جوش

لگے پڑنے کوں موتیاں بھار دل تے   لگے ہونے کوں فاش اسرار دل تے

زباں سوں دو[۷] گہر یک ایک لے لے   پرو یا نر ملے موتیاں کے جھیلے

پڑے دیکھ ہات میں میرو ولالی   بجایا بات کی عالم میں تالی

---

۱ اب۔ د۔ ۲ بساطی کی۔ ج ۳ ج۔ یں شعر نہیں ہے۔ د۔ یں مصرعِ اول مؤخر ہے۔

۴ دسترس۔ د۔ ۵ کرے سو۔ د۔ ۶ مرا یار۔ د۔ ۷ سراسر۔ د۔ ۸ ٹیک ٹیک موتیاں گوں لے لے۔ ا۔

لگا کر طبع کی موتیاں سوں ڈورا ۲۵۰ بچن کا جگ منے مار یا ڈھنڈورا

زباں سوں خوب نکلیا دیک کر فال ولایت پر سخن کی میں گیا چال

علم کوں بات کے انچا اچایا اپس کی طبع کی زوری دکھایا

نہ تھا جس ٹھار بل بھرنے کوں تازی کریا اس ٹھار میں چوگان بازی

بکٹ چلنے کوں جاں مشکل دس آیا سو اس جاگے منے منگل چلایا

کہے تیوں کام کرنا میں ہے آساں یہی ہے گوے ہور ہے ییچ میداں

طبیعت میں اپس کی دیک صافی کیا ہر بیت میں، میں موشگافی

پرت کے باغ کی لے باغبانی بساطیں کی کیا میں ترجمانی

دیا ہر ٹیک صفحا جوں حسن ہو لگیا یو نظم جوں کے پھول بن ہو

داستانِ پھول بن

صفا دار اس کے دیک ہر یک چمن میں رکھیا ہوں ناؤں اس کا پھول بن میں

اتھا تاریخ تو لایا یہ گلزار ۲۶۰ اگیارہ سو کوں کم تھے بیس پر چار
۱۰۷۶ھ

لے پویں۔ د۔ ٹے ج۔ ندارد۔ ٣ بساطی۔ ا۔ ٤ سو۔ ج۔ ۵ تس کا۔ ا۔ عہ عنوان از۔ ا۔

خدا کے پاس منگ ہمت بلندی — نزاکت سوں کیا یں نقشبندی

لے استاداں کنے تے معذرت منگ — کریا وہیں بولنے کا نظم آہنگ

کہاں کر نے سکت مشکل کشائی — کروں یا رے طبیعت آزمائی

صفت کنچن پٹن کی ہے دھری جو گرد بستی وو

سکل روئے زمیں میں کیں نہ تھا اس شہر کا ثانی

جو کئی ہے باغباں اس پھول بن کا — چمن لایا ہے یوں تازہ سخن کا

کنے یک شہر مشرق کے کدھیں تھا — کہ اس کا نانوں سوں کنچن پٹن تھا

حصار اس کا تھا دریا کے کنارے — دسے خندق ہو دریا تس بندہارے

کنچن کا خوب اسے جو گرد تھا کوٹ — کنچن پورہ کو اس کنچن کی تھی کوٹ

کنچن کے تس اوپر نو بیاں زنبورے — کنچن بُرجاں پو کنچن کے کنگورے

کنچن کے تھے کنگرے کنچن کی تھی گچ — کنچن کوں گال باندے تھے کنچن برج

کنچن کے تھے محل کنچن کی دیوار ۲۷۰ — کنچن پر پھر کنچن لیپے تھے ہر بھار

کنچن کے تس اوپر توپ ضرب زن — کنچن کے مغربیاں تھے ہور فلاخن

لے کریا۔ اوج۔ لے میں۔ ج۔ لے کوں۔ ج۔ لے د۔ لے عنوان از د۔

کنچن کی تھی زمیں کنچن کے جھاڑاں   گھراں کنچن کے کنچن کے کواڑاں

جدھر دیکھے بی کنچن تھا کنچن تھا   اسی تے ناؤں اس کنچن پٹن تھا

تتے اونچے تھے اس گھر کے دیواراں   النگ ناسک رہے تھے وا ابھالاں

کدھیں بارا جو چڑنے اس پو جاوے   ہو ماندا دم میں آ چڑنے نہ پاوے

منگے سورج جو ہونے کاند تے بھار   تو لگتے تھے النگنے اس کوں دو بار

جو ہوے جب سُرج اس کاند تے بھا   دسے تب رات کے عالم میں اندکا

گگن کے تل کہیں ایسا شہر نادر   نہیں دیکھے تھے انکھاں کے مسافر

گر اس پہنائی کوں جاوے جو پانی   کرے دو چار منزل درمیانی

حصار اس کا دریا کے تھا کنارے   ۲۸۰ دیسے خندق ہو دریا نس بھنڈارے

زمیں پر شہر بھی ایسا ہے گر کہیں   کسی کاناں کے جا سو سانسنے نیں

عجب تاثیر تھا واں کی ہوا کا   سدا ہنگام تھا نشو و نما کا

سُکی لکڑی اگر کُئی لا گو گاڑے   دو لکڑی سبز ہو شاخاں کو کاڑے

بکھیرے تو زمیں پر واں کے کانٹے   دو پھُٹ تے تھے ہو کر پھولاں کے بھانٹے

۱؎ النگے ہو رہے تھے۔ ج و د۔ ۲؎ بار۔ د۔ ۳؎ انکھیاں۔ ا و د۔ ۴؎ تھے پھُٹتے پل میں پھولاں کے ہو بھانٹے۔ د

محلاں[1] میں چتر، گر کُئی لکھاوے	چتر حرکت میں وو در حال آوے
وہاں چشمے جو نکلے تھے زمیں تے	مٹھائی میں مٹھے تھے انگبیں تے
اگر یک قطرہ کُئی اس نیر کا لے	جو از مانے کے تئیں دریا میں ڈالے
تو اس تاثیر[2] تے سمدور کھارا	عجب نیں تھا میٹھا ہوے تو سارا
سدا خوش حال تھے سب لوگ واں کے	تھے خاطر جمع، واں کے ساکناں کے
ولاں کے آہواں سب کے سدا کال ۲۹۰	جفا کے تیر سوں تھے فارغ البال
جتا لیوے پیے[3] عشرت کم نہ تھا واں	اتھا سب کچھ ولے یک دکھ[4] نہ تھا واں
عجب کچھ فیض تھا واں آسمانی	بُڈے پاتے تھے پھر تازہ جوانی
خوشی کا میگ اچھے[5] جم واں برستا	اتھا[6] اس دھات سوں وو شہر بستا

دیکھو اس شہر کے شہ میں اتھی لس دن وو خاصیت
یکے آداب اسکندر دگر ادراک لقمانی

اتھا اس شہر کا اک نامور شاہ | شکھن[7] سلطنت کے برج کا ماہ

